فَصیحِ عَرب حَضرت مُحمّدؐ کے بِیش بہا وگِراں قَدرفَرامِین

نَہجُ الفَصَاحَہ

انتخاب:

مَظہرحُسین ہَاشمی

فصیح عِرب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیش بہا اور گراں قدر فرامین

نَهجُ الفَصَاحَہ

اِنتخَاب: مَظہر حُسین ہَاشمی

نام کتاب:	نہج الفصاحہ
انتخاب:	مظہر حسین ہاشمی
مصنف:	ابوالقاسم پائندہ، لبنان
ترجمہ:	سید ذوالفقار علی زیدی
صفحات:	294
قیمت:	400 روپے
کمپوزنگ:	اُسوہ گرافکس، اِسلام آباد
تصحیح وتزئین:	زینب فاطمہ، محمد تقی
تاریخ اشاعت:	27 مارچ، 2021ء

ناشر

اِبنَاک رِیسرچ آکیڈمی، اِسلام آباد

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَنَا اَفْصَحُ الْعَرَبِ۔ مَیں عرب کا فصیح ترین فرد ہوں۔

اِنتساب

وَجۂ کائنات
شافعئ مَحشر
ساقئ کَوثر
رَحمَتَ اللعَالِمین
خُلقِ عَظِیم کے مَالک
اور
عِلم کے شہر
مُحمدِ مُصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کی طرف سے متعین راستے پر چلنے کیلئے زندگی میں قدم قدم پر رہنمائی، نصیحت اور تلقین کی ضرورت پڑتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت اِنسان کی اِسی رہنمائی اور یاد دہانی کیلئے ایک لاکھ سے زیادہ پیغمبر، رسول اور نبی بھیجے۔ اِسی سلسلہ کے آخر میں رسولِ اسلام کو مبعوث کیا گیا جو تاقیامت کائناتِ عالم کے انسانوں کی رہنمائی کا عظیم منبع و ماوا ہیں۔

آپؐ کی حیات کا کوئی پہلو ایسا نہیں جو قابل عمل اور قابل تقلید نہ ہو۔ آپؐ کی ذاتِ مبارکہ ایسی ہمہ جہت شخصیت ہے کہ تاریخ عالم مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ تاریخ عالم کے نامور سپوتوں نے جو کارہائے نمایاں سرانجام دئیے، وہ کسی ایک نقطہ یا کسی ایک پہلو سے نمایاں ہوئے۔ مگر عالمی تاریخ ایک ہستی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شخصیت و کردار سے اُنگشت بدنداں ہے کہ کوئی بھی آپؐ کا ہمسر نہیں۔ آپؐ کی شخصیت کے جتنے پہلو ہیں، اپنی مثال آپ ہیں۔

آپؐ گفتگو فرماتے ہیں تو آئین جہاں رقم ہوتا ہے۔
خاموش رہتے ہیں تو حکمت و دانائی کے چشمے پھوٹتے ہیں۔
چلتے ہیں تو فتح و نصرت کے جھنڈے گاڑتے جاتے ہیں۔
رُکتے ہیں تو محبتوں کے پھول کھِل اُٹھتے ہیں۔
راست بازی کا اِتنا بلند معیار کہ کافر -- امین اور صادق کے لقب سے پکارتے ہیں۔
آپؐ جب حجتہ الوداع کا خطبہ فرماتے ہیں -- تو حقوقِ انسانی کا چارٹر مرتب ہو جاتا ہے۔

آپؐ کا بچپن معصوم
آپؐ کی جوانی بے عیب
آپؐ کی حیات بے داغ
آپؐ کا ہر پہلو حیاتِ مکتب
آپؐ کی ہر بات ایک اصول
آپؐ کا ہر لفظ ایک داستان
آپؐ کا ہر قدم ایک منزل
آپؐ کا سفر، سفرِ جہاں
آپؐ کا قیام، مرادِ حیات
آپؐ کا وجود، فخرِ کائنات
آپؐ کی بشریت، آبروئے اِنسانیت
آپؐ کی نبوت، رہبرِ عالم

آپؐ کا ہر قول، حدیث | آپؐ کا ہر عمل، سُنت
آپؐ کی خلوت، خود آگاہی | آپؐ کی جلوت، خدا آگاہی
آپؐ کا وجود، برہانِ الٰہی | آپؐ کی ہستی، آئینہ ربانی

سادگی میں وہ جمال کہ حُسنِ جہاں ماند پڑ جائے--
عناصرِ فطرت پہ ایسی دسترس کہ اُنگلی کے اشارے سے چاند دو ٹکڑے ہو جائے۔
فیضانِ نظر ایسا کہ ساربان، حاکم بن جائیں اور صحرا نشین، فارس و روم کے فرماں روا ٹھہریں۔
وہ دانائے راز کہ حیات کے نہایت پیچیدہ اور دقیق مسائل کا آسان اور فطری حل پیش کیا۔
غنی ایسے کہ کبھی اُن کے در سے کوئی خالی نہ گیا اور زمانہ گواہ ہے کہ درِ مصطفیٰؐ سے آج بھی سائل دامن بھر بھر کر لوٹ رہے ہیں۔
اِنسانیت سے محبت اور احترام کا یہ عالم ہے کہ روزانہ کوڑا کرکٹ پھینکنے والی عورت کی عیادت کیلئے اُس کے گھر تشریف لے جاتے ہیں۔
قناعت پسندی میں وہ مقام کہ اللہ اللہ-- پیراہن پر پیوند لگے ہیں اور آقائے دو جہاںؐ خود اپنے ہاتھوں سے پیوند لگا رہے ہیں۔
محمد مصطفیٰؐ کی جان کے درپے کفارِ مکہ بھی اپنی امانتیں آپؐ امین کے ہاتھوں میں محفوظ سمجھتے ہیں اور ربِ کائنات نے بھی اپنی عزیز ترین متاع اور مخلوق، انسان کی رہبری کی امانت بھی آپؐ امین کو سونپ دی۔
شعبِ ابی طالبؑ کے وہ کربناک اور پُر ازم مصائب و آلام کے تین سال بھی آپؐ کے پائے اِستقلال میں لغزش نہ لا سکے حتیٰ کہ دیمک کو عہد نامۂ عدمِ وفا چاٹنا پڑا۔
دُور اندیشی اور معاملہ فہمی کی یہ حالت کہ صلح حدیبیہ کے وقت دشمن خوش ہو رہے ہیں اور اپنے بیتاب و بے قرار ہیں۔ مگر کچھ عرصے کے بعد اپنے عش عش کر اُٹھتے ہیں اور اغیار ہاتھ مَلتے رہ جاتے ہیں۔
زبان مبارک سے نکلنے والے الفاظ اتنے شیریں اور پُر تاثیر کہ کفارِ مکہ اِس خدشہ کے پیشِ نظر آپؐ کی بات نہیں سنتے کہ مبادا شیریں گفتار کے زیرِ اثر اِسلام قبول نہ کر بیٹھیں۔
سیرتِ نبوی، پیغامِ ربانی کی عملی تفسیر تھی اور جو قرآنی آیات بذریعہ وحی آپؐ پر نازل ہوئیں، آپؐ

نے اُن پر من و عن عمل کر کے دکھایا۔ اِس طرح حیات طِیبہ مسلمانانِ عالَم کیلئے ایک عملی نمونہ قرار پایا اور جو بات یا معاملہ قرآن کی آیات سے عیاں نہ ہو-- وہ سیرتِ محمدؐ سے باوضاحت معلوم کیا جاسکتا ہے۔

آپؐ نے رُشد و ہدایت کے وہ سر چشمے جاری کئے جو روکے نہ رُکے، اور نورِ ہدایت -- جہان رِنگ و بُو کے کونے کونے میں پھیل گیا۔

تاریخ ِجہاں کو ایسا سپوت نصیب ہوا کہ بڑے بڑے حکماء فضلا اِس عظیم ہستی کی عظمت اور پاکیزگی کے بارے میں رَطب اللسان ہوئے اور آج تک بڑے بڑے عالم آپ کی شان میں قلم اُٹھا کر اپنی بہتری اور بخشش کا سامان کر رہے ہیں۔

فلک ِپیر نے ایسی لاجواب شخصیت نہیں دیکھی ہوگی جس کے اوصاف حِمیدہ -- بےنظیر، بے مثال اور بے شمار ہوں۔ جو دوستوں اور دشمنوں کیلئے رحمت اور ابر ِکرم ہو۔ جو عفوو درگزر کا قومی پیکر ہو۔

دُنیا کے شہنشاہ آپؐ کے قدموں کی مٹی سر پر ڈالنا فخر سمجھتے ہیں۔ اَولیاء اور پارسا آج بھی اُس خاک کو چومتے ہیں اور آنکھوں کا سرمہ بناتے ہیں جس پر آج سے تقریباً 1450 سال پہلے آپؐ کے قدم مبارک پڑے تھے۔ اِسی لئے علامہ اقبال سے نہ رہا گیا اور وہ وجد میں کہہ بیٹھے

خِیرہ نہ کرسکا مجھے جلوہء دانش فرنگ ۔۔۔۔ سُرمہ ہے میری آنکھ کا خاک ِمدینہ و نجف

وجہءِ کائنات، شافعِ محشر، ساقی کوثر، شہرِ علم اور رحمت اللعالمین ﷺ کے آستانے سے بے حدو بے حساب فیض، نظرِ کرم اور برکات وعنایات حاصل کرنے کیلئے "نہج الفصاحہ" سے احادیث کا انتخاب کر کے قلمی گداؤں میں اپنا نام لکھوانے کی جسارت کی ہے۔ اُمید ہے آلِ اطہر علیھم السلام کے صدقے آپ ﷺ خصوصی لطف و کرم فرمائیں گے۔

مظہر حسین ہاشمی

ریسرچ آفیسر
پی ای سی، اسلام آباد

فرمانِ اِلٰہی

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۞

اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو تمہیں دے دیں وہ لے لو اور جس سے روک دیں اُس سے رُک جاؤ۔

(سورۃ حشر-7)

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
منافق کی تین علامات: جب بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے، جب وعدہ کرتا ہے تو خلاف ورزی کرتا ہے اور جب امانت دی جاتی ہے تو خیانت کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم کسی مومن کے قاتل کی توبہ قبول نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم کسی بدعتی کے عمل کو قبول نہیں کرتا مگر یہ کہ وہ اِس بدعت کو چھوڑ دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
گستاخی کے مقابلے میں برُدباری اور محروم کرنے والے کو عطا کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے ہاں بلند مقام حاصل کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو تمہاری طرف دوستی کا ہاتھ بڑھاتا ہے تم اُس کے ساتھ دوستی کرو کیونکہ ایسی دوستی پائیدار ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صدقہ کی ابتدا اپنی ذات سے کرو اگر کچھ بچ جائے تو اُسے اپنے اہل وعیال پر خرچ کرو اگر اُس کے بعد بھی کچھ بچ جائے تو اپنے اقرباء پر خرچ کرو اگر اَقرباء سے بھی کچھ بچ جائے تو پھر دوسروں کو دے دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے اپنے بندے کی روزی ایسی جگہ سے پہنچاتا ہے جہاں سے (پہنچنے) کا گمان بھی نہیں ہوتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(صدقہ کی) وہیں سے اِبتدا کرو جہاں سے خدا تعالیٰ نے اِبتدا کی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں تمہیں خوشخبری دیتا ہوں اور تم اپنے بعد والوں کو خوشخبری دو کہ جس کسی نے سچے دل سے "لا الہ الا اللہ" کہا وہ جنّت میں داخل ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمام حلال چیزوں میں سے ناپسندیدہ ترین چیز اللہ تعالے کے ہاں طلاق ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ ترین شخص وہ ہے جو جھگڑالو ہے اور ہٹ دھرمی کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے کے ہاں اُس کے بندوں میں سے ناپسندیدہ ترین بندہ وہ ہے جس کے کپڑے اُس کے عمل سے اچھے ہوں یعنی اُس کا لباس تو انبیاءؑ جیسا ہو اور عمل جابر لوگوں جیسا ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کمزوروں کو میرے پاس لاؤ کیونکہ تم کمزوروں کی برکت سے رِزق کھاتے ہو اور کمزوروں کی وجہ سے تمہاری مدد ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اے فرزند آدمؑ! تم اپنے پروردگار کی اطاعت کرو تا کہ تم عاقل کہلاؤ اور نافرمانی مت کرو کہ تمہیں جاہل کہا جائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اے فرزند آدمؑ! جب تک تمہارا جسم صحت و سلامتی کے ساتھ ہو، خیالات پراگندگی سے محفوظ ہوں اور ایک دن کے اخراجات بھی موجود ہوں تو ساری دُنیا تمہارے لئے ہیچ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اے فرزند آدم! تُو کم پر قناعت نہیں کرتا اور زیادہ سے تُو سیر نہیں ہوتا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جبریلؑ میرے پاس آئے اور کہا اے محمدؐ جیسے چاہو زندگی گزارو انجام کار مرنا ہے۔ جیسے چاہو محبّت کرو انجام کار جدائی ہے، جو چاہتے ہو عمل بجالاؤ کیونکہ تمہیں اُس کی جزا ملے گی اور جان لو کہ مومن کی شرافت راتوں کی نماز میں ہے اور اُس کی عزّت لوگوں سے بے نیازی میں ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
میرے پاس جبریلؑ آئے اور کہا کہ اپنی اُمت کو بشارت دو کہ جو اِس حالت میں مر جائے کہ شرک نہ کرتا ہو تو وہ جنّت میں داخل ہوگا۔ مَیں نے پوچھا جبریلؑ! اگر وہ چوری کرتا ہو اور زِنا کرتا ہو؟ تو اُنہوں نے کہا ہاں چاہے وہ شراب بھی پیتا ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کیا تم یہ گمان کرتے ہو کہ زیادہ وزنی پتھر اُٹھانے والا طاقتور ہے۔ طاقتور وہ ہے جو اپنے شدید غصّے پر قابو پائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
فقراء کے ساتھ دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ کیونکہ یہ لوگ قیامت کے دن بہت بڑی دولت کے مالک ہوں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیا تمہیں معلوم ہے کہ چغل خوری کیا ہے؟ کسی کی باتوں کو دوسروں کے سامنے کہہ کر اُن کے درمیان فساد پھیلانے کی کوشش ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے مقصد باتوں سے پرہیز کرو، اِتنی باتیں کافی ہیں جو تمہارے مقصد کو پورا کریں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُنیا کو اُن کے اہل کیلئے چھوڑ دو کیونکہ جو بھی دُنیا میں ضرورت سے زیادہ لیتا ہے گویا نہ جانتے ہوئے اپنی ہلاکت کی کوشش کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنی ہر تنگی اور فراخی میں خدا تعالیٰ سے ڈرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ سے ڈرو اور کسی بھی نیک کام کو حقیر مت جانو، چاہے یہ نیکی صرف اِس قدر ہو کہ اپنا ڈول پیاسے کے برتن میں انڈیلو یا اپنے دینی بھائی کے ساتھ خندہ پیشانی کے ساتھ پیش آؤ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورتوں کے بارے میں خدا تعالیٰ سے ڈرو کیونکہ یہ تمہارے پاس اسیر ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم جہاں کہیں بھی ہو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ہر گناہ کے بجالانے کے بعد نیکی بجالاؤ جو اُسے مٹا دے اور لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آؤ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مظلوم کی بدعا سے ڈرو کیونکہ یہ آسمان پر چنگاری کی طرح (جلدی) بلند ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مظلوم کی بدعا سے بچے رہو چاہے وہ کافر ہی کیوں نہ ہو کیونکہ مظلوم کی بددعا میں کوئی پردہ حائل نہیں ہوتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اپنی اِصلاح کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُنیا سے ڈرو اور عورتوں سے بچے رہو کیونکہ شیطان اپنی کمین گاہ میں گھات لگائے بیٹھا ہے اور پرہیزگاروں کیلئے اُس کے داموں میں سے کوئی بھی عورت کی مانند نہیں جس پر وہ شیطان اعتماد کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ظلم کرنے سے بچتے رہو کیونکہ ظلم قیامت کے دِن کیلئے ظلمت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کوڑھ کے مریض سے (ایسے) بچو جیسے درندے سے بچتے ہو جب وہ ایک وادی میں اُترے تو تم دوسری وادی میں نکلو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دو افراد کی نماز اُن کے سر سے بلند نہیں ہوتی ایک تو وہ غلام جو اپنے مالک کے پاس سے بھاگ گیا ہو اور دوسری وہ عورت جو شوہر کی نافرمانی کرے مگر یہ کہ واپس پہنچ جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت کے دن اللہ تعالے دو آدمیوں کی طرف نظر نہیں کرے گا ایک تو قاطع الرحم اور دوسرا بُرا ہمسایہ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک سے دو بہتر ہیں، دو سے تین بہتر ہیں اور تین سے چار بہتر ہیں ، ہمیشہ جماعت کا ساتھ دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فرزندِ آدم دو چیزوں کو ناگوار سمجھتا ہے ایک تو موت جب کہ موت اُس کے فتنہ سے بہتر ہے اور وہ مال کی کمی کو ناگوار سمجھتا ہے جب کہ مال کی کمی کی وجہ سے اُس سے حساب کم لیا جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دو چیزوں کی جزا خداوند عالم اِسی دنیا میں بہت جلد دیتا ہے، باغی اور والدین کا عاق۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شراب سے پرہیز کرو کیونکہ یہ تمام برائیوں کی چابی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تکبّر سے پرہیز کرو کیونکہ جب بندہ تکبّر کرنے لگتا ہے تو خداوند عالم حکم دیتا ہے کہ اِس کا نام خود پسندوں میں لکھ دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر نشہ آور چیز سے پرہیز کرو۔

فرمان رسول خداؐ
غصّے سے بچے رہو۔

فرمان رسول خداؐ
تم میں سے جو قسم کھانے میں جری ہے وہ تم سب سے زیادہ جہنم کے قریب ہے۔

فرمان رسول خداؐ
بتحقیق ہر بادشاہ کی کچھ ممنوعات ہوتی ہیں اور رُوئے زمین پر اللہ تعالیٰ کی ممنوعات محرّمات ہیں۔

فرمان رسول خداؐ
اللہ تعالیٰ کی بزرگی بیان کروتا کہ تمہاری مغفرت کی جائے۔

فرمان رسول خداؐ
دُنیا کے حصول کیلئے اِعتدال کی راہ اختیار کرو کیونکہ ہر کسی کو اُتنا ہی ملتا ہے جو اُس کی قسمت میں لکھا گیا ہے۔

فرمان رسول خداؐ
لوگوں میں سے سے زیادہ بھوکا وہ ہے جو علم کا طالب ہے اور اُن میں جو زیادہ پیٹ بھرا ہے اُسے اِس کی ضرورت نہیں۔

فرمان رسول خداؐ
دعوت کو قبول کرو، ہدیہ کو رَد نہ کرو اور مسلمانوں کو مت مارو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ کے ہاں پسندیدہ اعمال وقت کی پابندی کے ساتھ نماز ادا کرنا، اِس کے بعد والدین کی اطاعت کرنا، اِس کے بعد اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ جگہیں مساجد اور ناپسندیدہ جگہیں بازار ہیں۔ اللہ کے پسندیدہ ترین بندے وہ ہیں جو متقی ہیں اور اپنے تقویٰ کو چھپاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ اعمال وہ ہیں جن کی مداومت کی جائے چاہے وہ بہت تھوڑے ہی کیوں نہ ہوں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دوستی میں اعتدال اختیار کرو ہوسکتا ہے کبھی وہ تمہارا دشمن بن جائے اور دشمن کے ساتھ بھی شدید دشمنی اختیار نہ کرو ہوسکتا ہے وہ کسی دن تمہارا دوست بن جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کچھ اپنے لئے پسند کرتے ہو دوسروں کیلئے بھی وہی پسند کرو تاکہ تم مومن بنو اور اپنے ہمسائیوں کے ساتھ اچھی ہمسائیگی اختیار کرو تاکہ تم مسلمان بنو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے کے ہاں پسندیدہ ترین اعمال یہ ہیں کہ بھوکے کو کھانا کھلایا جائے یا کسی کا قرض ادا کیا جائے یا اُس سے کسی تکلیف کو دور کیا جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فرائض کی ادائیگی کے بعد اللہ تعالے کے ہاں پسندیدہ عمل کسی مسلمان کے دِل کو خوش کرنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زبان کی حفاظت کرنا اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ ترین عمل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین عمل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی خاطر محبّت کی جائے اور اللہ تعالیٰ کی خاطر دُشمنی کی جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے کے نزدیک بہترین جہاد یہ ہے کہ ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہی جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ بات مجھے سب سے زیادہ پسند ہے جو سچّی ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے کے نزدیک پسندیدہ طعام وہ ہے جس کی طرف بہت سارے ہاتھ بڑھیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ کھیل گھڑدوڑ اور تیز اندازی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے کے ہاں پسندیدہ ترین بندہ وہ ہے جس کا اَخلاق اچھا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے کے نزدیک پسندیدہ ترین بندہ وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے بندوں کو زیادہ نفع پہنچائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دوسروں کیلئے وہی پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے گھروں میں سے وہ گھر اللہ تعالے کے نزدیک پسندیدہ ترین ہے جہاں کوئی یتیم ہو اور اُس کی عزّت کی جاتی ہو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اِحْتَرِسُوا مِنَ النَّاسِ بِسُوءِ الظَّنِّ۔ بدگمانی کے ذریعے لوگوں سے محفوظ رہو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مکّہ میں کھانے پینے کی چیزوں کی ذخیرہ اندوزی کُفر ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سامنے تعریفیں کرنے والوں کے منہ پر مٹّی ڈالو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کہیں ایسا نہ ہو کہ نیک لوگوں کے آثار تم میں پائے جائیں اور تم اُس سے خالی ہو (اگر ایسا ہوا تو) تمہیں ریاکاروں کے ساتھ محشور کیا جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سرکشی اور بغاوت سے بچو کیونکہ اِس سے بڑھ کر اور کوئی عمل نہیں جس کی سزا جلد ملتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سب سے بڑا دُور اندیش وہ ہے جو غصّہ پر قابو پاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عالم کی لغزش سے بچے رہو کیونکہ اِس کی لغزش اُوندھے منہ آگ میں ڈال دے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالے کی نعمتوں کے ساتھ اچھی ہم نشینی اختیار کرو۔اُنہیں اپنے سے دُور مت بھگاؤ کیونکہ زائل ہونے کے بعد نعمتیں بہت کم ملتی ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جب تمہیں حکمرانی ملے تو ماتحتوں کے ساتھ حُسنِ سلوک کرو اور اُنہیں معاف کر دیا کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنی زبان اور شرم گاہ کی حفاظت کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنے باپ کی محبّت کی حفاظت کرو اور اُس سے قطع تعلق مت کرو (وگرنہ) خداوند عالم تمہارے نور کو بجھا دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنی بیوی اور کنیز کے علاوہ اپنی شرمگاہ کو چھپاؤ۔ پوچھا گیا جب لوگ ایک دوسرے کے قریبی رشتہ دار ہوں تو بھی؟ فرمایا اگر ممکن ہو تو بہتر ہے کہ اُسے کوئی نہ دیکھے۔ پوچھا گیا اگر کوئی بھی نہ ہو تو (ننگے ہو سکتے ہیں)؟ فرمایا لوگوں سے زیادہ اللہ تعالے سے شرم اختیار کرنی چاہیے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں نے ریشم اور سونا اپنی اُمّت کی خواتین کیلئے حلال کیا اور مَردوں کیلئے حرام۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں اپنے بعد اپنی اُمت کے بارے میں تین چیزوں سے ڈرتا ہوں۔خواہشات کی گمراہی، پیٹ اور شرمگاہ کی خواہشات کی پیروی اور معرفت کے بعد غفلت۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں کو اُن کے میل جول رکھنے والوں کے ذریعہ پہچانو کیونکہ آدمی اپنے جیسے لوگوں کے ساتھ اُٹھتا بیٹھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حکمران کا تحفہ لے لینا ناروا ہے اور جج کا رشوت لینا کُفر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے زیادہ نقصان اُٹھانے والا وہ شخص ہے جس نے اپنی عمر اُمیدوں میں کاٹی اور زمانے نے اُس کا ساتھ نہ دیا۔ یوں اِس طرح وہ دُنیا سے بغیر توشہ کے نکلا اور خداوند عالم کے حضور بغیر کسی حجت کے پیش ہوا۔

فرمان رسول خدا صلى الله عليه وآله وسلم
اپنی اُمت کے بارے میں دوسری تمام چیزوں کی نسبت اِس پر زیادہ سے زیادہ ڈرتا ہوں کہ وہ شکم پرستی، زیادہ سونا، سستی اور یقین کی کمزوری کا شکار ہوں۔

فرمان رسول خدا صلى الله عليه وآله وسلم
اپنے ایمان کو خالص کروتا کہ تمہارا قلیل عمل تمہارے لئے کافی رہے۔

فرمان رسول خدا صلى الله عليه وآله وسلم
اپنے اعمال کو صرف خدا تعالیٰ کیلئے بجالاؤ کیونکہ خداوند عالم اُس عمل کو قبول کرتا ہے جو خلوص کے ساتھ بجالایا جائے۔

فرمان رسول خدا صلى الله عليه وآله وسلم
مَیں اپنی اُمت کے بارے میں زبان دراز منافقوں سے سب سے زیادہ ڈرتا ہوں۔

فرمان رسول خدا صلى الله عليه وآله وسلم
مَیں اپنی اُمت کے بارے میں دو چیزوں سے سب سے زیادہ ڈرتا ہوں: خواہشات کی پیروی اور لمبی اُمیدیں۔

فرمان رسول خدا صلى الله عليه وآله وسلم
اللہ تعالے کے واجبات کو ادا کرو تا کہ لوگوں میں عابد ترین فرد بن سکو اور محرّمات کو ترک کرو تا کہ پرہیزگار ترین فرد بن سکو اور اللہ تعالے کی تقسیم پر راضی رہو تا کہ سب سے بڑھ کر تونگر بن سکو۔

فرمان رسول خدا صلى الله عليه وآله وسلم
قبولیت کا یقین رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگو اور یہ جان لو کہ خداوند عالم غافل دل سے کی گئی دُعاؤں کو قبول نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
میرے پروردگار نے مجھے بہترین ادب سکھایا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جہاں تک ہوسکے مسلمانوں سے سزاؤں کو دور کرو۔کسی حاکم کیلئے سزا دینے میں غلطی کرنے سے بہتر ہے کہ وہ معاف کرنے کی غلطی کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
شک کا فائدہ دے کر سزاؤں کو روک لو اور بزرگوں کی لغزشوں کو معاف کرو مگر حدود شرعی میں سے کوئی حد ہو (تو وہ معاف نہ کرو)۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اہلِ جہنم کیلئے کم ترین عذاب یہ ہے کہ اُنہیں آگ کے جوتے پہنائے جائیں گے جن کی گرمی سے اُن کے دماغ کھول اُٹھیں گے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
موت کی ادنیٰ ترین سختی یہ ہے کہ جیسے تلوار کی سو ضربات لگائی گئی ہوں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب تم میرے پاس کسی قاصد کو بھیجتے ہو تو اچھے نام اور اچھی شکل والے کو بھیجو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اِذَا ابۡتَغَيۡتُمُ الۡمَعۡرُوۡفَ فَاطۡلُبُوۡهُ عِنۡدَ حِسَانِ الۡوُجُوۡهِ۔ اگر تم بھلائی چاہتے ہو تو خوبصورت چہرے والوں کے ہاں تلاش کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اگر تم میں سے کوئی دو مسلمانوں کے درمیان فیصلہ کرنے سے دو چار ہو جائے تو غصّہ کے وقت فیصلہ کرنے سے پرہیز کرے۔ مدّعی اور مدّعا علیہ کو دیکھنے، اشارہ کرنے، یا جگہ پر بٹھانے میں مساوات قائم رکھے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب تمہارا نوکر تمہارے لئے کھانا لائے تو جسے اُس نے تیار کیا ہے اور اُس پر دُھواں لگا ہے تو اُسے اپنے ساتھ کھانے میں بٹھا لو یا ایک دو لقمے اُسے کھلا دو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب تمہارے پاس اللہ تعالے کی کوئی نعمت ہے تو اُس کے اثرات ظاہر ہونے چاہئیں جو اللہ تعالیٰ کی ایک مہربانی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب کوئی شخص اپنے دین اور خُلق میں قابل قبول ہے تو اُسے رشتہ دو ورنہ رُوئے زمین پر فتنہ وفساد پیدا ہوگا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اگر تمہارے پاس کوئی سائل آجائے تو اُس کے ہاتھ پر کچھ رکھو چاہے وہ جلا ہوا ایک کھُر ہی کیوں نہ ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب کسی قوم کا سردار تمہارے پاس آئے تو اُس کی تکریم کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جب تمہارے ہمسائے تمہاری نیکوکاری کی گواہی دیں تو تم نیکوکار ہو اور اگر تمہارے ہمسائے تمہیں گناہگار بتائیں تو تم گناہگار ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جب پُل صراط پر عالم اور عابد اکٹھے ہوں گے تو عابد سے کہا جائے گا جنّت میں داخل ہو جاؤ اور اُس کی نعمتوں سے فیض اُٹھاؤ۔ اور عالم سے کہا جائے گا کہ یہیں رُک جاؤ اور اپنے دوستوں کی شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی۔ اُس وقت عالم پیغمبروںؑ کے مقام پر کھڑا ہو گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جب ایک وقت میں دو آدمی تمہیں دعوت دیں تو قریب والے کی دعوت قبول کرو کیونکہ وہ گھر سے نزدیک ہونے کی وجہ سے ہمسائیگی میں بھی قریب ہے لیکن اگر کسی نے پہلے دعوت دی ہے تو اُسے قبول کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

خدا تعالیٰ جب کسی بندے سے محبّت کرتا ہے تو اُسے اِبتلا (مصیبت) میں ڈالتا ہے اور جب اُسے مکمل دوست پاتا ہے تو اُسے اپنا خاص بنا لیتا ہے۔ پوچھا گیا کہ کس طرح اُسے اپنا خاص بناتا ہے۔ فرمایا کہ اُس کے مال اور اولاد میں سے اُس کیلئے کچھ نہیں رکھتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

اللہ تعالے جب بندے کو دوست رکھتا ہے تو دُنیا کو اُس سے روکے رکھتا ہے جیسا کہ تم لوگ اپنے مریضوں کو پانی پینے سے روکے رکھتے ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
اللہ تعالے جب کسی بندے کو دوست رکھتا ہے تو اُسے اِبتلا (آزمائش) میں ڈالتا ہے تا کہ اُس کی آہ وزاری سنے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
اللہ تعالے جب کسی بندے سے محبّت کرتا ہے تو فرشتوں کے دِلوں میں اُس کی محبت ڈال دیتا ہے اور جب کسی کو دشمن رکھتا ہے تو فرشتوں کے دِل میں اُس کی نفرت ڈال دیتا ہے۔ اِس کے بعد لوگوں کے دِلوں میں بھی اُس کی دشمنی پیدا کر دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جب تم میں کسی کو کوئی بھائی پسندیدہ لگے تو اُس کے علم میں لانا چاہیے تا کہ وہ اُلفت کو باقی رکھنے کی کوشش کرے اور محبّت میں ثابت قدم رہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
اگر کسی آدمی کے ساتھ تمہاری دوستی ہے تو اُس کے ساتھ جھگڑا مت کرو اور نہ اُس کے بارے میں کسی سے کچھ پوچھو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ اُس کے بارے میں ایسی کوئی بات بتا دیں جس سے دونوں میں جدائی ہو جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جب تم یہ جاننا چاہو کہ کسی بندے کا خدا تعالیٰ کے ہاں کیا مقام ہے تو یہ دیکھو کہ لوگ اُس کے پیٹھ پیچھے اُس کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جب اللہ تعالے کسی بندے کے بارے میں بھلائی چاہتا ہے تو اُسے دین کی سمجھ عطا کرتا ہے، دُنیا میں اُسے زُہد کرتا ہے اور اُسے اُس کے عیوب سے آگاہ کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے جب کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو لوگوں کو اپنی حاجات میں اُس کے پاس بھیجتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے جب کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اُسے دُنیا میں جلد سزا دیتا ہے اور جب اللہ تعالے کسی بندے کی بُرائی چاہتا ہے تو اُس کے گناہوں کی سزا روکے رکھتا ہے یہاں تک کہ قیامت میں اُسے پوری پوری سزا ملے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب اللہ تعالے کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اُس کے دِل کی گرہوں کو کھولتا ہے اور اُس میں یقین پیدا کرتا ہے اور اُس کے دِل کو اُس کے کردار کے بارے میں ہوشیار رکھتا ہے۔اُس کے دِل کو فرمانبردار اور زبان کو سچائی عطا کرتا ہے۔اُس کے اَخلاق کو درست کرتا ہے، کانوں کو شنوائی اور آنکھوں کو بینائی عطا کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے جب کسی گھر کے باسیوں کیلئے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اُنہیں دین کی سمجھ عطا کرتا ہے، اُس سے چھوٹے بڑے کی عزّت کراتا ہے، اُن کے معاش میں آسانی پیدا کرتا ہے، اخراجات میں میانہ روی دیتا ہے، اُنہیں اُن کے عیوب سے آگاہ کرتا ہے جس سے وہ توبہ کرتے ہیں۔جب اِس کے علاوہ کوئی اور ارادہ کرتا ہے تو اُنہیں ڈھیل دے کر چھوڑ دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے جب کسی قوم کی بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اُن کی عمریں بڑھا دیتا ہے اور اُنہیں شکر کرنے کا اِلہام کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوندعالم کسی قوم کارزق بڑھانا چاہتا ہے تو اُنہیں چشم پوشی اور پاکدامنی عطا کرتا ہے اور جب کسی قوم کے رزق کو کاٹنا چاہتا ہے تو اُن پر خیانت کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوندعالم جب کسی ملت کی بھلائی کاارادہ کرتا ہے تو اُن کے بُردبارلوگوں کوحکمرانی دیتا ہے، اُن کے درمیان علماء فیصلے کرتے ہیں اوراُن کے اموال کو اُن کے سخی لوگوں کے پاس رکھتا ہے اور جب خدواندعالم کسی قوم کی برائی چاہتا ہے تو اُن کے بے ہودہ لوگ حاکم بنتے ہیں، جہلا فیصلے کرتے ہیں اور دولت اُن کے بخیلوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اللہ تعالے جب کسی گھر کے باسیوں کی بھلائی کاارادہ کرتا ہے تو اُن کے درمیان نرمی اور مدارات پیدا کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا تعالیٰ جب کسی بستی کو ہلاک کرنے کاارادہ کرتا ہے تو اُن میں زِنا کو عام کردیتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اللہ تعالے جب کسی بندے کی بھلائی کاارادہ کرتا ہے تو اُسے اپنے نفس کا واعظ بناتا ہے جسے وہ حکم کرتا ہے اور منع کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اللہ تعالے جب کسی بندے کی بھلائی کاارادہ کرتا ہے تو اُسے اُس کی موت سے پہلے پاک کرتا ہے۔ پوچھا گیا کہ بندے کی پاکیزگی کیا ہے؟ فرمایا کہ اُسے نیک کام کا اِلہام کرتا ہے اور اِسی دوران اُس کی روح قبض کراتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
اللہ تعالے جب کسی بندے کی بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اُسے نیند میں سرزنش کرتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
خداوندعالم جب کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اُسے کام میں لگالیتا ہے پوچھا گیا کہ کام میں لگانے سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: اُس کیلئے اعمالِ صالحہ کادوازہ کھولتا ہے، اِسی دوران اُس کی موت آتی ہے اور اُس سے راضی ہوجاتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
اللہ تعالے جب کسی بندے کے بارے میں بھلائی چاہتا ہے تو اُس کے معاش میں کشائش اور آسانی پیدا کرتا ہے اور جب اُس کے بارے میں برائی چاہتا ہے تو اُس کے معاش میں سختی کرتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
اللہ تعالے جب کسی بندے کے بارے میں بھلائی چاہتا ہے تو حق شناس لوگوں سے اُس کا میل جول پیدا کرتا ہے اور جب اللہ تعالے برائی چاہتا ہے تو ناحق شناس لوگوں سے اُس کا سامنا کراتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
اللہ تعالے جب کسی بندے کے بارے میں بھلائی چاہتا ہے تو اُس کے نفس میں بے نیازی پیدا کردیتا ہے اور اُس کے دِل میں تقویٰ رکھ دیتا ہے اور جب ایک بندے کی برائی کا ارادہ کرتا ہے تو ہر وقت اُس کی آنکھوں کے سامنے فقر دکھاتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
اللہ تعالے جب کسی بندے کو گرانا چاہتا ہے تو اُسے چارہٴ کار سے اندھا کردیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے جب کسی زمین پر کسی کی جان لینا چاہتا ہے تو وہاں اُس کی ایک ضرورت پیدا کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالے جب کسی چیز کے بنانے کا ارادہ کرتا ہے تو کوئی چیز اُسے روک نہیں سکتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب اللہ تعالے اپنی قضاو قدر کو جاری کرنا چاہتا ہے تو عقلمندوں سے اُن کی عقول کو سلب کرلیتا ہے تاکہ اُن کے درمیان اُس کی قضاو قدر نافذ ہو سکے۔جب اپنا حکم صادر کرتا ہے تو اُن کی عقلیں پلٹ دیتا ہے جس کی وجہ سے اُنہیں پشیمانی ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے جب کوئی اپنی زمین بیچنا چاہے تو اُسے چاہیے کہ اپنے ہمسائے کو پیش کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب کوئی کام کرو تو اُس میں غور وفکر کرو یہاں تک کہ اللہ تعالے تمہیں کوئی راہ تدبیر بتائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم یہ چاہنے لگو کہ خدا تعالیٰ تم سے محبّت کرے تو تم دُنیا سے دشمنی رکھو اور جب تم یہ چاہو کہ لوگ تمہیں پسند کریں تو جو کچھ فاضل مال ہے اُن کے حوالے کردو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم کسی کام کو کرنے کا ارادہ کرو تو اُس کے انجام پر غور کرو اگر نتیجہ نیک ہے تو اُسے بجالاؤ اگر نتیجہ بُرا نظر آئے تو اُس سے بچے رہو۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
جب تمہیں دوسروں کے عیب یاد آئیں تو اپنے عیبوں پر نظر کرو۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
اِذَا اَسَأتَ فَاَحسِن ۔ کبھی بُرائی کرو تو اُس کے فوراً بعد نیکی بجالاؤ۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
جب کسی کو اُجرت پر رکھو تو اُس کی اُجرت پہلے طے کر کے اُسے بتا دو۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
جب کوئی عورت خوشبو لگا کر لوگوں کے درمیان سے گزرتی ہے کہ اُنہیں اُس کی خوشبو محسوس ہو جائے تو وہ عورت زانیہ ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
جب تم مسواک کرنے لگو تو چوڑائی میں مسواک کرو۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
جب کوئی بُرا کام سرزد ہو جائے تو اُس کے فوراً بعد نیکی بجالاؤ کیونکہ نیکی گناہ کو محو کر دیتی ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
جب تمہیں بھوک ستائے تو ایک روٹی اور پانی لے کر کہہ دو کہ دُنیا اور اُس کی موجودات پر میری طرف سے۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
جب کسی مومن پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ گناہوں سے اِس طرح پاک ہو جاتا ہے جس طرح بھٹی لوہے کی کثافتوں کو دُور کر دیتی ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جب صبح ہوتی ہے تو بنی آدمؑ کے تمام اعضاءِ بدن زبان سے درخواست کرتے ہیں اور کہتے ہیں ہمارے بارے میں خدا تعالیٰ سے ڈرو کیونکہ ہم تجھ سے وابستہ ہیں اگر تو سیدھے راستے پر قائم رہے تو ہم بھی استقامت کے ساتھ ہوں گے اور اگر تو کجی اختیار کرے تو ہم بھی کجی میں پڑیں گے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
اللہ تعالے جب کسی بندے کو کچھ عطا کرے تو خرچ کا آغاز اپنی ذات اور اپنے اہل وعیال سے کرے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جب کسی عورت کی خواستگاری (شادی کی آرزو) کا اِرادہ خدا تعالیٰ کسی کے دِل میں ڈال دے تو اُس عورت پر نگاہ ڈالنے میں کوئی حرج نہیں۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جب ایک عورت رات کو اپنے شوہر کے بستر سے دُور رات گزارتی ہے تو فرشتے صبح ہونے تک اُس پر لعنت کرتے ہیں۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جب ایک عورت شوہر کے علاوہ کسی دوسرے کیلئے خوشبو استعمال کرے تو ایسا کرنا اُس کیلئے جہنم اور ننگ وعار کا باعث ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جب آخری زمانہ قریب ہوگا تو موت میری اُمّت کے بہترین لوگوں کو چُنے گی جیسے کہ تم میں سے کوئی تھالی میں سے بہترین خرمہ چنتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب کسی بندے کا فجور کمال کو پہنچتا ہے تو اُس کی آنکھیں اُس کے اختیار میں ہوتی ہیں جب چاہتا ہے روتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب تمہارے پاس کوئی ملاقات کیلئے آئے تو اُس کی عزّت کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب ہم پلّہ اشخاص خواستگاری کریں تو اپنی بیٹیوں کا نکاح اُن سے کرو اور اُن سے حوادث کے ظہور کا اِنتظار مت کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب ایک طالبعلم مرتا ہے تو شہید مرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب تم اپنی بیوی یا کنیز سے ہمبستری کرو تو اُس کی شرمگاہ پر نظر مت ڈالو کیونکہ ایسا کرنا اندھا ہونے کا سبب بنتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب تمہارے ذہن میں کوئی ناپسندیدہ یادداشت اُبھرے تو اُسے جھٹک دو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب کوئی شخص بات کرنے کے بعد اپنے چاروں طرف دیکھے تو اِس بات کو امانت سمجھو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب ایک شخص حرام مال سے حج کر کے کہتا ہے "لَبَّیكَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیكَ اَللّٰھُمَّ" ، تو خداوند عالم جواب میں کہتا ہے "لَالَبَّیكَ وَلَاسَعْدَیكَ" یہ تمہیں واپس پلٹایا جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم حسد سے دو چار ہو گئے تو زیادتی مت کرو، جب گمان کرو تو اُسے حقیقت مت گردانو اور جب وزن کرو تو ذرا سا اضافہ کر دیا کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم فیصلہ کرو تو عدالت سے کام لو، جب بات کرو تو نیکی کے ساتھ کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ نیکی کرنیوالا ہے اور نیکو کاروں کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب بندہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے تو خداوند عالم ہر چیز کو اُس سے ڈراتا ہے اور جب بندہ اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتا ہے تو اُسے ہر چیز سے ڈراتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم میں سے کوئی کسی عورت کی خواستگاری (شادی کی خواہش) کرے اور اگر وہ شخص خضاب لگاتا ہے تو اُس عورت کے علم میں لائے کہ وہ خضاب لگاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تک گناہ مخفی رہتا ہے اُس کا ضرر اُس گنگار کے علاوہ کسی کو نہیں پہنچتا لیکن جب اس کا گناہ افشاء ہو جائے اور اُسے مخفی نہ رکھا جائے تو اُس کا ضرر تمام لوگوں کو پہنچ سکتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب مہمان کسی کے پاس آتا ہے تو اپنا رِزق لے کر آتا ہے اور جب جاتا ہے تو اُن کے گناہوں کی مغفرت کے ساتھ لے کر جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب تم کسی بھائی میں تین خصلتوں کو پاؤ تو اُس سے بہتر سلوک کی اُمید رکھو: حیاء، امانتداری اور سچائی اور جب یہ خصلتیں اُس میں نہ دیکھو تو اُس سے کوئی اُمید نہ رکھو۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب تم میں سے کسی کو اپنے آپ میں، اپنے مال میں یا اپنے بھائی کی کوئی چیز پسندیدہ لگے تو اُس میں برکت کیلئے دُعا کرے کیونکہ ایسا کرنا آنکھ کا حق ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب یہ دیکھو کہ لوگ اپنے وعدوں کے پورا کرنے میں سست ہوجائیں، امانتوں کو حقیر سمجھیں اور اِس طرح ہوجائیں (اِس کے ساتھ آپؐ نے ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں ڈالیں) تو تم پر لازم ہے کہ گھر بیٹھ رہو اور اپنی زبان کی حفاظت کرو۔ جسے جانتے ہو اُسے لو اور جسے نہیں جانتے اُسے چھوڑ دو، اپنی ذات میں مشغول رہو اور عمومی معاملات کو چھوڑ دو۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب تم دیکھو کہ معاملات کا رُخ نہیں موڑ سکتے ہو تو صبر کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اُسے موڑ دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم بھوکے غور وفکر کرنے والے لوگوں کو پاؤ تو اُن کے قریب ہو جاؤ کیونکہ اُن کی زبانوں پر حکمت جاری ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم بلاؤں میں مبتلا لوگوں کو دیکھو تو خداوند عالم سے عافیت طلب کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تم یہ سنو کہ کوئی پہاڑ اپنی جگہ سے ہل گیا ہے تو یقین کرلو اور اگر یہ سنو کہ ایک شخص نے اپنی عادات ترک کر دی ہیں تو تصدیق مت کرو کیونکہ وہ انجام کار اپنی جبلّت کی طرف لوٹے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب کوئی مسلمان اپنے کسی مسلمان بھائی کے خلاف تلوار اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے فرشتے اُس پر لعنت کرنے لگتے ہیں یہاں تک کہ وہ تلوار دوبارہ غلاف میں رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب کسی علاقے میں زِنا اور سود عام ہو جائے تو گویا اُن لوگوں نے خود عذابِ الٰہی کو دعوت دی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم یہ دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کسی بندے کو فقر اور مرض دونوں میں مبتلا کیا ہے تو بے شک اللہ تعالیٰ اُسے پاک وصاف کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب ایک بندہ زِنا کرتا ہے تو ایمان اُس سے علیحدہ ہو جاتا ہے اور اُس کے سر پر سایہ کی طرح کھڑا رہتا ہے اور جب اُس سے ہاتھ اُٹھاتا ہے تو واپس آجاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب کوئی شخص تمہارے بارے میں کچھ جانتے ہوئے تمہیں گالی دیدے تو تمہیں اُس کے بارے میں جو کچھ معلوم ہے اُس کی بنا پر اُسے گالی مت دو تاکہ اُس کا اَجر تمہیں ملے اور وبال اُسے ملے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تمہیں تمہاری نیکی مسرور کرے اور تمہارا گناہ تمہیں غمگین کرے تو تم مومن ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب زِنا عام ہو جائے تو زلزلے دوبارہ آئیں گے اور جب حکمران ظلم کریں گے تو بارش کم ہو گی اور جب زمینوں کے ساتھ خیانت کی جائے گی تو دشمن پیدا ہوں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک عالم کا علم رکھتے ہوئے اُس پر عمل نہ کرنا اُس چراغ کی مانند ہے جو لوگوں کو تو روشنی دیتا ہے مگر خود کو جلاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم سے کوئی بُرائی سرزد ہو جائے تو اُسی وقت توبہ کرو؛ چھپے ہوئے گناہ کے لئے توبہ چھپ کر کرو اور اعلانیہ گناہ کے لئے اعلانیہ توبہ کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب روئے زمین پر کوئی گناہ بجالایا جائے اور کوئی شخص دیکھے اور اُس سے نفرت کرے تو گویا وہ موجود نہیں تھا اور اگر کوئی شخص موجود نہ ہوتے ہوئے بھی اُس فعل پر راضی تھا تو گویا وہ ایسا ہے جو اُسے دیکھ رہا تھا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم میں سے کسی کو غصہ آجائے اگر وہ کھڑا ہے تو بیٹھ جائے اگر بیٹھا ہے تو لیٹ جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تمہیں غصہ آئے تو خاموشی اختیار کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب ایک عورت اپنے شوہر سے کہہ دے کہ مَیں نے تجھ میں کوئی بھلائی نہیں دیکھی تو اُس کے نیک اعمال بیکار ہو جاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم دشمن پر غلبہ پاؤ تو اُس پر گرفت پانے کے شکرانے کے طور پر اُسے معاف کر دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم میں سے کوئی سفر سے لوٹ آئے تو اپنے ساتھ سوغات لے آئے، چاہے اپنے تھیلے خورجین میں ایک پتھر ہی کیوں نہ رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب ایک بندہ عمل میں کوتاہی کرتا ہے تو خداوند عالم اُسے غم میں مبتلا کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب دو آدمی سرگوشی کر رہے ہوں تو دخل مت دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تمہارے پاس اِتنا ہو جو تمہارے لئے کفالت کرے تو اُس کی تلاش مت کرو جو تمہیں سرکشی پر اُبھارے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

تمہارے نیک افراد جب تمہارے حاکم ہوں اور تمہارے دولت مند سخاوت کریں، تمہارے اُمور آپس کے مشورے سے انجام پائیں تو تمہارے لئے زمین کی پُشت اِس کے شکم سے بہتر ہے لیکن تم میں سے بدترین افراد تمہارے حاکم بنیں، تمہارے دولت مند بخل سے کام لیں اور تمہارے اُمور عورتوں کے ہاتھوں میں ہوں تو زمین کا شکم تمہارے لئے اُس کی پیٹھ سے بہتر ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب قیامت کا دن ہوگا تو ایک منادی ندا کرے گا جس کسی نے بھی اللہ کے غیر کیلئے کام کیا ہو وہ جا کر اُسی سے ثواب طلب کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب ایک شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ اُن کے ساتھ عدالت نہ کرے تو قیامت کے دن اُس کے بدن کا نصف حصہ بیکار ہو گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب ایک جگہ تین آدمی ہوں تو اُن میں سے دو کو تیسرے کے بغیر الگ ہو کر سرگوشیاں نہیں کرنی چاہئیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب کسی بندے کے گناہ زیادہ ہوں اور نیک اعمال اِس قدر نہ ہوں جو اُس کے گناہوں کا کفّارہ بن سکیں تو خداوندِ عالم اُسے غم میں مبتلا کرتا ہے تا کہ اُس کے گناہوں کا کفّارہ بن سکے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب حیاء ہی نہ ہو تو جو چاہو کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب انسان مرتا ہے تو انسان کے اعمال کا سلسلہ منقطع ہوتا ہے سوائے تین کے: صدقۂ جاریہ، ایسا علم جس سے فائدہ اُٹھایا جائے، اولادِ صالح جو اُس کیلئے دُعا کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب کسی بندے کا بیٹا مر جاتا ہے تو خداوند عالم ملائکہ سے کہتا ہے تم نے میرے بندے کے فرزند کی روح قبض کی؟ وہ جواب میں کہتے ہیں ہاں کی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے کہ میرے بندے نے کیا کہا؟ وہ جواب میں کہتے ہیں اُس نے تیری حمد کی اور کلمہ اِسترجاع پڑھا تو خداوندِ عالم حکم دیتا ہے کہ میرے بندے کیلئے جنّت میں ایک گھر بناؤ اور اُس کا نام بیتُ الحمد رکھو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تمہارا کوئی دوست مرتا ہے تو اُس کی بدگوئی مت کرو اور اُسے تعرض مت کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب ایک بندہ مرتا ہے تو لوگ کہتے ہیں کہ وہ کیا چھوڑ کر مرا ہے لیکن فرشتے پوچھتے ہیں کہ اُس نے اپنے لئے پہلے کیا بھیجا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم میں سے کوئی شخص کسی ایسے کو دیکھے جو حُسن یا دولت میں اُس سے بڑھ کر ہے تو فوراً ایسے کو بھی دیکھے جو اُن دونوں میں اُس سے کم تر ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم کسی کام ارادہ کروتو اپنے پروردگار سے سات مرتبہ استخارہ کرو۔ اِس کے بعد دیکھو کہ دل کس طرف مائل ہے کیونکہ نیکی اُسی طرف مائل ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب کسی بھائی کے بارے میں کوئی نصیحت کا خیال تمہارے دل میں آئے تو ضرور اُس بھائی کو آگاہ کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب اُمور سلطنت نااہلوں کے ذمے لگائے جائیں تو قیامت کا انتظار کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تم لوگوں کے درمیان ہو اور وہاں کسی آدمی کی بدگوئی کی جائے تو تم اُس شخص کی طرفداری کرو، اُس گروہ کو بدگوئی سے روک لو اور اُس جگہ سے اُٹھ کھڑے ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کو یاد کرو کیونکہ وہ تمہارے مطلوب کیلئے تمہاری مدد کرنیوالا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے مرنے والوں کی اچھائیاں یاد کرو اور اُن کی خامیوں کے بارے میں خاموشی اختیار کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے پست ترین شخص وہ ہے جو لوگوں کی توہین کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب چار چیزیں تم میں ہوں تو دُنیا کے فوت ہونے کا غم مت کرو: بات کی سچائی، امانت کی حفاظت، حُسن اِخلاق اور کھانے میں پاکیزگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چار چیزیں کم ہوں تو بھی زیادہ لگتی ہیں: تہی دستی، درد، دشمنی اور آگ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چار قسم کے لوگوں کو خداوند عالم دُشمن رکھتا ہے: قسمیں کھانے والا دکاندار، متکبر فقیر، بوڑھا زانی اور ظالم امام۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چار قسم کے لوگوں کو خداوند عالم جنت میں داخل نہیں کرے گا اور اُسے نعمتوں کو چکھنے نہیں دے گا: شرابی، سود خور، والدین کا عاق اور ناحق یتیموں کا مال کھانے والا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چار خصلتیں بدبختی کی علامت ہیں: آنکھوں کی خشکی، دِل کی قساوت، طویل اُمید، زندگی سے محبت۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چار چیزیں کسی بھی گھر میں داخل ہوتی ہیں تو اُسے ویران کر کے رکھ دیتی ہیں: خیانت، چوری، شراب نوشی اور زِنا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چار چیزیں ایک آدمی کی سعادت ہیں: نیک بیوی ملے، اطاعت گزار اولاد ہو، نیک دوست ملیں اور اُس کا رزق اُس کے اپنے شہر میں ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چار خصلتیں جس میں ہوں خدا تعالیٰ اُس پر جہنم کی آگ کو حرام کرتا ہے اور شیطان سے محفوظ رکھتا ہے: جو شخص خواہش، خوف، بھوک اور غصّہ کے وقت اپنے آپ پر قابو رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی کو چار چیزیں نصیب ہوئیں گویا اُسے دُنیا وآخرت کی بھلائی ملی، ذکر کرنیوالی زبان، شکر کرنیوالا دل، مصیبتوں پر صبر کرنے والا بدن اور ایسی بیوی ملے جو اُس کے مال اور ناموس میں خیانت نہ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدترین سودوہ گالیاں ہیں جو کسی کی عزّت پر حرف لانے کیلئے بکی جائیں اور ہجو کرنا سخت گالی ہے اور اُس کی روایت نقل کرنیوالا گالی دینے والوں میں سے ایک ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین لوگوں پر رحم کرو؛ طاقتور جو کمزور ہو جائے، تونگر جو محتاج ہو جائے اور عالم جو جاہلوں کے درمیاں ضائع ہو جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم رحم کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے، معاف کرو تا کہ تمہیں معاف کیا جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسلمانوں کی بدگوئی سے اپنی زبان کو روکے رکھو اور جب تم میں سے کوئی مرجائے تو اُس کو بھلائیوں کے ساتھ یاد کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ

دُنیا سے زُہد اختیار کرو تا کہ خدا تعالیٰ تمہیں دوست رکھے اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اُس سے زُہد اختیار کرو تا کہ لوگ تمہیں دوست رکھیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ

سب سے بڑا زاہد وہ ہے جو قبر اور بلا کو بھولتا نہیں، دُنیا کی بہترین زینتوں کو ترک کرتا ہے اور ہمیشہ رہنے والی کو فنا ہونے والی دُنیا پر ترجیح دیتا ہے اور آنے والے کل کو اپنی زندگی میں شامل نہیں کرتا اور اپنے آپ کو مُردوں میں شامل سمجھتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

نیک کام کو اُس کے اختتام تک پہنچانا اُس کے شروع کرنے سے بہتر ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خدا تعالیٰ سے اُسی طرح حیاء کرو جیسا کہ تم اپنی قوم کے دو صالح اور حیادار افراد سے حیاء کرتے ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ

اللہ تعالیٰ سے اُسی طرح حیا کرو کہ حیا کا حق ادا ہو جائے کیونکہ خداوندِ عالم نے تمہاری روزی کی طرح اَخلاق بھی تم میں تقسیم کئے ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ

عقلمند سے رہبری حاصل کرو تا کہ ہدایت ملے؛ اُس کی نافرمانی مت کرو پشیمان ہونا پڑے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
موت آنے سے پہلے اُس کی تیاری کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فقر اور عیال کی کثرت سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو اور اِس سے بھی کہ تم کسی پر ظلم کرو یا کوئی تم پر ظلم کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بُری عورتوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو اور اچھی عورتوں سے بھی ہوشیار رہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نظرِ بد سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہو کیونکہ نظرِ بد ایک حقیقت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے اُمور کی پردہ پوشی کر کے مدد حاصل کرو کیونکہ ہر صاحب نِعمت کے حاسد بھی ہوتے ہیں
۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورتوں کے بارے میں کم لباس سے مدد حاصل کرو کیونکہ جب اُس کے کپڑے زیادہ اور اچھے ہوں گے تو وہ گھر سے نکلنے کیلئے بیتاب رہے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں سے بے نیازی برتو یہاں تک کہ مسواک کی ایک لکڑی بھی اُن سے طلب نہ کرو۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
اپنے آپ سے فتویٰ مانگو چاہے دوسرے فتویٰ دینے والے کچھ بھی فتویٰ کیوں نہ دیں۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
ثابت قدم رہو اور لوگوں کے ساتھ حُسن سِلوک سے پیش آؤ۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
عورتوں کے ساتھ نیک سلوک کرو کیونکہ اُن کی تخلیق ٹیڑھی پسلی سے ہوئی اور پسلی میں سے بھی اوپر کے حصے سے جو زیادہ ٹیڑھا ہے اگر تم اُسے سیدھا کرنے لگو گے تو وہ ٹوٹ جائے گی اور اگر ایسے ہی رکھو گے تو ٹیڑھا پن رہے گا پس تم عورتوں کو نیک نصیحت کرو۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
محکم ترین کام تین ہیں۔ ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا، ذاتی نقصان ہونے کی صورت میں بھی انصاف سے کام لینا اور اپنے دینی بھائیوں پر اپنا مال خرچ کرنا۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
وہ نیکی جس کا ثواب سب سے پہلے ملتا ہے اطاعت اور صلّہ رحمی ہے۔ وہ بدی جس کا عذاب بہت جلد ملتا ہے بغاوت اور قطع رحمی ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
سب سے جلد قبول ہونے والی دُعا وہ ہے جو ایک شخص کسی دوسرے غائب شخص کیلئے مانگتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
چشم پوشی اختیار کرو تا کہ تمہارے ساتھ بھی چشم پوشی کی جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اُس پر خدا تعالیٰ کا شدید غضب ہو جو یہ گمان کرے کہ وہ بادشاہوں کا بادشاہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی بادشاہ ہے ہی نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زناکاروں پر خدا تعالیٰ کا شدید غضب نازل ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بحران کی شدّت کے وقت ہی کشائش کی راہ نکلتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اُس شخص پر اللہ تعالیٰ کا شدید غضب نازل ہوگا جو کسی ایسے شخص پر ظلم کرے جس کا خدا تعالیٰ کے علاوہ کوئی مددگار نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے بہادر وہ ہے جو اپنی خواہشات پر غلبہ پائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت کے سب سے شدید عذاب ظالم حکمران پر ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پیغمبروں کی آزمائش دوسروں کی نسبت شدید ہے، اِس کے بعد جو اُن کے نزدیک ہوگا۔ انسان اپنی قوتِ دینی کے بقدر آزمائش میں پڑتا ہے اگر اُس کا دین محکم ہے تو اُس کا امتحان بھی سخت تر ہوگا اور اگر وہ دین کے معاملے میں کمزور ہے تو اُس کے دین کے بقدر آزمائش میں مبتلا ہوگا۔ بندہ اِبتلا میں اِس لئے پڑتا ہے کہ اُس کے گناہ محو ہو جائیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوشخص لوگوں کو دنیا میں زیادہ اذّیت پہنچاتا ہے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ عذاب پائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت کے دن سب سے زیادہ عذاب اُس عالم پر ہوگا جو اپنے علم سے فائدہ نہیں اُٹھاتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت کے دن دو قسم کے افراد سب سے زیادہ حسرت کے شکار ہوں گے؛ ایک تو وہ شخص جسے دُنیا میں علم حاصل کرنے کا موقع تھا مگر حاصل نہیں کیا اور دوسرا وہ شخص جس نے کسی کو علم سکھایا اور اُس کے شاگرد نے تو علم سے فائدہ اُٹھایا اور وہ خود کوئی فائدہ نہ اُٹھا سکو ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے بہادرترین وہ شخص ہے جو غصّے کے وقت اپنے آپ پر قابو پائے اور تم میں سے بُردبارترین وہ شخص ہے جو قابو پانے کے بعد معاف کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین ایمان وہ ہے کہ لوگ تمہاری طرف سے امان میں ہوں اور بہترین اسلام یہ ہے کہ لوگ تمہاری زبان اور ہاتھوں سے محفوظ رہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین زُہد یہ ہے کہ جو تمہارے ہاتھوں میں ہے اُس پر تمہارا دل مطمئن رہے اور خداوند عالم سے بہترین سوال جو تم مانگ سکتے ہو دین و دنیا کی عافیت کا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین زُہد یہ ہے کہ جو تمہارے ہاتھوں میں ہے اُس پر تمہارا دل مطمئن رہے اور خداوند عالم سے بہترین سوال جو تم مانگ سکتے ہو دین و دنیا کی عافیت کا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شفقت کا برتاؤ کروتا کہ تمہاری تعریف ہو اور بدلہ بھی ملے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمام بدبختوں میں سے بدبخت ترین شخص وہ ہے جو دُنیا میں فقر اور آخرت میں عذاب کا حقدار ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے بہتر شکر گزار وہ ہے جو دوسروں کیلئے لوگوں کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سخت آزمائش کا وقت پڑا پس تم نے صبر کیا مگر مجھے تمہارے بارے میں ایک سخت ترین فتنے کا خوف ہے جو عورتوں کی وجہ سے پیدا ہوگا۔ جب اُن کے ہاتھوں میں سونے کے کنگن ہوں گے اور یمن وشام کے قیمتی کپڑے پہننے لگیں گی تو دولت مندوں کو زحمت میں ڈالیں گے اور فقیروں سے وہ چیز طلب کریں گی جو اُن کے دسترس سے باہر ہوگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سچے خواب، سحر کے وقت آتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں میں سے بہترین وہ ہے جو لوگوں کو زیادہ فائدہ پہنچاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں کے درمیان صلح صفائی کرادو چاہے جھوٹ ہی کیوں نہ بولنا پڑے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنی دُنیا کی اصلاح کرواور اپنی آخرت کیلئے کام کرو جیسے کہ کل ہی تم نے مرنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم اپنی طرف سے چھ چیزوں کی ضمانت دو تاکہ مَیں تمہارے لئے جنت کی ضمانت دوں : جب بات کروتو سچ بولو، جب وعدہ کروتو پورا کرو، امانت رکھی جائے تو پورا کرو، اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو، آنکھوں کو نیچی رکھواور اپنے ہاتھ (ظلم کرنے سے) روکے رکھو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زمین کے پوشیدہ مقامات میں اپنا رزق تلاش کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم حاصل کرنے کی جستجو کرو چاہے چین جانا پڑے کیونکہ علم کا طلب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔فرشتے ''طالبعلم'' کی طلب سے خوش ہو کر اُس کے قدموں کے نیچے اپنے پر بچھاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عزّت نفس کے ساتھ اپنی ضروریات کی جستجو کرو کیونکہ اُمور،تقدیر کے تحت ہی جاری وساری ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دوسروں کی عافیت چاہو تاکہ تمہیں نصیب ہو جائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
گہوارے سے گور تک علم حاصل کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
میری اُمت کے رحم دلوں سے مہربانی طلب کرو اور اُن کی پناہ میں زندگی گزارو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
قبور کی زیارت کرو اور قیامت کیلئے عبرت حاصل کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مَیں نے جنت میں دیکھا تو اکثر فقیروں کو پایا اور جب جہنم کی طرف دیکھا تو وہاں اکثر عورتوں کو پایا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ایک مسلمان کی بہترین کمائی وہ ہے جو اپنے ہاتھ کی محنت سے حاصل کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بہترین خوشبو، مُشک ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اللہ تعالیٰ کی عبادت اِس طرح کرو جیسے کہ تم اُسے دیکھ رہے ہو کیونکہ اگر تم اُسے نہیں دیکھ رہے ہو تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
دوست کو دوست کے ذریعے پرکھا جاسکتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

سب سے کمزور وہ ہے جو دُنیاوی کاموں سے عاجز آجائے اور سب سے بڑا بخیل وہ ہے جو سلام کرنے میں بخل کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

تمہارا سب سے بڑا دُشمن تمہارا نفس ہے جو تمہارے دو پہلوؤں کے درمیان میں ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

تمہارا سب سے بڑا دشمن تمہاری بیوی ہے جو تمہارے ساتھ ہم خواب ہے اور کنیزیں بھی اِنہیں میں شامل ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ

لوگوں میں سب سے بڑا عادل وہ ہے جو لوگوں کیلئے بھی وہی پسند کرتا ہے جو خود اپنے لئے پسند کرتا ہے اور جو اپنے لئے ناپسند کرتا ہے لوگوں کیلئے بھی ناپسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

اولاد کو تحفہ دینے میں عدالت سے کام لو جیسا کہ تم یہ پسند کرتے ہو کہ وہ تمہارے ساتھ اطاعت اور مہربانی کے ساتھ پیش آنے میں عدالت سے کام لیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جس کسی کو خداوند ِعالم نے ساٹھ سال تک کی عمر دی ہے تو گویا اُس پر عذر کے دروازے بند کر دیئے ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ

عورتوں کو برہنہ ہی رہنے دو تا کہ وہ گھروں سے باہر نہ نکلیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے حکم کی عزّت کرو، خدا تعالیٰ تمہیں عزّت دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسلمانوں کے راستے سے رکاوٹوں کو دور کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سوال کرنے والے کو دیدو چاہے سائل سواری پر ہی کیوں نہ آیا ہو اور مزدور کو اُس کا حق اُس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کردو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورت پر سب سے زیادہ حق شوہر کا ہوتا ہے اور مرد پر سب سے زیادہ حق ماں کا ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُنیا میں سب سے بڑھ کر قابل قدر وہ ہے جس کے پاس دُنیا کی کوئی قدر نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قدر و قیمت میں سب سے عظیم وہ ہے جو فضول کاموں کو ترک کرنے والا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عظیم ہیں وہ خواتین جو خوبصورت ہیں اور اُن کا حق مہر کم ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے عظیم ہیں وہ خواتین جن کے اخراجات کم ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
سب سے بڑا عاقل وہ ہے جو لوگوں کے ساتھ تواضع سے پیش آتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اِعقِلْهَا وَتَوَكَّلْ ۔(اونٹ کو) نکیل سے باندھ کر توکّل کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
لوگوں میں سب سے بڑا عالم وہ ہے جو دوسروں کے تجربات سے اپنے علم کو آگے بڑھاتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
یقین رکھو اگر تمام مخلوقات جمع ہو کر تمہیں کچھ دنیا چاہیں مگر اللہ تعالیٰ نہ چاہے تو یہ سب تمہیں کچھ بھی نہیں دے سکتے۔اور اگر یہ سب مل کر تمہیں کسی چیز سے روکنا چاہیں اور اللہ تعالیٰ تمہیں اُس چیز تک پہنچانا چاہے تو یہ نہیں روک سکتے۔پس جب تم سوال کرو تو اللہ تعالیٰ سے اور مدد چاہو تو بھی اللہ تعالیٰ سے چاہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
یقین رکھو جو کچھ تمہیں ملا ہے وہ غلطی سے نہیں ملا ہے اور جو کچھ تمہیں نہیں ملا ہے وہ تمہارے نصیب میں نہیں تھا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
یقین رکھو کامیابی یقین کے ساتھ ہے۔شدت کے بعد ہی کشائش ہوتی ہے اور ہر تکلیف کے بعد راحت ملتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
یقین رکھو کہ ہر ہونے والے کام پر تقدیر کا قلم چل چکا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جان لو کہ تم میں سے کوئی ایسا نہیں جو اپنے مال سے زیادہ وارث کے مال سے محبت نہ کرتا ہو۔ تمہارا مال وہ ہے جسے تم نے پہلے بھیجا ہے اور وارث کا مال وہ ہے جسے تم پیچھے چھوڑ جاؤ گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت والوں کی (اوسط) عمر 60 سے 70 سال کے درمیان ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کام کرو کیونکہ جو چیز جس کیلئے بنی ہے اُس کو ملے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنی اولاد کو اطاعت کرنے میں مدد دو کیونکہ اگر کوئی چاہے تو نافرمانی کو اپنی اولاد سے خارج کر سکتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میرے نزدیک خوش قسمت ترین وہ مومن ہے جس کے متعلّقات کم ہوں، نماز سے بہرہ وَر ہو، رزق اُس کیلئے کفایت کرے اور وہ اُس پر مطمئن ہو یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے، اللہ تعالیٰ کی عبادت اچھی طرح کرتا ہو اور لوگوں کے درمیان گمنام زندگی گزارے، جب اُس کی موت آئے تو کم رونے والے ہوں اور میراث بھی کم چھوڑے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو: بڑھاپے سے پہلے جوانی کو، بیماری سے پہلے صحت کو، احتیاج سے پہلے تونگری کو، مشغولیت سے پہلے فرصت کو، موت سے پہلے زندگی کو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
رِقت قلب کے وقت دُعا کو غنیمت جانو کیونکہ یہ رحمت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آزمائش میں گرفتار مومن کی دُعا کو غنیمت جانو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عالم بنو یا طالب علم بنو یا اِن کے سننے والے بنو یا اِن کے دوست دار بنو، اِن کا پانچواں مت بنو ہلاک ہو جاؤ گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم کی طلب میں جلدی اُٹھو کیونکہ جلدی اُٹھنے میں برکت اور نجات ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے لباس کو پاک وصاف رکھو، مونچھوں کو چھوٹا کرو، مسواک کرو اور آراستہ ہو کر پاکیزگی اختیار کرو کیونکہ یہودی ایسا نہیں کرتے تھے جس کی وجہ سے اُن کی عورتیں زناکار ہوئیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
معاف کرو اور اگر چاہو تو سزا دو مگر غلطی کے مطابق اور چہرے کو بچائے رکھنا۔

فرمان رسول خداؐ
بدلتی دُنیا کو دیکھ کر نصیحت حاصل نہ کرنیوالا تمام لوگوں سے بڑھ کر غافل ہے۔

فرمان رسول خداؐ
سب سے بڑھ کر تونگر وہ ہے جو حرص کا قیدی نہیں۔

فرمان رسول خداؐ
سلام آشکارا کہو تا کہ سلامت رہو۔

فرمان رسول خداؐ
بہترین دوست وہ ہے جسے تم یاد کرو تو تمہاری مدد کرے اور جب بھول جاؤ تو تمہیں یاد رکھے۔

فرمان رسول خداؐ
تمام اعمال سے افضل تین عمل ہیں۔ اِقتدار کے باوجود اِنکساری کرنا، قدرتِ انتقام کے باوجود معاف کرنا اور بغیر مِنّت کے دینا۔

فرمان رسول خداؐ
تمام اعمال سے افضل یہ ہے کہ تم مومن بھائی کو خوش کرو یا اُس کا قرض ادا کرو۔

فرمان رسول خداؐ
اللہ تعالیٰ پر ایمان کے بعد افضل ترین کام لوگوں کے ساتھ محبت سے پیش آنا ہے۔

فرمان رسول خداؐ
حلال روزی کمانا، تمام اعمال سے افضل عمل ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
سب سے افضل ایمان یہ ہے کہ یقین رکھو تم جہاں کہیں بھی ہو اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
بہترین ایمان یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی خاطر دوستی اور دشمنی رکھو اور تمہاری زبان اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہے، لوگوں کیلئے وہی پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو اور جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہو اُن کیلئے بھی ناپسند کرو اور جو بات کرو بھلائی کی کرو یا خاموش رہو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
افضل ایمان یہ ہے صبر کرو اور معاف کرو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
سب سے افضل جہاد، ظالم حکمران کے سامنے کلمۂ حق کہنا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
افضل جہاد یہ ہے کہ آدمی اِس حالت میں صبح کرے کہ کسی دوسرے پر ظلم کرنے کا اِرادہ نہ ہو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
سب سے افضل نیکی یہ ہے کہ اپنے ہم نشینوں کی عزّت کرے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
سب سے افضل جہاد یہ ہے کہ آدمی اپنے نفس اور خواہشات کے ساتھ جہاد کرے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
سب سے افضل دُعا وہ ہے جو ایک شخص اپنے لئے مانگتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے افضل رقم وہ ہے جسے آدمی اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے افضل صدقہ یہ ہے مردِ مسلماں علم حاصل کرے اور اُس کے بعد کسی مسلمان بھائی کو سکھادے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے افضل صدقہ یہ ہے کہ زبان کی حفاظت کی جائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین صدقہ یہ ہے کہ تم اُس وقت صدقہ دو کہ تم صحت وسلامتی کے ساتھ ہو، دولت مند ہونے کی اُمید اور فقیر ہونے کا خوف رکھتے ہو۔ یہ موقع آنے نہ دو کہ جان گلے تک آئے تو کہنے لگو کہ یہ فلاں کا ہے، یہ فلاں کا ہے اور یہ فلاں کا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین صدقہ یہ ہے کہ دو افراد کے درمیان صلح وصفائی کرائی جائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے افضل صدقہ یہ ہے کہ تم قریبی رشتے دار کو دو جو تمہارا دشمن ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
افضل ترین عبادت جس کا اجر جلدی ملتا ہے بیمار کے ساتھ جاگتے رہنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے افضل عمل وہ ہے جو مسلسل جاری رہے اگرچہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے افضل فضیلت یہ ہے کہ جو تم سے قطع رحمی کرے اُس کے ساتھ صلہ رحمی کرو، جو تمہیں محروم رکھے اُسے دے دو اور جو تم پر ظلم کرے اُسے معاف کردو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اسلام کے اعتبار سے بہترین مومن وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں اور ایمان کے اعتبار سے بہترین مومن وہ ہے جس کا اَخلاق اچھا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں میں بہترین وہ ہے جو مرتبہ ومقام رکھتے ہوئے انکساری کرتا ہے، دولتمندی کے باوجود زُہد اختیار کرتا ہے، طاقت رکھتے ہوئے انصاف سے کام لیتا ہے اور اِقتدار رکھتے ہوئے برُدباری کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے جس کا اَخلاق سب سے اچھا ہے وہ ایمان میں تم سب سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لالچی، تمام لوگوں سے بڑھ کر فقیر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قرآن پاک کی تلاوت اُس وقت تک جاری رکھو جب تک تمہارا دِل اُس کے مفہوم سے اِتفاق کرتا ہو مگر جب اِختلاف کرنے لگے تو تلاوت چھوڑ دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قرآن پڑھواور اُس پر عمل کرو، اُس سے دوری اختیار مت کرو۔ اُس میں غلو کرکے اُسے پیٹ بھرنے کا ذریعہ مت بناؤ اور نہ اُس کے ذریعہ اپنے مال و دولت کو بڑھانے کی خواہش کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قرآن پڑھو کیونکہ اللہ تعالیٰ اُس دِل پر عذاب نہیں کرتا جو قرآن کی حفاظت کرتا ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حق بات قبول کرو چاہے تمہارے پاس کوئی چھوٹا لائے یا بڑا، دُور کا ہو یا دشمن ہی کیوں نہ ہو اور باطل کو رَد کرو، چھوٹا لائے یا بڑا لائے، چاہے وہ کوئی عزیز اور قریبی ہی کیوں نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بخیل کو سب سے کم آرام نصیب ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حاسد کو بہت کم لذّت ملتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کم سے کم قرض لو تا کہ آزاد زندگی گزار سکو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
گناہ کم کرو تا کہ موت تمہارے لئے آسان ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دولت مندوں کے پاس آمدورفت کم رکھو تا کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو معمولی شمار نہ کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سخّی کی غلطی سے درگزر کرو کیونکہ سخّی سے جب لغزش ہوتی ہے تو خدا تعالیٰ اُس کی دستگیری کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کی حدود قائم رکھو اور اللہ تعالیٰ کے بارے میں کسی کی ملامت کی پروا مت کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت کے عظیم لوگ وہ ہیں جو نہ اِتنے دولت مند ہیں کہ گمراہ ہو جائیں اور نہ اِتنے فقیر ہیں کہ بھیک مانگیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدترین گناہ کبیرہ میں سے ایک یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کے بارے میں بدگمان ہو جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی کے اکثر گناہ اُس کی زبان کی وجہ سے ہوتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قدروقیمت میں وہ لوگ بڑھ کر ہیں جو علم میں بڑھ کر ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
موت کو زیادہ یاد رکھو کیونکہ موت کی یاد دوسری تکلیفوں کو تسّلی دے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

موت کو زیادہ سے زیادہ یاد کرو کیونکہ یہ گناہوں کو فنا کر دیتی ہے اور دُنیا کے لالچ کم کرتی ہے، اگر تم تونگری کی حالت میں موت کو یاد کرو گے تو اُس کی اہمیّت کم ہوگی اگر فقیری کی حالت میں یاد کرو گے تو اپنی حالت پر راضی رہو گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

زیادہ سے زیادہ دوست بناؤ کیونکہ تمہارا پروردگار حیا کرنے والا اور مہربان ہے اور حیا کرتا ہے کہ قیامت کے دن اپنے کسی بندے پر اُس کے دوستوں کے سامنے عذاب کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

زیادہ سے زیادہ دُعا مانگو کیونکہ دُعا بلاؤں کو ٹالتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

علماء کی عزّت کرو کیونکہ وہ انبیاءؑ کے وارث ہیں جو اِن کی عزت کرتا ہے گویا اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولؐ کی عزّت کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنی اولاد کی عزّت کرو اور اُن کی اچھی تربیت کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

روٹی کی قدر کرو کیونکہ خداوند عالم نے اِسے آسمان کی برکتیں نازل کر کے زمین کی برکتوں سے باہر نکالا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیا میں تمہیں نماز، روزہ اور صدقہ سے افضل عمل بتادوں؟ دو آدمیوں کے درمیان صلح کرانا اِن سب سے بہتر ہے کیونکہ دو افراد کے درمیان فساد و ناچاقی پیدا کرنا ہلاکت ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیا میں بتاؤں کہ کل جہنم کی آگ کِن پر حرام ہے؟ سنو! نرم دل، ملائم، جلد راضی ہونے والے اور آسانی کرنے والے پر۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیا میں یہ بتاؤں کہ تمہاری عورتوں میں سے کون سی عورتیں اہل ِجنّت میں سے ہیں؟ محبت کرنے والیاں، زیادہ بچے جننے والیاں، جب کوئی غلطی کرتی ہیں تو اپنے ہاتھ آپ کے ہاتھ میں دے کر کہتی ہیں جب تک تم معاف نہ کرو گے میں ہاتھ نہیں اُٹھاؤں گی۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کامل ترین مومن وہ ہے جن کے اَخلاق اچھے ہیں اور تم میں سے بہترین وہ ہیں جو اپنی بیویوں کیلئے اچھے ہیں۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیا تم لوگوں کو اہل ِجہنم کے بارے میں بتادوں؟ ہر خود پسند، خود غرض، متکبّر، لالچی اور بخیل ، اہل ِجہنم میں سے ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیا تمہیں ایک مرد کے بہترین خزانے کی خبر دوں؟ نیک عورت۔ جب اُس کی طرف دیکھے تو خوش ہو، حکم کرے تو اطاعت کرے اور جب موجود نہ ہو تو اُس کی امانت کی حفاظت کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کیا مَیں تمہیں جنت کے بادشاہوں کے بارے میں بتاؤں؟ ضعیف، کمزور، پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوا شخص جس کی کوئی پرواہ نہیں کرتا اگر وہ خدا تعالیٰ کی قسم کھائے تو خدا تعالیٰ اُس کی قسم کو پورا کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کیا تم چاہتے ہو کہ مَیں تمہیں ایک ایسی عبادت کا پتہ دوں جو بدن کیلئے سب سے زیادہ ہلکی ہے اور وہ ہے خاموشی اور حُسنِ خلق۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کیا تمہیں طاقتور ترین کا پتہ دوں؟ یہ وہ شخص ہے جو غصّے کے وقت اپنے آپ پر قابو رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کیا مَیں تمہیں شریرترین لوگوں کی خبر دوں؟ یہ وہ لوگ ہیں جو اکیلے کھاتے ہیں، بُخل کرتے ہیں، اکیلے سفر کرتے ہیں اور اپنے غلاموں کو مارتے پیٹتے ہیں۔ کیا مَیں تمہیں اِس سے بھی بدتر کی خبر دوں؟ جس کی بُرائی سے امان نہیں اور اُس سے بھلائی کی توقع نہیں۔ کیا مَیں تمہیں اِس سے بھی بدتر کی خبر دوں؟ جس نے دوسروں کی دُنیا کی خاطر اپنی آخرت کو بیچا ہو۔ کیا اِس سے بھی بدتر کا پتہ دوں؟ وہ ہے جو دین کے ذریعے اپنی دنیا کماتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تم پر حصول عِلم لازم ہے کیونکہ علم مومن کا دوست ہے۔ حلم اُس کا وزیر ہے، عقل اُس کا رہبر ہے، عمل اُس کا سرپرست ہے، مدارات اُس کا باپ، انکساری اُس کا بھائی اور صبر اُن کے لشکر کا سپہ سالار ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خبردار! غصہ ایک آگ ہے جو اِنسان کے سینے میں لگ جاتی ہے، کیا تم نہیں دیکھتے کہ غصّے کے وقت آدمی کی آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں اور گردن کی رَگیں پھول جاتی ہیں۔ جب کبھی تم میں سے کسی کو ایسا ہو جائے تو زمین پر بیٹھ جائے، زمین پر۔

فرمان رسول خدا ﷺ
لوگو جان لو! جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے اگر یہ دُرست ہے تو سارا بدن درست ہے اور اگر یہ بگڑ گیا تو سارا بدن بگڑ جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اِس دُنیا میں کتنے سارے پیٹ بھرے خوشحال لوگ ہیں جو قیامت کے دن بھوکے اور ننگے ہوں گے اور اِس دنیا میں کتنے سارے بھوکے اور ننگے ہیں جو قیامت کے دن سیر اور خوشحال ہوں گے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اگر کسی کو حق بات معلوم ہو تو لوگوں کے خوف سے اُسے نہ چھپائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خبردار! جب کوئی مرد کسی نامحرم عورت کے ساتھ تنہائی میں ہوتا ہے تو شیطان اُن کا تیسرا بن جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بہت سارے لوگ اپنے نفس کی عزّت کرتے ہیں اور درحقیقت وہ اُس کی توہین کرتے ہیں اور بعض لوگ اپنے نفس کی توہین کرتے ہیں درحقیقت وہ اُس کی عزّت کرتے ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ایک لمحہ خواہشات کی پیروی طویل حُزن وغم کا باعث بنتی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کتنے سارے لوگ ہیں جو راتوں کو نمازِ شب کیلئے اُٹھتے ہیں مگر اُنہیں سوائے بیداری کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا اور کتنے سارے روزے دار ہیں جنہیں سوائے بھوک اور پیاس کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جسے دیر سے غصہ آئے اور جلدی راضی ہو جائے اور بدترین وہ شخص ہے جو جلدی غصے میں آئے اور دیر سے راضی ہو جائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
نیا اور صاف ستھرا لباس پہن کر قابل تعریف زندگی گزارو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
گھر خریدنے سے پہلے ہمسائے کو دیکھیں اور سفر کرنے سے پہلے ساتھی کو دیکھیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
نکاح کے ذریعے رزق تلاش کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جدو جہد کرنے کو اپنے اوپر لازم جانو تا کہ صحت مند رہو اور تونگر بنو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کیلئے ہر اُس شخص کا خیال رکھو جس کا مدد گار اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تک ایک مومن شخص کسی دوسرے بھائی کی مدد کرتا رہتا ہے، خداوند عالم بھی اُس کی مدد کرتا رہتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَللّٰھُمّٰ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ كِبَرِسِنِّي وَانْقِطَاعِ عُمْرِي۔ اے پروردگار! میرے بڑھاپے اور ڈھلتی عمر میں میرے رزق میں وُسعت عطا فرما۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَللّٰھُمّٰ اجْعَلْنِي شَكُوراًوّاجْعَلْنِي صَبُوراًوّاجْعَلْنِي فِي عَيْنِي صَغِيْراً وّفِي اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْراً۔ بارِالٰہا، مجھے صابروشاکر بنا، مجھے میری اپنی آنکھوں میں پست اور دوسروں کی نظروں میں بزرگ بنا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَللّٰھُمّٰ اغْنِنِي بِالْعِلْمِ وَزَيِّنِي بِالْحِلْمِ وَاَكْرِمْنِي بِالتَّقْوٰى وَجعَلْنِي بِالْعَافِيَةِ۔ اے پروردگار! علم کے ذریعے مجھے غنی کر دے اور بُردباری سے مجھے زینت دے اور تقویٰ کے ذریعے مجھے عزت دے اور عافیت کا حُسن عطا فرما۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَللّٰھُمّٰ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِي وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِي وَزِدْنِيْ عِلْماً۔ اے پروردگار مجھے جو علم دیا اُسے میرے لئے منفعت کا باعث بنا اور مجھے وہی چیز سکھا جو مجھے فائدہ دے اور میرے علم میں اضافہ فرما۔

فرمان رسول خدا ﷺ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّۃِ وَالذِّلَّۃِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْاَظْلَمَ۔ اے پروردگار میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ فقر، تنگدستی اور ذلت سے محفوظ رکھ نیز اِس سے بھی پناہ چاہتا ہوں کہ میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

اے پروردگار! تیری پناہ چاہتا ہوں اِس سے کہ قرض اور دشمن غلبہ حاصل کریں اور دشمن طعنے دینے لگیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ

اے پروردگار! مجھے بُرے اخلاق، بُرے اعمال، بُری خواہشات اور بُرے امراض سے پناہ دے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

اے پروردگار! تجھے تیری غیب دانی اور مخلوق پر تیری قدرت کا واسطہ دیتا ہوں کہ جب تک میرے لئے بہتری سمجھنا اُسی وقت تک زندہ رکھنا اور جب میری موت میں بہتری دیکھنا تو اُسی کو اختیار کرنا۔

فرمان رسول خدا ﷺ

اے پروردگار جس طرح تو نے مجھے حسین صورت سے نوازا ہے اِسی طرح حسین سیرت بھی عطا فرما۔

فرمان رسول خدا ﷺ

کھیلو، کودو اور تفریح کرو کیونکہ مجھے یہ بات پسند نہیں کہ تمہارے دین میں کوئی سختی دیکھی جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
غیب کی باتیں بتانے والے شخص کو اچانک ہی جہنم میں جھونک دیا جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مجھے مسواک کا حکم اِس قدر ملا کہ مجھے اِس کے واجب کئے جانے کا خوف ہوا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مجھے مسواک کا حکم اِس قدر ملا کہ مجھے مسوڑھوں کے گِھسنے کا خوف ہوا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسلمانوں کے راستے سے رکاوٹوں کو دور کرو تا کہ تمہاری نیکیوں میں اضافہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنی والدہ، اپنی والدہ، اپنی والدہ کا خیال رکھیں۔ اِس کے بعد اپنے عزیزوں کا خیال رکھنے میں قربت کے درجے کا خیال رکھیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے ہاتھوں اور زبان کو قابو میں رکھو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَنَا اَفْصَحُ الْعَرَبِ۔ مَیں عرب کا فصیح ترین فرد ہوں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صبر کے ساتھ کشائش کا انتظار کرنا، عبادت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ سے کشائش کا انتظار کرنا عبادت ہے جو شخص قلیل رزق پر راضی رہتا ہے خداوند عالم اُس کی طرف سے قلیل عمل کو بھی قبول کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جب تک تم پر جہالت اور دُنیا پرستی کی مستی ظاہر نہ ہو تم اپنے پروردگار کی طرف سے مطمئن رہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تم اور تمہارا مال دونوں تمہارے باپ کے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لوگوں کو اُن کی برائی اور اچھائی کے مطابق پہچانو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کیا تم چاہتے ہو کہ مَیں تمہیں حکومت کے بارے میں خبر دوں کہ یہ کیا ہے؟ اِس کی ابتدا ملامت، دوسرا درجہ ندامت اور تیسرا درجہ عذاب قِیامت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنے بھائی کی مدد کرو چاہے ظالم ہے یا مظلوم۔ اگر ظالم ہے تو ظلم سے باز رکھو اور اگر مظلوم ہے تو اُس کی نصرت کرو یعنی (ظلم کو دفع کرو)۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تم ہر وقت اپنے سے کم تر کی طرف دیکھو اور اپنے سے برتر کی طرف مت دیکھو تا کہ اِس طرح تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی قدر جان سکو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
یہ خیال رکھو کہ تم اپنے بیٹے کو کہاں جگہ دے رہے ہو کیونکہ خون کی اپنی ایک تاثیر ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا تعالیٰ نے جو نعمتیں تمہیں عطا کی ہیں اُن سے بہرہ مند رہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اگر قیامت واقع ہو جائے اور تم میں سے کسی کے ہاتھ میں ایک پودا ہو تو اگر اُسے زمین پر لگا سکتے ہو تو لگا دو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تمام لوگوں میں سے بخیل وہ شخص ہے جو سلام میں بُخل کرتا ہے اور تمام لوگوں میں سے کمزور وہ شخص ہے جو دُعا کرنے سے عاجز ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ابلیس، ایسے افراد کی طرف جو اپنے مال سے نیک کام بجالاتے ہوں، اپنے مضبوط ترین افراد کو بھیجتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم میں سے ہر ایک اپنی ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک نُطفہ کی شکل میں اور اِس کے بعد چالیس دن تک علقہ اور اِس کے بعد چالیس دن مضغہ کی شکل میں ہوتا ہے۔ اِس کے بعد خداوند عالم ایک فرشتے کو بھیج کر اُسے حکم فرماتا ہے کہ اِس کی زندگی، موت اور عمل لکھے نیز یہ بھی لکھے کہ خوش قسمت ہے یا بدبخت۔ اِس کے بعد اُس میں روح پھونک دی جاتی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تمام خوبصورتیوں کی خوبصورتی، اچھا اَخلاق ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مَیں اپنی اُمّت کے بارے میں زبان دراز منافق سے ڈرتا ہوں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مَیں اپنی اُمت کے بارے میں ہر چیز سے بڑھ کر گمراہ کرنے والے رہنماؤں سے ڈرتا ہوں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مجھے اپنی اُمّت کے بارے میں سب سے بڑا خوف قوم لِوط کے عمل کا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
قیامت کے دن سب سے زیادہ پشیمانی اُس شخص کو ہوگی جس نے دوسروں کی دُنیا کی خاطر اپنی آخرت فروخت کی ہوگی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تمام بدبختوں میں سے بڑا بد بخت وہ ہے جسے دُنیا میں فقر اور آخرت میں عذاب کا سامنا ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
سب سے بڑا شکر گزار وہ شخص ہے جو لوگوں کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک پاکیزہ ترین پیشہ اُن تاجروں کا ہے جو بات کرتے ہیں تو جھوٹ نہیں بولتے، امانت میں خیانت نہیں کرتے اور جب وعدہ کرتے ہیں تو خلاف ورزی نہیں کرتے ۔قرض ادا کرنے میں ٹال مٹول نہیں کرتے اور قرض وصول کرنے میں سخت گیری بھی نہیں کرتے ۔فروخت کرتے وقت اپنی جنس کی تعریف نہیں کرتے اور نہ تو خریدتے وقت دوسروں کے مال میں نقص نکالتے ہیں ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے لئے بہترین روزی جسے تم کھاتے ہو وہ ہے جسے تم نے کمایا ہے اور اولاد بھی تمہاری کمائی میں شامل ہے ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنّت والوں کا ایک گروہ ایک جہنمی گروہ کو دیکھ کر کہے گا تم کس وجہ سے جہنم میں پہنچے ۔خدا کی قسم! ہم تو تمہاری بتائی ہوئی باتوں کی وجہ سے جنت میں پہنچے ہیں ۔ یہ سن کر وہ کہیں گے کہ ہم صرف کہتے تھے اور اُن باتوں پر عمل نہیں کرتے تھے ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم کے نزدیک کبیرہ گناہوں کے بعد ایک بڑا گناہ آدمی کا اِس حالت میں مرنا ہے کہ اُس کے ذِمّے کسی کا قرض ہو جس کی ادائیگی کا اُس نے بندوبست نہ کیا ہو ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قرابتداروں کے ساتھ نیکی کرو کیونکہ صلّہ رحمی کا ثواب سب سے پہلے ملتا ہے ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بتحقیق تمہارا دہن، قرآن کا راستہ ہے پس تم مِسواک کے ذریعہ اِسے پاک وصاف رکھو ۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بالتحقیق جنت میں عورتیں بہت کم ہوں گی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
دنیا میں جولوگ زیادہ پیٹ بھرے رہتے ہیں قیامت کے دِن اُن کی بھوک سب سے طویل ہوگی اور جنّت میں اکثر سادہ لوح لوگ ہوں گے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
زیادہ لوگ دو کھوکھلی اشیاء کی وجہ سے جہنم میں داخل ہوں گے یعنی منہ اور شرمگاہ۔

فرمان رسول خدا ﷺ
حُسن خِلق اور تقویٰ کی وجہ سے زیادہ سے زیادہ لوگ جنّت میں داخل ہوں گے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بیوقوف شخص اپنی حماقت کی وجہ سے بدکار شخص سے زیادہ گناہ کا مرتکب ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
زمین ہر روز ستر مرتبہ آواز دیتی ہے: اے آدمؑ کی اولاد! تم جو چاہو کھاؤ، خدا کی قسم! ایک دن مَیں تمہارے گوشت و پوست کو کھاؤں گی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوند عالم اپنے اُس بندے سے راضی ہوجاتا ہے جو کھانا کھاتا ہے یا پانی پیتا ہے تو خدا تعالیٰ کا شکر بجالاتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب خداوند عالم کسی بندے کو دوست رکھتا ہے تو اُسے بقدر کفایت رزق دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خداوند عالم دعا میں تضرع وزاری اور اصرار کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب خداوند عالم آسمان سے کسی بلا کو اہل زمین پر نازل کرتا ہے تو اُسے مساجد کی تعمیر میں حصہ لینے والوں سے دُور رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خداوند عالم، باحیا اور محرّمات سے دُور رہنے والے شخص کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خداوند عالم نے میری اُمّت سے میری خاطر اُن کے دلوں سے گزرنے والے افکار کو معاف کیا ہے جب تک کہ وہ بات نہ کریں اور عمل نہ کریں۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خداوند عالم نے میری اُمّت سے بھول، غلطی اور مجبوری سے بجالائے ہوئے اُمور کو معاف کیا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خداوند عالم خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو دوست رکھتا ہے۔ سخی ہے سخاوت کو دوست رکھتا ہے، پاکیزہ ہے پاکیزگی کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک جس طرح خداوند عالم نے بیماریاں پیدا کی ہیں اُسی طرح دوائیں بھی پیدا کی ہیں ۔پس تم اپنے دردوں کی دوا کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بتحقیق خداوند عالم، باحیااور پردہ پوش ہے ۔پس تم میں سے کوئی غسل کرے تو پوشیدہ طور سے کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم، باحیااورمہربان ہے جب ایک شخص اُس کے حضوردست سوال دراز کرتا ہے تو اُسے نامراداورخالی لوٹانے سے حیا کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم نے اِس اُمت کیلئے آسانی کو پسند فرمایااور مشکل کو اِن کیلئے ناگوارسمجھا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم معاف کرنے والا ہے اور معافی کو پسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم غیرت مند ہے اور غیرت کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم نے تم پر کوشش لازم کی ہے پس تم کوشش کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم نے عورتوں پر سوکن کو برداشت کرنا لازم کر دیا ہے اور مَردوں پر جہاد واجب کیا ہے۔ پس جو عورتیں صبر کرتی ہیں خداوند عالم اُنہیں ایک شہید کا ثواب دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم مہربان ہے اور مہربانی کو پسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم، بدگو، بدزبان اور بازار میں چلا چلا کے باتیں کرنیوالوں کو پسند نہیں کرتا۔

فرمان رسول خداؐ
بے شک خداوند عالم ایسی عورتوں اور مَردوں کو پسند نہیں کرتا جو ذائقے کی خاطر شوہر اور بیوی بدلتے رہتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم کسی مومن پر ظلم نہیں کرتا بلکہ ہر نیکی کی دنیا و آخرت میں جزا دیتا ہے۔ لیکن کافر دنیا میں اپنے نیک کاموں کی وجہ سے روزی حاصل کرتا ہے جب آخرت میں پہنچتا ہے تو نیکیوں سے خالی ہوتا ہے کہ اُسے اجر دیا جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم تمہاری صورتوں کو نہیں دیکھتا اور نہ تمہارے اَموال کو دیکھتا ہے لیکن تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے۔

فرمان رسول خداؐ

بے شک خداوند عالم اپنے کسی بندے کا جب تک اُس میں نیکی کا ایک ذرّہ بھی موجود ہو، پردہ فاش نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک خداوند عالم، اِسلام کی مدد و تائید میں نااہل افراد سے بھی کام لیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک خداوند عالم اپنے مومن بندے کو دوست رکھتا ہے اِس لئے دنیا سے پرہیز کرنے کا حکم دیتا ہے جیسا کہ تم اپنے مریض کو محبت کی بنا پر مختلف چیزوں کے کھانے اور پینے سے پرہیز کراتے ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک خداوند عالم ایک صالح مسلمان کی وجہ سے اُس کے سو ہمسائیوں کے گھر والوں سے بلاؤں کو دور کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک خداوند عالم، اُس نوجوان کو آفرین و تحسین کہتا ہے جو اپنی جوانی کا مظاہرہ نہ کرے۔

فرمان رسول خداؐ

بے شک خداوند عالم بعض اوقات کسی بندے کے کئے ہوئے گناہ کو اُس کیلئے فائدہ مند قرار دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک خداوند عالم، نیکوکار ہے پس تم بھی نیکی کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم نے میری اُمّت کی غلطی، بھول چُوک اور مجبوری کے تحت کئے ہوئے کام کو بخش دیا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم کی طرف سے شکم مادر کے اندر رحم میں ایک فرشتہ موکّل ہوتا ہے جو ہر وقت کہتا ہے خداوندا ابھی نُطفہ ہے، ابھی علقہ ہے، ابھی مضغہ ہے۔ جب اُس کی خلقت پوری ہو جاتی ہے تو فرشتہ پوچھتا ہے کہ خداوندا یہ بد بخت ہے یا نیک بخت؟ نر ہے یا مادہ؟ اِس کی عمر اور روزی کتنی ہے؟ اِس طرح سوالات کر کے یہ تمام ماں کے پیٹ میں ہی اُس کیلئے لکھ لیتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم اپنے فرشتوں کے ہاں نوجوان عبادت گزار پر فخر کرتا ہے اور کہتا ہے میرے اِس بندے کو دیکھو جس نے صرف میری رضا کی خاطر اپنی خواہشات کو ترک کیا ہوا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، طلاق کو ناپسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، ظالم دولت مند، بوڑھے جاہل اور متکبّر فقیر کو ناپسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، گندے اور کثیف شخص کو ناپسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، ایسے مومن کو دشمن رکھتا ہے جو عقل نہ رکھتا ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، بدزبان شخص کو دشمن رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، ایسے ستر سالہ بوڑھے کو دشمن رکھتا ہے جو اپنی وضع قطع اور چال ڈھال میں بیس سالہ نوجوان نظر آئے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، تمام اُمور میں نرمی کو پسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، آسانی پیدا کرنے والے آزاد شخص کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، توبہ کرنے والے نوجوان کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، ہنرمند شخص کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، قدیم دوستی کو پسند کرتا ہے پس تم اپنی دوستی کو دوام بخشو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم، ہنر مند شخص کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم، اپنے بندوں میں سے غیرت مندوں کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم، عیالدار، فقیر مومن کو دوست رکھتا ہے جو پاکدامن رہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم کو یہ بات پسند ہے کہ تم اپنی اولاد کے ساتھ برابری کو سلوک کرو یہاں تک کہ بوسہ لینے میں بھی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم، والدین کے ساتھ نیکی کرنے کے ذریعے آدمی کی عمر میں اضافہ کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم فریاد کرنے والوں کی فریاد رسی کو پسند فرماتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم، پرہیزگار، دولت مند، نرم دل شخص کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم بھی غیرت کرتا ہے اور مومن بھی غیرت کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ کی غیرت یہ ہے کہ بندہ کسی ایسے کام کا ارتکاب کرے جسے خدا تعالیٰ نے حرام کردیا ہو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوندِ عالم، مرتے دَم تک توبہ قبول کرتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوندِ عالم فرماتا ہے کہ میرا بندہ جب تک مجھے یاد کرتا ہے اور میری یاد میں اُس کے لب حرکت کررہے ہوتے ہیں مَیں اُس کے ساتھ ہوتا ہوں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوندِ عالم کا ارشاد ہے مَیں اپنے بندے کے گمان کے قریب ہوں اگر مجھ سے اچھا گمان رکھے تو اچھائی، اگر بُرا گمان رکھے تو برائی۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روزہ دار کیلئے دو خوشیاں ہیں ایک تو اَفطار کے وقت اور دوسری خداوندِ عالم سے ملاقات کے وقت۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوندِ عالم ضرورت کے مطابق مدد نازل کرتا ہے اور آزمائش کے وقت صبر دیتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوندِ عالم، خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند فرماتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوندِ عالم، مصلحت آمیز جھوٹ کو پسند کرتا ہے اور فساد انگیز سچ کو ناپسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم نے ایسی کوئی بیماری نازل نہیں کی جس کی دوانازل نہ کی ہومگر بڑھاپے کی کوئی دوا نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم صدقہ کے ذریعہ ستر قسم کی بُری اموات کو دور کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم اپنے اُس بندے سے راضی ہو جاتا ہے جو کھانا کھاتا ہے یا پانی پیتا ہے تو خدا تعالیٰ کا شکر بجالاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم فاسق شخص کے ہاتھوں دین کی مدد کا سامان فراہم کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم اپنے مومن بندے کو پیٹ کی بیماری میں مبتلا کرتا ہے یہاں تک کہ اُس کے تمام گناہوں کا کفّارہ ادا ہو جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم، قسمیں کھا کھا کر مانگنے والے کو دشمن رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم، بوڑھے زانی، دولت مند ظالم اور متکبّر فقیر کو دشمن رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم، ہر اُس شخص کو جو دُنیا کا عالم اور آخرت کا جاہل ہو، ناپسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، ایسے متّقی لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اپنے تقویٰ کو چھپاتے ہوں اور نیکو کار ہوں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، اُس آنکھ کو پسند کرتا ہے جو خواہشات نفسانی کے وقت باریک بین ، دُور اندیش اور شُبہات کے وقت دِقّت سے دیکھتی ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوند عالم سخاوت کو دوست رکھتا ہے چاہے ایک کھجور کے دانے سے ہی کیوں نہ ہو اور بہادری کو دوست رکھتا ہے چاہے ایک سانپ ہی کیوں نہ مارے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، دعا میں تضرع وزاری اور اصرار کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، ہر غمگین دل کو پسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم بڑے اور اونچے اُمور کو پسند کرتا ہے جبکہ پست اور ادنیٰ کاموں کو ناگوار سمجھتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک خداوند عالم، اپنی حکمت کے نور سے مُردہ دلوں کو اُسی طرح زندہ کرتا ہے جس طرح بارش کے ذریعے مُردہ زمین کو زندہ کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم کسی بندے کے اپنی طرف اُٹھے ہوئے ہاتھوں کو خالی لوٹانے سے حیا کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم، آخرت کی نیّت کرنے سے دُنیا دیتا ہے اور دُنیا کی نیّت کرنے سے آخرت نہیں دیتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوند عالم نے بے ہودہ گفتگو سے منع فرمایا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک ایک مومن اپنے حُسن خلق کی وجہ سے راتوں کو نماز پڑھنے والے اور دنوں کو روزے رکھنے والوں کا درجہ حاصل کرسکتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن اپنے تمام اخراجات میں ثواب پاتا ہے سوائے اِس کے کہ وہ زمین میں دفن کرے یا عمارت بنائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی اپنے بھائی اور چچازادبھائیوں کے ساتھ مل کر بہت ہو جاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورت جب سامنے سے آتی ہے تو بھی شیطان کی صورت میں اور جب پُشت پھیر کر جاتی ہے تو بھی شیطان کی طرح۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورت کے ساتھ نکاح تین چیزوں کی خاطر کیا جاتا ہے؛: اُس کے دین کی خاطر، اُس کے حُسن کی خاطر یا اُس کے مال کی خاطر، تم دیندار عورت اختیار کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی دو دنوں کے درمیان ہے ایک تو وہ دن ختم ہوا جو گزر گیا ہے اور جس عمل حساب میں آگیا اور دوسرا وہ دن جس کے بارے میں معلوم نہیں کہ اُسے پائے گا یا نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورت کی خِلقت پسلی سے کی گئی ہے جو کسی بھی طریقے سے سیدھی نہیں ہوتی۔ اگر اِس کی کجی کے ساتھ گزارا تو گزارا لیکن اِسے سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے تو ٹوٹ جائے گی اور اُس کا ٹوٹ جانا طلاق پانا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب ایک مسلمان کسی مسلمان بھائی کی عیادت کیلئے جاتا ہے تو واپس ہونے تک اُس کے قدم جنت میں پڑتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نماز گزار گویا بادشاہ کا دروازہ کھٹکھٹا رہا ہے؛ جو ہر وقت کھٹکھٹاتا رہے گا دروازہ اُس کیلئے کھول دیا جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اِنَّ الْمَظْلُوْمِیْنَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔ قیامت کے دن مظلوم ہی فلاح پانے والے ہوں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فرشتے، طالبعلم سے خوش ہو کر اُن کے پاؤں کے نیچے اپنے پروں کو پھیلاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر لوگ کسی ظالم کو دیکھیں اور اُس کے ہاتھ کو ظلم کرنے سے نہ روکیں تو ممکن ہے کہ جلد ہی خدا تعالیٰ اُن پر بھی عذاب نازل کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں کو حُسنِ خُلق سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں دی گئی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دشمنی اور محبت دو موروثی چیزیں ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اولاد--- بخل، خوف، نادانی اور غم کا سبب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جھاڑیوں سے کانٹوں کے علاوہ کسی اور چیز کی اُمید نہیں کی جا سکتی، حکمرانوں کی قربت سے سوائے گناہوں کے اور کچھ حاصل نہیں کیا جا سکتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اہلِ جنت اپنے سے اور بلند درجات والے اہلِ جنّت کو اِس طرح دیکھیں گے جیسے تم آسمان پر ستاروں کو دیکھتے ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کو مرنے کے بعد جو پہلا اجر دیا جاتا ہے وہ یہ کہ اُس کے تشیع جنازہ کرنے والوں کی مغفرت کی جاتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حُسنِ خُلق --- گناہوں کو اِس طرح مٹاتا ہے جیسے سورج کی گرمی، برف کو ختم کرتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم پر حُسنِ ظن رکھنا، اللہ تعالیٰ کی بہترین عبادت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اِنّ حُسنَ العَھدِ مِنَ الاِیمَانِ۔ وعدے کی پابندی، جزوِ ایمان ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کے بہترین بندے وہ ہیں جو وعدہ پورا کرتے ہیں اور خوشبو استعمال کرتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم، تعریف وتوصیف کو پسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک روح القدس نے یہ بات میرے ذہن میں ڈال دی ہے کہ کوئی نفس اُس وقت نہیں مرتا یہاں تک کہ وہ اپنی مدّت پوری کرلے اور اپنا رزق پورا حاصل کرلے۔ پس تم رزق طلب کرنے میں خدا تعالیٰ سے ڈرو اور اگر تم میں سے کسی کے رزق میں دیر ہو جائے تو معصیتِ الٰہی کے ساتھ طلب مت کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ہاں جو کچھ ہے وہ اُس کی اطاعت کے بغیر نہیں ملتا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اِنّ عَذَابَ هٰذِهِ الاُمّت جُعِلَ فِیْ دُنْیَاھَا ۔ اِس اُمّت کیلئے عذاب اِس دنیا میں ہی رکھا گیا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
قیمتوں کا سستا اور مہنگا ہونا، اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جنّت میں ایک گھر ہے جسے خوشیوں کا گھر کہتے ہیں ؛اِس میں کوئی بھی داخل نہیں ہو سکے گا مگر وہ شخص جس نے مومنوں کے یتیموں کو خوش رکھا ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بے شک حجامت میں شفاء ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بنی آدمؑ کا دِل چڑیا کی مانند ہے جو دن میں سات مرتبہ بدلتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
علم کے ساتھ بجالایا جانے والا تھوڑا عمل بھی زیادہ ہے اور جہالت کے ساتھ بجالایا جانے والا زیادہ عمل بھی تھوڑا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو کوئی عمداً جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھے تو گویا اُس نے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنایا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم اپنا مال دے کر لوگوں کیلئے کفایت نہیں کر سکتے مگر اپنے اخلاق کے ذریعے اُنہیں خوش رکھو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
توبہ کا کھلا ہوا دروازہ اتنا وسیع ہے جتنی وسعت مشرق ومغرب کے درمیان ہے اور یہ دروازہ بند نہیں ہوتا مگر یہ سورج مغرب سے طلوع ہو جائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خط کا جواب لکھنا بھی سلام کے جواب کی مانند واجب ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حقدار کی باتوں سے بھی حق جھلکتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر اُمّت کیلئے ایک فِتنہ اور آزمائش ہے میری اُمت کیلئے مال، فتنہ ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر دین کا ایک اخلاق ہوتا ہے اِس دین کا اخلاق حیا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک ہر درخت کا ایک پھل ہوتا ہے اور دِل کا پھل اولاد ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک ہر چیز کا ایک سر چشمہ ہوتا ہے اور عارفوں کے دل تقویٰ کا سر چشمہ ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک خداوند عالم نے چند گروہوں کو مخصوص کیا ہوا ہے کہ اپنی نعمات اُن کے سپرد کریں تاکہ اُس کے بندوں کو نفع پہنچے اور جب تک وہ خرچ کرتے رہتے ہیں اور اُن کے پاس نعمتیں رہتی ہیں لیکن جب وہ روک لیتے ہیں تو اُن سے اُٹھا کر دوسروں کے حوالے کر دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک اِس دنیا میں خداوند عالم کی طرف سے بخشش یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اُس کے گناہوں کی پردہ پوشی کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک سیرت وخصلت کو تبدیل کرنا، صورت اور خِلقت تبدیل کرنے کے برابر ہے اگر تم کسی کی صورت تبدیل کر سکتے ہو تو اُس کی خصلت بھی تبدیل کر سکتے ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک ایمان کے اعتبار سے کامل ترین مومن وہ ہے جس کے اَخلاق اچھے ہوں اور اپنے اہل وعیال کے ساتھ نرمی سے پیش آتے ہوں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک کسی شخص کی سعادتوں میں سے ایک سعادت یہ ہے کہ خداوند عالم اُسے لمبی عمر دے اور توبہ کی توفیق دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک گناہوں میں سے بعض گناہ ایسے ہیں جن کیلئے نماز، روزہ، حج، عمرہ وغیرہ کفارہ نہیں بن سکتے مگر اُن کا کفّارہ معاش کی تنگی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک اسراف کی ایک قسم یہ ہے کہ انسان ہر اُس چیز کو کھائے جسے اُس کا دل چاہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک یہ سنّت ہے کہ آدمی اپنے مہمانوں کے ساتھ دروازے تک اُسے چھوڑنے آئے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک لوگوں میں سے بعض لوگ ایسے ہیں جو بھلائی کی چابی اور بُرائی کا تالا ہیں اور لوگوں میں سے بعض ایسے ہیں جو بُرائی کی چابی اور اچھائی کا تالا ہیں۔ خوشحال ہو اُس شخص کا جس کے ہاتھ میں بھلائی کی چابیاں ہیں، اور خرابی ہے اُس کیلئے جس کے ہاتھوں میں بُرائی کی چابیاں ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک یقین کی شرائط میں سے ایک یہ ہے کہ لوگوں کی خوشنودی میں خدا تعالیٰ کی ناراضگی مول نہ لو۔ خدا تعالیٰ نے جو کچھ تجھے دیا ہے اُس پر کسی کی مدح وثنا مت کرو اور جب خدا تعالیٰ نے تمہیں نہیں دیا ہے تو کسی کی مذمّت بھی مت کرو کیونکہ لالچی کے لالچ سے اُس کے رزق میں اضافہ نہیں ہوتا اور نہ بدخواہ کی وجہ سے کسی کا رزق کم ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک باپ پر بیٹے کا ایک حق یہ ہوتا ہے کہ وہ اُسے لکھنا سکھائے، اچھا نام رکھے اور بالغ ہونے پر اُس کی شادی کر دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ سے جو شخص سوال نہیں کرتا، اُس شخص سے اللہ تعالیٰ ناراض ہو جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے پاس موجود آگ جہنم کی آگ کا سترہواں جز ہے اگر اِسے پانی سے دوبارہ نہ بجھایا گیا ہوتا تو تم اِس سے فائدہ نہ اُٹھا پاتے اور دُنیا کی آگ خداوند عالم سے دُعا کرتی ہے کہ اُسے جہنم میں نہ لوٹائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دلوں پر بھی لوہے کی طرح زنگ لگتا ہے پوچھا گیا کہ اِس کا علاج کیا ہے؟ فرمایا موت کا ذکر اور قرآن کی تلاوت۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اُمید خداوند عالم کی طرف سے میری اُمّت کیلئے رحمت ہے اگر اُمید نہ ہوتی تو ماں اپنے بچے کو دُودھ نہ پلاتی اور کوئی شخص درخت بھی کاشت نہ کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اِنَّمَا الاَعمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَالخَوَاتِيم ۔اعمال کا دارومدار اُس کی نیت اور انجام پر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم سیکھنے سے حاصل ہوتا ہے اور حِلم بُردباری کے مظاہرے سے، جو بھلائی کا طلبگار ہوگا اُسے دی جائے گی جو بُرائی سے بچنے کی کوشش کرے گا اُسے بچایا جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جہالت کا علاج سوال کرنے میں ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دِل کی مثال ایسے ہے جیسے کسی صحرا میں درخت سے لٹکا ہوا دھاگہ ہو جو ہوا کے چلنے سے جھولتا رہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے لئے دُنیا میں سے اِسی قدر کافی ہے جیسے کسی مسافر کیلئے زادِراہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں تمہیں دو کمزوروں کے حق کے بارے میں متنبّہ کرتا ہوں: یتیم اور عورت۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں اُس عورت کو ناپسند کرتا ہوں جو شوہر کی شکایت کرنے گھر سے باہر نکل جاتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مجھے یہ فریضہ نہیں سونپا گیا کہ مَیں لوگوں کے دِلوں میں گھُس جاؤں اور اُن کے باطن کو کھول کر رکھ دوں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے پوشیدہ اور اعلانیہ اُمور میں تقویٰ الٰہی کی وصیت کرتا ہوں، جب تم کوئی برائی کرو تو فوراً نیکی کرو اور تم کسی سے کوئی سوال مت کرو، نہ کسی سے امانت روکو اور نہ دو افراد کے درمیان فیصلہ کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَوَّلُ العِبَادَۃِ الصُّمتُ۔ عبادت کی ابتداء خاموشی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَوّلُ مَا یُحَاسِبُ بِهِ الصّلوٰۃُ۔ سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اِس اُمت سے سب سے پہلے جو چیز اُٹھائی جائے گی وہ حیا اور امانت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لوگوں کے درمیان فیصلوں میں قیامت کے دن سب سے پہلے قتل کے فیصلے کئے جائیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میزانِ اعمال میں جو چیز سب سے پہلے رکھی جائے گی وہ حُسنِ خُلق ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کسی شخص کے میزان میں سب سے پہلے جو چیز رکھی جائے گی وہ اُس کے اہل وعیال کا نفقہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خبردار! قرض لینے سے پرہیز کرو کیونکہ یہ رات کی فکر اور دِلوں کی ذِلّت کا باعث ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خبردار! غیبت سے پرہیز کرو کیونکہ غیبت زنا سے بڑھ کر (گناہ) ہے کیونکہ ایک شخص زنا کا ارتکاب کرکے توبہ کرتا ہے تو اللہ اُس کی توبہ قبول کرتا ہے اور غیبت کرنے والے کو معاف نہیں کرتا مگر یہ کہ جس کی غیبت کی تھی وہ معاف کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خبردار! تکبّر سے بچے رہو کیونکہ اِبلیس کو تکبّر نے ہی روکا کہ وہ آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرے۔ خبردار! لالچ سے بچے رہو کیونکہ آدم علیہ السلام کو لالچ نے اُبھارا کہ وہ گندم کا دانہ کھائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خبردار! کسی کی مدح (سامنے) نہ کرنا کیونکہ مدح کرنا اور ذِبح کرنا برابر ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خبردار! کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر اُگنے والی سبزی سے دُور رہو۔ پوچھا گیا وہ کیا ہے؟ فرمایا، بُرے گھرانے کی خوبصُورت عورت۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مظلوم کی بد دعا سے بچے رہو، چاہے وہ کافر ہی کیوں نہ ہوں کیونکہ مظلوم اور خدا تعالیٰ کے درمیان کوئی حجاب حائل نہیں ہوتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عورتوں کے ساتھ زیادہ گفتگو سے پرہیز کرو کیونکہ جب ایک مرد کسی عورت کے ساتھ اکیلے میں باتیں کرتا ہے تو وہ اُس کے افکار پر چھا جاتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خبردار کسی کام کو نہ ٹالنا کیونکہ تم صرف آج کے دن زندہ ہو کل کا عمل تمہارے اختیار میں نہیں۔ اگر آئندہ والا کل ملے تو بھی اُسے آج کا دن قرار دو اگر نہ ملے تو آج کے دن میں کوتاہی کرنے پر ندامت ہوگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خبردار! دوصفات سے پرہیز کرو، آزُردگی اور کاہلی۔ اگرتم آزُردہ ہوگے تو حق پر صبر نہیں کرسکو گے اور اگر کاہلی اختیار کروگے تو حق کی ادائیگی نہیں کرسکو گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خبردار! جب کسی بھی کام کا عذر پیش کیا جائے، اُسے قبول کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو بات کانوں کا بُری لگے اُس سے پرہیز کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خبردار! بُرے ہم نشیں سے دُور رہو کیونکہ اِس کے ذریعے تمہارا تعارف ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جھوٹے کی ہم نشینی سے دُور رہو وہ سراب کی مانند ہے جو دُور کو قریب اور قریب کو دُور کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
احمق کی ہم نشینی سے دُور بھاگو کیونکہ یہ تمہیں نفع پہنچانا چاہتا ہے مگر نقصان پہنچاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بخل کی بیماری سے بڑھ کر کوئی بیماری نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی عورت خوشبو لگا کر گھر سے باہر نکلے اور لوگوں کے درمیان سے گزرے، لوگ اُس کی خوشبو کو پائیں تو یہ عورت بمنزلہ زانیہ کے ہے اور ہر زنا کار کی نظروں میں ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکوئی عورت اپنے گھر سے شوہر کی اجازت کے بغیر نکلے تو واپس گھر آنے تک یا شوہر کے راضی ہونے تک اللہ تعالے کے غیض وغضب کا نشانہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر کوئی عورت (بغیر کسی شرعی وجہ کے) شوہر سے طلاق مانگے تو اُس پر جنّت کی خوشبو حرام ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو عورت مرجائے اور اُس کا شوہر اُس سے راضی ہو تو وہ جنّت داخل ہوگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر کے علاوہ اور کسی جگہ پر کپڑے اُتارے تو اُس نے اپنے اور خدا تعالیٰ کے درمیان کے حجاب کو پائمال کیا اور اُس کی توہین کی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَیُّمَا رَاعٍ غَشَّ رَعِیَّتَهُ فَهُوَ فِی النَّارِ۔ جو اپنے ماتحتوں کے ساتھ فریب کرتا ہے اُس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی کسی شخص کو دس افراد پر حکومت کا حق دے اور یہ علم رکھتا ہو کہ اِن دس افراد میں سے ایک اُس سے برتر فرد بھی موجود ہے تو اُس نے خدا، رسولؐ اور مسلمانوں کے ساتھ دھوکہ کیا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جوکوئی مسلمان ایسا ہو جس کی نیکی کی گواہی چار آدمی دیں تو خداوند تعالے اُسے جنت میں داخل کرے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
لوگو! میری طرف سے کوئی بھی بات تم تک پہنچے تو دیکھو اگر وہ بات کتاب اللہ کے موافق ہے تو مَیں نے کہی ہے لیکن اگر اللہ کی کتاب کے مخالف ہو تو سمجھو کہ مَیں نے نہیں کہی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اَلْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ کَفَاعِلِہٖ۔ نیکی کا حکم کرنے والا اُس کے بجالانے والے کی مانند ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
نیکی یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت اِس طرح کرو کہ جیسے تم اُسے دیکھ رہے ہو کیونکہ اگر تم اُسے نہیں دیکھ رہے تو وہ تو تمہیں دیکھ رہا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
زمین اللہ کی، بندے اللہ کے، پس جس کسی نے بنجر زمین کو آباد کیا وہ اُسی کی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ارواح منظم فوجوں کی طرح ہیں۔ واقف روحیں اُلفت کرنے والی اور ناواقف روحیں اختلاف کرنے والی ہوتی ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اَلْاِسْتِغْفَارُ مِمْحَاۃٌ لِلذُّنُوْبِ۔ استغفار، گناہوں کو محو کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اسلام اعلانیہ ہوتا ہے اور ایمان پوشیدہ ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اخراجات میں قناعت نصف معاش ہے اور لوگوں کے ساتھ اظہار محبت نصف عقل ہے اور اچھی طرح سے سوال کرنا نصف علم ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قناعت نصف معاش ہے اور حُسن خُلق نصف دین ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلْاَکْبَرُ مِنَ الْاِخْوَۃِ بِمَنْزِلَۃِ الْاَبِ۔ بڑا بھائی بمنزلہ باپ کے ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلْاَکْلُ فِی السُّوْقِ دَنَاءَۃِ۔ بازار میں کھانا پستی کی علامت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ملازموں کے ساتھ کھانا تواضع کی علامت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
امانت رزق کو بڑھاتی ہے اور خیانت کاری فقر کا باعث ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلْاَمْنُ وَالْعَافِیَۃُ نِعْمَتَانِ، مَغْبُوْن فِیْہِمَا کَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ۔ امن اور عافیت دو نعمتیں ہیں۔ بہت سارے لوگ اِسی سے فریب کھاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ

تمام اُمور کی بھلائی اور بُرائی خدا کی طرف سے ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

دیر کرنا خدا کی طرف سے ہے اور جلدی شیطان کی طرف سے ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

ہاتھ تین قسم کے ہیں ۔ایک تو اللہ تعالے کا ہاتھ ہے جو سب سے بلند ہے، دینے والے کا ہاتھ اُس سے نیچے ہے اور مانگنے والے کا ہاتھ اُس سے بھی نیچے ہے۔بس فاضل چیز دے دے اور بخشش کرنے سے عاجز مت آ۔

فرمان رسول خدا ﷺ

ایمان ،صبر اور بخشش کا نام ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

تقدیر پر اعتقاد غم و اندوہ کو برطرف کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

ایمان دِل کی معرفت، زبان کا اقرار اور اعضا کا عمل ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

ایمان کے دو حصے ہیں ایک حصہ صبر میں اور ایک حصہ شکر میں ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

ایمان اور عمل ہم نشین ہیں، اِن دونوں میں سے ہر ایک دوسرے کے بغیر نامکمل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دوگناہ ایسے ہیں جن کی سزا دنیا میں جلد دی جاتی ہے۔ بغاوت اوروالدین کی نافرمانی (عاق ہونا)۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چار چیزوں سے پہلے چار چیزوں کو غنیمت جانو: بڑھاپے سے پہلے جوانی کو، بیماری سے پہلے تندرستی کو، فقیری سے پہلے امیری کو، اور موت سے پہلے زندگی کو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنی صبح کو صدقے کے ساتھ شروع کرو کیونکہ بلا، صدقہ سے گزر کر نہیں آسکتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صبح سویرے رزق اور اپنی ضروریات کی طلب میں نکلو کیونکہ سویرے اُٹھنا، برکت اور کامیابی کا باعث ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدترین طُعام شادی کا وہ ولیمہ ہے جو صرف امیروں کو کھلایا جائے اور غریبوں کو نہ دیا جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیا ہی بُرے ہیں وہ لوگ جو مہمان کو گھر نہیں بلاتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شخص کیلئے یہ کافی ہے کہ جب وہ کسی برائی کا دیکھے، اور اُسے تبدیل بھی نہ کر سکے، تو کم از کم اتنا ہو کہ اللہ تعالےٰ کے حضور ثابت ہو کہ وہ اِس برائی سے بیزار تھا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وہ شخص بخیل نہیں جو زکواۃ ادا کرے، مہمان نوازی کرے اور سختیوں کے وقت بخشش سے کام لے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

والدین کے ساتھ نیکی کرنا، جہاد کے لئے کافی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

والدین کی اِطاعت کرنا عمر کو بڑھاتا ہے اور جھوٹ رزق کو گھٹاتا ہے اور دُعا اَجل کو ٹالتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنے کھانے کو ٹھنڈا ہونے دو تاکہ تمہارے لئے برکت ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرو تاکہ تمہارے بیٹے تمہارے ساتھ نیکی کریں۔ پاکدامن رہو تاکہ تمہاری عورتیں پاکدامن رہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنے رشتہ داروں کے ساتھ ملتے رہو، چاہے سلام کے ذریعے ہی کیوں نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بَیْتٌ لَا صِبیانَ فِیْہِ لَا بَرَکَۃَ۔ جس گھر میں بچے نہ ہوں اُس میں برکت نہیں ہوتی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
عالم اور عابد کے درمیان ستر درجے کا فاصلہ ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کسی بندے اور کفر کے درمیان کا فاصلہ، ترک نماز ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
سلام میں پہل کرنے والا، تکبّر سے بَری ہو گیا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بخیل وہ شخص ہے جس کے سامنے میرا نام لیا جائے تو مجھ پر درود نہ بھیجے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بدزبانی، بدبختی ہے اور بدکرداری، پستی کا سرچشمہ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
گناہ وہ ہے جو تمہارے دِل میں ہے اور تم یہ گوارا نہیں کر سکتے کہ لوگ اُس سے باخبر ہو جائیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
نیکی وہ ہے کہ جس سے دِل کو سکون اور رُوح کو اطمنان ملے اور گناہ وہ ہے جس کا خیال دِل میں گزرے مگر تمہیں پسند نہ ہو کہ لوگ اُس پر مطلع ہوں اور لوگ جو چاہیں کہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور بڑوں کی عزت نہیں کرتا وہ ہم میں سے نہیں۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
گھوڑوں کی پیشانی پر برکت ہوتی ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
برکت تمہارے بزرگوں کے ساتھ ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
پیٹ بھر کے کھانا، قساوتِ قلب کا باعث ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
رونا رحمت ہے اور چیخ و پکار شیطانی فعل ہے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
وہ گھر جس میں قرآن پڑھا جاتا ہے، اہلِ آسمان کو اِس طرح نظر آتا ہے جس طرح ستارے اہلِ زمین کو نظر آتے ہیں۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جہنم کی آگ اولادِ آدمؑ کے ہر حصے کو جلائے گی سوائے سجدوں کی جگہوں کے کیونکہ خداوند عالم نے آگ پر حرام کیا ہے کہ وہ سجدوں کی جگہوں کو جلائے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
اپنے کسی بھائی کے سامنے مسکرانا بھی صدقہ ہے، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا بھی صدقہ ہے، راستہ بھولے ہوئے کی رہنمائی کرنا بھی صدقہ ہے اور راستے سے پتھر، کانٹا، ہڈی وغیرہ کو ہٹانا بھی صدقہ ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوان مردوں کو عذاب دینے سے درگزر کرو جب تک حدودِ الٰہی میں سے کچھ عائد نہ ہو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سخّی کے گناہ سے چشم پوشی کرو، عالم کی لغزش اور عادل بادشاہ کی سِطوَت سے چشم پوشی کرو کیونکہ اگر اِن میں سے کسی ایک سے بھی لغزش ہو جائے تو خداوندِ عالم اُن کا ہاتھ تھام لیتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر وقت سچائی کا ساتھ دو چاہے تمہیں اِس میں ہلاکت نظر آئے کیونکہ اِس میں نجات ہے اور جھوٹ سے پرہیز کرو چاہے تمہیں اِس میں نجات نظر آئے کیونکہ اِس میں ہلاکت ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
موت، مومن کا تحفہ ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اِس دُنیا میں مومن کا تحفہ، فَقر ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زمین کا احترام کرو جو تمہارے لئے ماں کی مانند ہے اِس پر جو بھی اچھا یا بُرا عمل بجالاتا ہے یہ اُس کی خبر دیتی ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دانتوں کا خلال کرو کیونکہ یہ پاکیزگی ہے اور پاکیزگی ایمان کی طرف بلاتی ہے اور ایمان اپنے مالک کے ساتھ جنّت میں ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے نطفوں کیلئے مناسب جگہوں کا انتخاب کرو کیونکہ عورتیں اپنے بھائیوں اور بہنوں جیسی اولاد پیدا کرتی ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے نطفوں کیلئے مناسب جگہوں کا انتخاب کرو ہم پلّہ لوگوں سے رشتے لو اور انہیں ہی رشتے دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے نطفوں کیلئے مناسب جگہوں کا انتخاب کرو اور کالے رنگ سے پرہیز کرو کیونکہ کالا رنگ بُرا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صدقات کے ذریعے اپنے غموں اور دُکھوں کا تدارک کرو۔(ایسا کرو گے تو) اللہ تعالے تمہارے غم والم دُور کردے گا اور تمہیں تمہارے دشمنوں پر مدد دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
گائے کے دودھ سے علاج کرو، مجھے امید ہے کہ اللہ تعالے اِس کے ذریعے شفاء دے گا کیونکہ گائے ہر درخت اور پودے کے پتّے کھاتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا کے بندو! اپنی بیماریوں کا علاج کرو۔ بے شک اللہ تعالے نے کوئی بیماری ایسی نہیں بنائی جس کی دوا نہ بنائی ہو۔صرف ایک بیماری کی دوا نہیں یعنی بڑھاپے کی بیماری۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بیماریوں میں دواؤں سے علاج کرو کیونکہ جس نے بیماریاں نازل کی ہیں اُس نے دوا بھی نازل کی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کیا تم جانتے ہو کہ شیر چنگھاڑتے وقت کیا کہتا ہے؟ وہ کہتا ہے پروردگار! مجھے نیکوکاروں پر مسلّط نہ فرمانا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دُنیا کو ترک کرنا صبر کرنے سے زیادہ تلخ اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں تلواروں کے توڑنے سے زیادہ سخت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تین چیزوں سے اللہ کی پناہ مانگو، جو کمر شکن ہیں۔ برے ہمسائے سے جو بھلائی دیکھتا ہے تو چھپاتا ہے اگر کوئی برائی دیکھتا ہے تو اُچھالتا ہے۔ بری بیوی سے جو سامنے ہو تو بدزبانی کرتی ہے اور دور رہے تو خیانت کرتی ہے۔ برے رہنما سے کہ نیکی کرو تو قبول نہیں کرتا اور برائی کرو تو بخشتا نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تاخیر،قناعت اور خاموشی--- نبوت کا چوبیسواں جزو ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تین آدمی، تین قسم کے لوگوں کے ساتھ انصاف نہیں کرتے۔آزاد،غلام کے ساتھ- عالم، جاہل کے ساتھ اور طاقتور،کمزور کے ساتھ۔

فرمان رسول خدا ﷺ
قیامت کے دن خداوند عالم تین قسم کے لوگوں کی طرف نظر نہیں کرے گا: والدین کا عاق، وہ عورت جو مردوں کی شباہت اختیار کرے اور دیوث مرد۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اللہ کا ذکر دلوں کی شفاء ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تین چیزیں ایسی ہیں جن کے ساتھ کوئی نیکی فائدہ نہیں پہنچا سکتی: اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک قرار دینا، والدین کی نافرمانی اور میدان جنگ سے فرار۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تین چیزیں سعادت مندی ہیں: (1)- نیک عورت جسے دیکھ کر تجھے خوشی حاصل ہو، جب تم اس سے اوجھل ہوتے ہو تو وہ اپنے نفس اور تیرے مال کی حفاظت کرتی ہے۔
(2)- تیز رفتار سواری جو تجھے منزل مقصود تک پہنچاتی ہے۔
(3)-وسیع گھر جو تیرے لئے کشائش کرے۔
تین چیزیں جو بدبختی کا باعث ہیں:- (1) ایسی بیوی جو جب تم اُسے دیکھو تو تمہیں غمگین کرے، تمہارے ساتھ زبان درازی کرے، اگر دور چلے جاؤ تو تم اُسے اپنے مال اور اُس کی عفت کی امانتدار نہ جانو۔ (2) - کند رفتار سواری، جسے مارو مشکل میں ڈالے اگر چھوڑ دو تو منزل مقصود تک نہ پہنچائے۔- (3) چھوٹا گھر جو تیرے لئے کفایت نہ کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو کوئی بھی تین چیزوں کا اقرار کرے گا، بہشت میں جائے گا: جو اللہ کے پروردگار ہونے، اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمدؐ کے رسول ہونے پر راضی ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ایسے لوگوں کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں: ایک وہ جس کی بیوی بدخُلق ہے اور اپنی زبان سے اُسے اذیت دیتی ہے اور وہ اُسے طلاق نہیں دیتا ایک وہ جو اپنا مال کسی دوسرے کو دیتا ہے مگر گواہ نہیں رکھتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تین آدمیوں کا خداوند عالم پر حق ہے کہ اُن کی دعا مسترد نہ کرے: روزہ دار جب تک افطار نہ کرے، مظلوم جب تک اُس کی مدد نہ ہو، مسافر جب تک گھر نہ لوٹے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تین چیزیں ہر مسلمان پر لازم ہیں: جمعہ کے دن غسل، مسواک اور خوشبو کا استعمال۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تین خصلتیں مرد مسلمان کی دنیا میں سعادت ہیں: نیک ہمسایہ، کشادہ گھر اور خوش رفتار سواری۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تین صفات ایسی ہیں کہ اگر کسی میں اِن میں سے ایک بھی موجود نہ ہو تو ایسے آدمی سے کتا بہتر ہے: پرہیزگاری، جو اُسے محرمات سے بچائے۔ حلم، جس کے ذریعے جاہل کی جہالت دفاع کرے۔ حسن خلق، جس کے ساتھ لوگوں کے درمیان زندگی گزارے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تین دعاؤں کے قبول ہونے میں کوئی شک نہیں: مظلوم کی دعا، مسافر کی دعا اور باپ کی دعا بیٹے کے حق میں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین چیزوں میں تاخیر مت کرو: نماز جب اُس کا وقت ہو جائے، جنازہ جب تیار ہو جائے اور بیوہ کی شادی جب کوئی ہم پلہ مل جائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین چیزیں ایسی ہیں جنہیں ترک کرنے کی اجازت کسی کو نہیں: والدین کی اطاعت چاہے مسلمان ہو یا کافر، ایفائے عہد چاہے کافر کے ساتھ ہو یا مسلمان کے ساتھ، امانت کی ادائیگی چاہے مسلمان امانت رکھوائے یا کافر۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین چیزوں کے بارے میں مذاق نہیں کرنا چاہیے: طلاق، نکاح اور غلام کو آزاد کرنے میں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین چیزیں جسے ملیں تو گویا اُسے وہ کچھ ملا جو آلِ داؤد کو ملا: خوشی اور غصے کی حالت میں عدل سے کام لے، تونگری اور فقر کی حالت میں قناعت سے کام لے اور اپنے باطن و ظاہر میں خوف خدا جل جلالہ رکھے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین چیزیں نجات کا باعث ہیں: اپنی زبان کو قابو میں رکھنا، اپنے گناہوں پر رونا اور اپنے گھر میں رہنا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین باتیں جس میں ہوں وہ اُس عرشِ الٰہی کے زیرِ سایہ ہوگا جس دن سوائے اُس کے اور کوئی سایہ نہ ہوگا: مشکلات کے باوجود وضو کرنا، رات کے اندھیروں میں مساجد کی طرف چلنا اور بھوکوں کو کھانا کھلانا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین چیزیں جس کسی میں ہوں وہ نیک لوگوں میں سے ہے: اللہ تعالیٰ کے فیصلوں پر راضی ہونا، حرام چیزوں سے صبر کرنا اور اللہ تعالیٰ کی خاطر غصہ ہونا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین چیزیں جس میں ہوں وہ منافق ہے، چاہے وہ نمازیں پڑھے، روزے رکھے اور حج وعمرہ بجالائے اور کہے کہ میں مسلمان ہوں۔ جب بات کرے تو جھوٹ بولے، وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے اور جب امانت رکھی جائے تو خیانت کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی میں تین باتیں ہوں وہ بخل سے بچا: جو زکواۃ ادا کرے، مہمان بلائے اور تنگی میں خرچ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین چیزیں نظر کو تیز کرتی ہیں: سبزے، جاری پانی اور خوبصورت چہرے کی طرف دیکھنا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تین چیزیں دوست کی محبت کو خالص کرتی ہیں: جب ملاقات کرو تو سلام کرو، مجلس میں اُسے جگہ دو اور اُسے اُس کے پسندیدہ نام سے پکارو۔ گھر کا ہمسایہ زیادہ حقدار ہے کہ ہمسایہ کے گھر کو خریدے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنی خواہشات کے خلاف جہاد کرو تا کہ تمہیں اپنے نفس پر قابو رہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خداوند عالم نے رحمت کے سو حصے کیئے، ننانوے حصے اپنے پاس رکھے اور ایک حصہ زمین میں بھیجا۔ اُسی ایک حصے کی وجہ سے لوگ ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں یہاں تک کہ گھوڑی اپنے پاؤں کو اُٹھا کر رکھتی ہے کہ کہیں اُس کے بچوں پر چوٹ نہ لگے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خداوند عالم نے اِس اُمت کا عذاب اِسی دنیا میں رکھا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

تمام گناہوں کو ایک گھر میں رکھا گیا ہے اور اُس کی چابی شراب خوری ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

مرد کی خوبصورتی، اُس کی زبان کی فصاحت ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

سب سے بڑی بلا، صبر کی کمی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

عیال کی کثرت اور کم آمدنی، سب سے بڑی مصیبت ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

گھر خریدنے سے پہلے ہمسائے، سفر کرنے سے پہلے ساتھی اور کوچ کرنے سے پہلے زادِ سفر کا خیال رکھو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جاہل، ہم نشینوں پر ظلم کرتا ہے، زیر دستوں پر زیادتی کرتا ہے، بڑوں کے سامنے تکبر اور تمیز کے بغیر بات کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صحیح بات کا حُسن یہ ہے کہ سچ کہا جائے، نیک کاموں کا کمال یہ ہے کہ سچائی کے ساتھ بجالائے جائیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مرد کا حُسن، اُس کی زبان ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنت تمہارے نزدیک ایسے ہے جیسے جوتے کے نزدیک اُس کے تسمے اور جہنم بھی اِسی طرح ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنت، تمہاری ماؤں کے قدموں تلے ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنت تلواروں کے سائے تلے ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنت ہر اُس شخص پر حرام ہے جو بدزبان ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنت، سخی لوگوں کا گھر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنت ہر توبہ کرنے والے کیلئے ہے اور رحمت ہر وقف کرنیوالے کیلئے ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنت کے 100 درجے ہیں جس کے دو درجوں کے درمیان فاصلہ آسمان اور زمین جتنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی کے گھر میں اصیل گھوڑا ہو اُس گھر والوں کو جن تنگ نہیں کرتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جہاد کی چار اقسام ہیں: نیکی کا حکم کرنا، برائی سے روکنا، صبر کے موقع پر سچائی اختیار کرنا اور فاسق کو دشمن سمجھنا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ خواتین جو حاملہ، صاحب اولاد، دودھ پلانے والی، اپنی اولاد پر مہربان اور نماز پڑھنے والی ہوں اگر شوہر کے ساتھ اُن کے سلوک کو شمار نہ کیا جاتا تو وہ بلا روک ٹوک جنت میں جاتیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں سے تعریف سننے کی محبت، انسان کو گونگا اور بہرا بنا دیتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا کی محبت، تمام گناہوں کا سرنامہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہاری دنیا سے مجھے عورتیں اور خوشبو پسند ہیں اور نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شئے کے ساتھ محبت تمہیں گونگا اور بہرا بنا دیتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ پر لازم ہے کہ وہ ایسے مظلوم کی دُعا کو قبول نہ کرے جس نے ایسا ظلم پہلے کسی اور پر کیا ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جہنم کو خواہشات سے چھپایا گیا ہے اور جنت کو ناگواریوں سے پوشیدہ رکھا گیا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حج ادا کرو تم بے نیاز ہو جاؤ گے اور سفر کرو تاکہ صحت پا جاؤ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک رات کی نگہبانی، اُن ہزار راتوں سے افضل ہے جس کی راتوں کو عبادت میں جاگ کر کاٹا جائے اور دنوں کو روزہ رکھا جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہمسائے کی حرمت، ہمسائے پر اُس کے خون کی طرح محترم ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خوف خدا جل جلالہ میں رونے اور اللہ جل جلالہ کی راہ میں راتوں کو جاگنے والی اور محرمات اِلٰہی سے بچنے والی آنکھ پر آگ حرام ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مسلمان کے مال کی حرمت بھی اُس کے خون کی مانند ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو لوگوں کیلئے نرم، آسان اور ملائم ہے اور لوگوں کے قریب ہے، اُس کیلئے آگ حرام ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کسی شخص کے بخیل ہونے کیلئے یہی کافی ہے کہ وہ کہے کہ مَیں اپنا حصہ پورا لوں گا اور اُس میں سے کچھ بھی نہیں چھوڑوں گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تمہاری جہالت کیلئے اِتنا کافی ہے کہ تو جو کچھ جانے، اُسے ظاہر کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تمہارے جھوٹے ہونے کیلئے اِتنا کافی ہے کہ تو جو کچھ سنے اُسے بیان کرتا پھرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خندہ پیشانی، بُغض و کینہ کو دور کرتی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
حُسنِ خلق،، عظیم پروردگار کا خلق ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
حُسنِ خلق،، نصف دین ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حُسنِ خلق، گناہوں کو اِس طرح پگھلا دیتا ہے جیسے سورج برف کو پگھلا دیتا ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خوبصورت بال دولت ہیں اور خوبصورت چہرہ دولت ہے اور خوبصورت زبان دولت ہے اور مال دولت ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حُسنِ خلق، نصف دین ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حُسنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ۔ حُسنِ ظن عبادت کا حُسن ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نیکی عمر میں اضافہ کرتی ہے۔ صدقہ بری موت سے نجات کا سبب ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورت کی اطاعت، ندامت ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے لباس کو اچھی طرح رکھو، اپنے لوازمات میں نظم رکھو تاکہ لوگوں میں نمایاں رہو۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے مال کی حفاظت زکواۃ کے ذریعہ کرو، اپنے مریضوں کا علاج صدقہ کے ذریعہ کرو اور مصیبت کا مقابلہ دُعا کے ساتھ تیار کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چھوٹے بچوں کا حفظ کرنا۔- پتھر کی لکیر کے مانند ہے اور بڑے ہونے کے بعد یاد کرنا۔- پانی پر لکھنے کے برابر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنت، ناگواریوں کے قریب ہے اور جہنم، خواہشات کے قریب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہمسائے کا حق یہ ہے کہ بیمار ہو جائے تو عیادت کرو، مرجائے تو تشیعِ جنازہ کرو، قرض مانگے تو قرض دو، اگر خوشی کا موقع آئے تو مبارکباد دو، اگر مصیبت آپڑے تو تعزیت کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورت کی اطاعت، ندامت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں: جب ملاقات کو جائے تو سلام کرے، جب دعوت دے تو اُسے قبول کرے، نصیحت کرے تو قبول کرے، جب چھینک آئے اور الحمدللہ کہے تو اُسے دعا دے، جب بیمار ہو جائے تو عیادت کرے، جب مرجائے تو اُس کی تشیعِ جنازہ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بیٹے کا باپ پر یہ حق ہے کہ اُس کا اچھا نام رکھے، بالغ ہونے پر شادی کرے اور کتاب کی تعلیم دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بڑے بھائیوں کا چھوٹے بھائیوں پر اس طرح حق ہے جس طرح باپ کا حق بیٹے پر ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا کی مٹھاس - آخرت کی تلخی اور دنیا کی تلخی - آخرت کی مٹھاس ہوگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مقبول حج کی جزا - جنت کے علاوہ کچھ نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورت کا جہاد یہ ہے کہ وہ اچھی شوہر داری کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنگ ایک فریب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دور اندیش - بدگمان ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلْحَسَبُ الْمَالُ - حسب ایک دولت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حسد نیکیوں کو اِس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑیوں کو اور صدقہ گناہوں کو اِس طرح بجھاتا ہے جیسے پانی آگ کو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حسد - ایمان کو ایسے باطل کرتا ہے جیسے سرکہ - شہد کو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حکمت-مومن کی گمشدہ چیز ہے جہاں سے سنے اُسے حاصل کرے اور اِس کی پروانہ کرے کہ یہ کس کی خورجین سے نکلا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے اگر وہ صحیح ہے تو سارا جسم صحیح ہے اگر وہ درست نہیں تو سارا جسم صحیح نہیں اور وہ لوتھڑا دل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حلیم شخص-دُنیا اور آخرت کا سردار ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نعمتوں کا شکرادا کرنا،اُن کے زوال سے محفوظ رہنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سرخی-شیطان کی زینتوں میں سے ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بخار-گناہوں کو اِس طرح جھاڑ دیتا ہے جیسے درخت سے پتّے جھڑ جاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بخار-مومن کیلئے آگ کا ایک حصہ ہے۔ایک رات کا بخار،ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بخار-موت کا ہراوَل اور روئے زمین پر اللہ تعالیٰ کا قید خانہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلْحَیَاءُ خَیْرٌ کُلُّہ۔ حیاء تمام کی تمام بھلائی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حیاء زینت ہے اور تقویٰ کرم ہے اور بہترین سواری صبر کی ہے اور اللہ کی کشائش کا انتظار کرنا عبادت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حیاء ایمان میں سے ہے اور ایمان جنت لے جائے گا اور بے حیائی ظلم میں سے ہے اور ظلم جہنم پہنچا دے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حیاء اور ایمان ملے ہوئے ہیں جب ایک چلا جاتا ہے تو دوسرا بھی رخصت ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر حکمت کا سر چشمہ خوف خدا ہے اور پرہیزگاری تمام اعمال کی سردار ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی لوگوں میں پہچانا جاتا ہے وہ مصیبت میں مبتلا ہوتا ہے اور جو غیر معروف ہو آرام سے زندگی گزارتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن میں دو خصلتیں جمع نہیں ہو سکتیں؛ بخل اور بداخلاقی۔
منافق میں دو صفات جمع نہیں ہو سکتیں؛ دین کی سمجھ اور نیک نامی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوند عالم نے مخلوق کو خلق فرمایا تو اُن کی موت، اعمال اور رزق کو لکھ دیا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
پانچ چیزیں دُنیا کی مصیبتوں میں سے ہیں: دوست کا مرنا، مال کا ضائع ہونا، دشمنوں کا ملامت کرنا، علم کا حصول چھوڑنا اور بری عورت۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تمہارا اپنی بیوی کی خدمت کرنا بھی صدقہ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
پانچ دعائیں قبول کی جاتی ہیں: مظلوم کی دُعا یہاں تک کہ مدد کی جائے، حاجی کی دُعا یہاں تک کہ وہ واپس لوٹ آئے، غازی کی دُعا یہاں تک کہ وہ واپس پہنچے، بیمار کی دُعا یہاں تک کہ وہ شفا پائے، مومن کی مومن بھائی کی غیر موجودگی میں اس کیلئے دُعا۔ اِن تمام میں سے سب سے جلدی وہ دُعا قبول کی جاتی ہے جو ایک مومن دوسرے غائب مومن بھائی کیلئے مانگتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
پانچ چیزیں ایمان میں سے ہیں، جس کسی کے پاس اِن میں سے ایک نہ ہو اُس کا کوئی ایمان نہیں۔ اللہ جل جلالہ کے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرنا، اللہ جل جلالہ کے فیصلے پر خوش ہونا، اپنے امور کو اللہ جل جلالہ کیلئے تفویض کرنا، اللہ جل جلالہ پر توکّل کرنا اور اوّلین صدمے پر صبر اختیار کرنا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
پانچ چیزیں انبیاءؑ کی سنت میں سے ہیں: حیاء، بردباری، حجامت، مسواک اور خوشبو لگانا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پانچ چیزیں کمر شکن ہیں: والدین کی نافرمانی، وہ عورت جس پر شوہر اعتماد کرے مگر وہ خیانت کرے، وہ حکمران جس کی عوام اطاعت کریں مگر وہ اللہ جل جلالہ کی نافرمانی کرے، وہ شخص جو اپنے آپ کے ساتھ وعدہ کرے کہ نیک کام کرے گا مگر وعدہ خلافی کرے اور لوگوں کے نسب کے بارے میں کوئی بدگوئی کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پانچ چیزوں کی سزا خدا تعالیٰ بہت جلد دیتا ہے: بغاوت، غدر، والدین کی نافرمانی، قطع رحمی اور نیکی کرنے پر ناشکری کرنا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت کے بہترین وہ لوگ ہیں جنہیں جب غصہ آتا ہے تو جلد ہی اُن کا غصہ ختم بھی ہو جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت کے بہترین لوگ علماء ہیں اور علماء میں سے بہترین وہ ہیں جو بردبار ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے بہترین وہ ہیں جو اپنے قرضے کو صحیح ادا کرتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے بہترین وہ ہیں جو اپنے اہل وعیال کیلئے اچھے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے بہترین وہ ہیں جنہیں دیکھ کر اللہ جل جلالہ یاد آئے، جن کی زبانوں سے تیرے علم میں اضافہ ہو اور اُس کا عمل تمہیں آخرت کی طرف راغب کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خَيْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَطُهَا ۔ وہ اُمور بہترین ہیں جو اعتدال کے ساتھ ہوں۔

فرمان رسول خدا ﷺ

دنیا و آخرت کی بھلائی۔ علم کے ساتھ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

بہترین ذکر وہ ہے جو پوشیدہ ہو اور بہترین رزق وہ ہے جو کفالت کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

بہترین تعداد دوستوں کی چار، محافظوں کی چار سو اور فوج کی چار ہزار ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

سب سے بہترین گواہی وہ ہے جسے پوچھے جانے سے پہلے گواہ کہہ دے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

بہترین مہر وہ ہے جو آسان اور کم ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ

بہترین عبادت وہ ہے جو پوشیدہ بجالائی جائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

بہترین پیشہ وہ ہے جسے انسان اپنے ہاتھ سے انجام دے چاہے مشقّت ہی ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسلمانوں میں سے بہترین وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں میں سے بہترین وہ ہیں جو اخلاق میں اچھے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں میں بہترین وہ ہے جس سے لوگ زیادہ فائدہ اٹھائیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں میں سے بہترین وہ ہے جس کی عمر لمبی ہو اور اعمال نیک ہوں اور بدترین شخص وہ ہے جس کی عمر لمبی ہو اور اعمال برے ہوں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین عورت وہ ہے جو محبت کرنیوالی اور زیادہ بچے جننے والی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین بیویاں وہ ہیں جن کی طرف تم نظر کرو تو تمہیں خوشی ہو، جب تم حکم کرو تو اطاعت کریں اور تمہاری غیر موجودگی میں اپنے نفس اور تمہارے مال کی حفاظت کریں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خَیرُ النِّکَاحِ اَیسَرُہ۔ بہترین نکاح وہ ہے جو آسانی کے ساتھ انجام پائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے بہترین دوست وہ ہیں جو تمہیں تمہارے عیوب کا تحفہ دیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں اور یتیم کی پرورش کرنیوالا جنت میں دو انگلیوں کی مانند ایک ساتھ ہوں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے گھروں میں سے بہترین وہ ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور اُس کی عزّت کی جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے بہترین جوان وہ ہیں جو بوڑھوں کی وضع میں رہتے ہیں اور تمہارے بدترین بوڑھے وہ ہیں جو تمہارے نوجوانوں کی شباہت اختیار کرتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے بہترین وہ ہے جو دنیا میں زیادہ پرہیزگار اور آخرت کا زیادہ طلبگار ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے بہترین وہ ہیں جو اپنے اہل کیلئے اچھے ہیں اور مَیں اپنے اہل کیلئے تم سب سے اچھا ہوں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورتوں کی عزت ایک کریم مرد ہی کرتا ہے اور اُن کی اِہانت (توہین) ایک پست شخص کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنی عورتوں اور بیٹیوں کے حق میں اچھا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن کی تعلیم حاصل کرے اور دوسروں کو سکھائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنی دُنیا کیلئے آخرت کو ترک نہ کرے اور نہ آخرت کی خاطر دُنیا کو ترک کرے اور نہ ہی لوگوں پر بوجھ بنے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین چیزیں جنہیں انسان اپنے بعد چھوڑ جاتا ہے وہ تین ہیں: صالح اولاد جو اُس کیلئے دُعا مانگے، صدقۂ جاریہ جس کا ثواب ملتا رہے اور فائدہ مند علم جس سے لوگ اُس کے بعد فائدہ اٹھائیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت کی بہترین عورت وہ ہے جو خوبصورت ہے اور حق مہر کم ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہاری عورتوں میں بہترین عورتیں وہ ہیں جو پاکدامن ہیں اور اپنے شوہروں کی طرف راغب ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حضرت سلیمانؑ کو مال، دولت اور علم پر اختیار دیا گیا تو اُنہوں نے علم کو لیا۔ علم اختیار کرنے کی بناء پر مال اور حکومت ابھی اُنہیں دے دی گئی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اچھا آدمی اچھی خبر لاتا ہے اور برا آدمی بری خبر لاتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صاف اور خوشخط تحریر حق کو زیادہ واضح کرتی ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کی عیال ہے پس وہ شخص اللہ کا پسندیدہ ہے جو اُس کے عیال کو زیادہ نفع پہنچاتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شراب، تمام گناہوں کا مجموعہ ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خیانت، فقر کو جاری کرتی ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نیکی بہت زیادہ ہے مگر اِس پر عمل کرنیوالے بہت کم ہیں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بھلائی تمہارے بزرگوں کے ساتھ ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے مریضوں کا علاج صدقہ کے ذریعہ کرو کیونکہ صدقہ بیماریوں اور امراض کو دور کرتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی کا جانتے ہوئے سود کا ایک درھم کھانا، اللہ جل جلالہ کے نزدیک 36 بار زنا کرنے سے بدتر ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
شراب، تمام گناہوں کا مجموعہ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کسی بھائی کی غیر موجودگی میں اُس کیلئے دُعا مانگی جائے تو رَد نہیں ہوتی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جس کی ساتھ نیکی کی گئی اگر وہ اپنے محسن کیلئے دُعا مانگے تو رَد نہیں ہوتی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
باپ کی دعا اپنے بیٹے کیلئے اِس طرح ہے جیسے نبیؑ کی دُعا اُمت کیلئے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو چیزیں مشتبہ ہیں اُنہیں چھوڑ دو اور جو غیر مشتبہ ہیں لے لو کیونکہ گڑھے کے ارد گرد بکریاں چرانے والا ہوسکتا ہے کہ اُس میں گر پڑے۔ بانجھ خوبصورت عورتوں کو چھوڑ دو، بچے جننے والی کے ساتھ شادی کرو چاہے کالی ہی کیوں نہ ہو کیونکہ قیامت کے دن مَیں تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مظلوم کی دعا قبول کی جاتی ہے چاہے وہ فاجر ہی کیوں نہ ہو، اِس کا فجور اُس کی ذات کیلئے ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
پوشیدہ طور سے دُعا اعلانیہ طور سے 70 دعاؤں کے برابر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس طرح بھی تم خدا کی کتاب سے وابستہ رہ سکتے ہو وابستہ رہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی کا دین اُس کی عقل ہے۔جس کی عقل نہیں اُس کا دین نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
گھر-حرم ہے جو کوئی بھی تمہاری اجازت کے بغیر تمہارے حرم میں داخل ہو اُسے قتل کر دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُعا کرنے والا اور آمین کہنے والا، قاری اور قرآت سننے والا اور عالم اور متعلم اجر میں برابر ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اذان اور اقامت کے درمیان کی دُعا رد نہیں کی جاتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُعا-اللہ کے لشکروں میں سے ایک لشکر ہے جو قضاؤں کو ٹالتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُعا-مومن کا ہتھیار ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُعا-رحمت کی چابی ہے، وضو نماز کی چابی ہے اور نماز جنت کی چابی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُعا-عبادت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُعا- بلاؤں کو ٹالتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُعا- قضا کو ٹالتی ہے اور نیکی رزق میں اضافہ کرتی ہے اور بندہ اپنے کئے ہوئے گناہ کے ذریعے اپنی روزی سے محروم رہ جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُعا- قبولیت کے ساتھ نازل ہو یا نہ ہو پھر بھی فائدہ مند ہے۔ اللہ جل جلالہ کے بندو! دعا سے غافل نہ ہو جانا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا- سبز اور میٹھی ہے اِس میں سے ہر ایک اپنے حق کے مطابق حصہ لے لیتا ہے اور اکثر ایسے ہیں جو اُس کی خواہشات میں غرق رہتے ہیں تو اُن کیلئے قیامت کے دن آگ کے علاوہ کچھ بھی نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اہل آخرت پر دنیا حرام ہے اور اہل دنیا پر آخرت حرام ہے اور اہل اللہ پر دنیا و آخرت دونوں حرام ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا اُس کا گھر ہے جس کا کوئی گھر نہیں اور اُس کا مال ہے جس کا کوئی مال نہیں اور اُسے وہی جمع کرتا ہے جسے عقل نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا ادلتی بدلتی رہتی ہے اگر تجھے کچھ نفع پہنچنا ہے تو چاہے تم کمزور ہی کیوں نہ ہو تجھے ملے گا اور اگر تجھے کچھ نقصان پہنچنے والا ہے تو تم اِسے دور نہیں کر سکتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا- آخرت کے سات دنوں میں ایک دن ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا- مومن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا ایک دولت ہے اور اِس کی بہترین دولت پرہیز گار عورت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا اور جو کچھ اِس میں ہے قابل نِفرت ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر، نیکی کا حکم کرنے اور برائی سے روکنے کے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دوا، تقدیر کے وسائل میں سے ہے۔ بعض اوقات خدا تعالیٰ کی اجازت سے فائدہ دیتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قرضہ، روئے زمین پر خدا کا پرچم ہے، جسے ذلیل کرنا چاہتا ہے اُس کے گلے میں ڈال دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قرض، رات کو پریشانی کا باعث اور دن کو ذلت کا سبب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنی عزّت کا دفاع، اپنے مال سے کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی کے سامنے اُس کی تعریف کرنا اُسے ذبح کرنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خوبصورت بانجھ عورت کو چھوڑ دو اور کالی بچے دینے والی عورت اختیار کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ کا ذکر دِلوں کی شفاء ہے۔

فرمان رسول خداؐ
اَلذِّکْرُ خَیْرٌ مِّنَ الصَّدَقَةِ ۔ ذکر، صدقہ سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
گناہ۔۔گناہگاروں کے علاوہ دوسروں کیلئے بھی برائی کا باعث ہے۔اگر اُس کی عیب جوئی کریں تو اُس میں مبتلا ہوتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر اُسکی غیبت کریں تو گناہگار ہوتے ہیں اگر اُس پر راضی رہیں تو شریک قرار پاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حکمت کا سرچشمہ اللہ تعالے کا خوف ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
حکمت کا سرچشمہ اللہ تعالے کی معرفت ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
دین کا سرچشمہ -- پرہیزگاری ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
دین کا سرچشمہ -- خیرخواہی ہے جو اللہ تعالے، رسولؐ، کتاب، آئمہ مسلمین اور عام مسلمانوں کی خاطر ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اللہ تعالے پر ایمان رکھنے کے بعد عقل کا سرنامہ، حیاء اور حسن خلق ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بعض اوقات روزے دار کو اُس کے روزے سے سوائے بھوک کے کچھ حاصل نہیں ہوتا اور راتوں کو عبادت میں قیام کرنے والوں کو سوائے جاگنے کے اور کچھ نہیں ملتا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اکثر شکر گزار کھانے والے، صابر روزہ داروں سے زیادہ اجر پاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اکثر عابد جاہل ہیں، اکثر علماء بدکار ہیں۔ بس تم جاہل عابدوں اور بدکار علماء سے بچو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
میری اُمت کے رحمدل افراد، متوسط طبقے کے ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا تعالیٰ رحم کرے میری اُمت کے اُن لوگوں پر جو کھانا کھاتے وقت اور وضو کرتے وقت ،خلال کرتے ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا تعالے اُس باپ پر رحمت کرے جو اپنے بیٹے کا نیکی کرنے میں مددگار بنے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خط کا جواب دینا بھی سلام کا جواب دینے کی مانند ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
باپ کی خوشنودی میں خدا تعالیٰ کی خوشنودی ہے اور خدا تعالیٰ کی ناراضگی باپ کی ناراضگی میں ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا تعالے کی خوشنودی، والدین کی خوشنودی میں سے ہے اور اِن دونوں کی ناراضگی میں خدا تعالے کی ناراضگی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مہربان لوگوں پر خدا رحم فرمائے گا۔ زمین والوں پر مہربانی کروتا کہ آسمان والا تم پر مہربانی فرمائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
آدمی اپنے دوست کے مذہب پر ہوتا ہے پس تم دیکھو کہ اُس کے دوست کون ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بندے کو موت سے زیادہ اُس کا رزق ڈھونڈتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
رزق اُس گھر کی طرف جہاں سخاوت ہوتی ہے اِس تیزی سے بڑھتا ہے جس تیزی کے ساتھ اونٹ کے کوہان میں چھری داخل ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آسمانی بجلی خدا تعالے کے فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہے جو بادلوں پر موکّل ہے، آگ کے تازیانوں کے ساتھ ہے کہ بادلوں کو جہاں خدا تعالیٰ حکم دے، پہنچا دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نرمی، حکمت کا نکتہ آغاز ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک شخص اپنے کسی دینی بھائی سے ملاقات کیلئے گیا۔ خداوند عالم نے اُس کی گزرگاہ پر ایک فرشتے کو مامور کیا۔ اُس سے فرشتے نے پوچھا کہاں کا ارادہ ہے۔ اُس نے جواب دیا میرا ایک دوست اِس گاؤں میں رہتا ہے۔ فرشتے نے پوچھا کیا اُس نے کوئی چیز تمہارے پاس رکھی تھی؟ وہ کہے گا نہیں بلکہ مَیں تو صرف اور صرف خدا تعالے کی خاطر اُسے دوست رکھتا ہوں اور اُس سے ملنے جارہا ہوں۔ اُس وقت وہ فرشتہ کہتا ہے کہ مجھے اللہ تعالے نے بھیجا ہے اور پیغام دیا ہے کہ جس طرح تو اِسے دوست رکھتا ہے اللہ تعالے اُسی طرح تجھے بھی دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں سے کم ملاقات رکھو تا کہ محبت برقرار رہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عالم کی کمزوریوں کے ڈنکے بجتے ہیں اور جاہل کی کمزوریوں کو اُس کی جہالت چھپا لیتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آنکھوں کا زنا---نامحرم کو دیکھنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زبان کا زنا-باتیں کرنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہم شان لوگوں سے ازدواج کرواور اُنہیں کو اپنے نطفوں کیلئے انتخاب کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قبور کی زیارت کرو کیونکہ ایسا کرنا تمہیں آخرت کی یاد دلائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زکواۃ-اسلام کا پُل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زنا-محتاجی کا وارث ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا میں زُہد یہ نہیں کہ حلال کو اپنے اوپر حرام کریں یا اپنے مال کو ضائع کریں بلکہ زُہد یہ ہے کہ اپنے ہاتھ میں جو کچھ ہے اُس سے زیادہ جو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اُس پر بھروسہ کیا جائے اور جب کوئی مصیبت نازل ہو تو اُس کے ثواب کے حصول کی خاطر تم یہ پسند کرنے لگو کہ کاش یہ مصیبت باقی رہتی۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زُہد، دنیا میں بدن اور دل کو راحت پہنچاتا ہے اور دنیا کی زیادہ طلب، غم والم میں اضافہ کا باعث ہوتی ہے اور شکم پرستی، قساوتِ قلبی کا سبب ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چھ چیزیں اعمال کو ضائع کرانے کا باعث ہیں: دوسروں کے عیوب کے پیچھے لگنا، قساوتِ قلبی، دنیا کی محبت، حیاء کی کمی، طویل اُمیدیں اور وہ ظالم جو ظلم سے باز نہ آئے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی آدمی کی بیوقوفی کی نشانی یہ ہے کہ اپنے مہمان سے کام لے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ کریم سے اُس کے فضل کا سوال کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ یہ پسند فرماتا ہے کہ اُس سے مانگا جائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر چیز کا سوال خدا تعالیٰ سے کرو، یہاں تک کہ لگام کا تسمہ بھی، کیونکہ اگر خدا تعالیٰ اُسے میسر نہیں کرے گا تو یہ میسر نہیں ہوگا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ سے ایسا علم مانگو جو تمہیں نفع دے اور ایسے علم سے خدا تعالیٰ کی پناہ مانگو جو فائدہ مند نہ ہو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شرفاء سے علم کے بارے میں پوچھو اگر اُن کے پاس کوئی علم ہو تو اُسے لکھ لو کیونکہ یہ لوگ جھوٹ نہیں بولتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فتنہ کے زمانوں میں مرد کی سلامتی اِسی میں ہے کہ وہ گھر میں بیٹھا رہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بد خلقی، بے برکتی ہے اور تم میں سے بدترین وہ ہے جو بد خلق ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بد خلقی، بیکسی ہے اور عورتوں کی اطاعت، ندامت ہے اور نیک سیرت، اضافے کا باعث ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عنقریب لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا جس میں آدمی فسق و فجور اور عاجزی میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے پر مجبور ہوگا۔ جو کوئی اُس زمانے کو پائے، اُسے چاہیے کہ بے چارگی اور عجز کو اختیار کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قوم کا سردار، اُن کا خادم ہوتا ہے۔ پانی پلانے والا سب سے آخر میں پیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عنقریب اِس دین میں ایسے لوگ طاقت پکڑیں گے جس کا خدا تعالیٰ کے ہاں کوئی مقام نہیں ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری امت میں عنقریب ایک زمانہ ایسا آئے گا جس میں فقراء کی کثرت ہوگی اور فقہاء کی قلت ہوگی۔ علم روک دیا جائے گا اور جھگڑے زیادہ ہوں گے۔ پھر اس کے بعد ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ قرآن کی قرآت کی جائے گی مگر اُن کے حلق سے اوپر نہیں جائے اٹھے گی۔ اس کے بعد ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ مشرک خدا کے بارے میں مومن سے بحث کرے گا تو وہ مومن بھی اُس کی ہاں میں ہاں ملائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بیواؤں اور یتیموں کے کاموں میں کوشش کرنے والا، اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مانند ہے، یاراتوں کو عبادت کرنے والے اور دنوں کو روزے رکھنے والے کے برابر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سخی- اللہ کے قریب ہے، لوگوں کے قریب ہے اور جنت کے قریب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور بخیل- اللہ سے دور ہے، لوگوں سے دور ہے اور جنت سے دور ہے اور جہنم کے قریب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جاہل سخی- اللہ کے نزدیک ہے، بخیل عالم سے زیادہ محبوب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سخاوت - جنت کے درختوں میں سے ایک درخت ہے جس کی شاخیں دنیا میں لٹکی ہوتی ہیں۔ پس جس کسی نے اُس کی ایک ٹہنی کو پکڑا تو یہ ٹہنی جنت کی طرف رہنمائی کرے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سخی- اللہ پر حسن ظن کرتے ہوئے سخاوت کرتا ہے اور بخیل- اللہ پر بدگمان ہو کر بخل کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پوشیدہ عمل- اعلانیہ بجالانے سے افضل ہے، اعلانیہ عمل اُس کیلئے اچھا ہے جس کی لوگ اقتداء کریں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
سعادت مند وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں سعادت مند بنے اور بد بخت وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں ہی بد بخت بنے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اَلسَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ۔ سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
سکون و اطمینان ایک غنیمت ہے، اِسے ترک کرنا نقصان ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اَلسُّکُوتُ خَیْرٌ مِنْ اِمْلَاءِ الشَّرِّ۔ شر پھیلانے سے خاموشی بہتر ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
زبان کی خاموشی، انسان کی سلامتی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
عادل بادشاہ- زمین پر اللہ کا سایہ ہے جہاں کمزور پناہ لیتے ہیں اور اِس کے ذریعے مظلوم کی مدد ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
سوال سے پہلے سلام ہے، جو کوئی سلام سے پہلے سوال کرے، اُسے جواب مت دو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
سلام- اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے جسے خداوند عالم نے زمین پر رکھا ہے پس آپس میں اِسے رواج دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نیک نامی، قناعت اور محبت آمیز سلوک - نبوت کے 24 ویں جزو میں سے ایک ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسواک کرنا نصف ایمان اور وضو کرنا بھی نصف ایمان ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسواک، آدمی کی فصاحت کو بڑھاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسواک منہ کو پاک کرتا ہے، پروردگار کو خوش کرتا ہے اور بینائی کو تیز کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جھوٹا گواہ قدم نہیں اُٹھاتا مگر یہ کہ جہنم اُس پر واجب ہو جاتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلشَّبَابُ شُعْبَةٌ مِنَ الْجُنُوْنِ ۔ جوانی، جنون کا ایک پہلو ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلنِّسَاءُ حِبَالَةُ الشَّيْطَانِ۔ عورتیں، شیطان کا پھندہ ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کنجوس - جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
طاقتور وہ ہے جو اپنے آپ پر قابو پائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدترین ہے وہ شخص جس کے شر سے بچنے کیلئے لوگ اُس کی عزّت کریں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدترین ہے وہ شخص جو دُنیا کی خاطر آخرت بیچے اور اُس سے بھی بدترین وہ ہے جو دوسروں کی دُنیا کی خاطر اپنی آخرت بیچے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں میں برے لوگ، برے علماء ہیں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت کے بدترین وہ لوگ ہیں جو باتونی ہیں، منہ پھٹ ہیں اور بلندو بانگ دعوے کرتے ہیں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے بدترین وہ ہیں جو کنوارے ہیں اور کنوارے کی موت بدترین ہوتی ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شہر کی بدترین جگہ بازار ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدترین کھانا اُس ولیمہ کا کھانا ہے جہاں سب پیٹ بھروں کو بلایا جائے اور بھوکوں کو آنے سے روکا جائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بیٹھنے کی بدترین جگہیں- بازار اور راستے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدترین کام وہ ہیں جو نئے ایجاد ہوں اور بدترین اندھاپن، دل کا اندھاپن ہے اور بدترین توبہ وہ ہے جو موت کے وقت کی جائے اور بدترین پشیمانی، قیامت کے دن کی ہے اور بدترین کھانا، یتیم کا مال کھانا ہے اور بدترین پیشہ سود کمانا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدترین شخص وہ ہے جس سے اللہ تعالیٰ کے نام سے مانگا جائے تو بھی وہ نہ دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدترین شخص وہ ہے جو اپنے اہل پر سخت گیر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری شفاعت۔میری اُمت کے گناہِ کبیرہ کرنے والوں کیلئے ہوگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کا شرف اِس میں ہے کہ وہ راتوں کو جاگ کر عبادت بجالائے اور لوگوں سے بے نیازی اُس کی عزت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
موجود وہ کچھ دیکھتا ہے جو غائب نہیں دیکھتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سردیاں مومن کی بہار ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
میری اُمت میں شرک اِس طرح مخفی رواج پا رہا ہے جیسے کسی اندھیری رات میں کوہِ صفا پر چیونٹی رینگ رہی ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خوبصورت بال- خوبصورتیوں میں سے ایک ہے جو خدا تعالیٰ کسی مردِ مسلمان کو دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
شعر- کلام کی مانند ہے اگر خوبصورت ہے تو کلام بھی خوبصورت ہے اور برا شعر- بری بات ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بد بخت وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں بد بخت ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مخفی خواہشات اور رِیا- شرک ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بوڑھا آدمی دو چیزوں کی محبت میں جوان ہوتا ہے: ایک لمبی عمر اور دوسری مال کی کثرت۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اَلشَّیْخُ فِیْ اَهْلِهٖ كَالنَّبِیِّ فِیْ اُمَّتِهٖ ۔ بوڑھا آدمی اپنی قوم میں ایسا ہے جیسے ایک نبیؑ اپنی اُمت میں ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شیطان اکیلے آدمی یا دو آدمیوں کو بہکانے آتا ہے مگر جب ایک جگہ تین آدمی ہوتے ہیں تو قریب نہیں آتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قرضدار اپنی قبر میں بھی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے سوائے قرض کی ادائیگی کے اور کوئی چیز اُسے نہیں کھول سکتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صاحبان علم کیلئے ہر چیز یہاں تک کہ دریا کی مچھلیاں بھی مغفرت کرتی ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ سچا ہے، تم بھی اُس کے ساتھ سچے رہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی مسلمان کا صدقہ دینا اُس کی عمر میں اضافہ اور بری موت سے بچانے کا سبب ہے اور خدا تعالیٰ اُس کے ذریعے تفاخر اور کبر کو دور کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پوشیدہ طور سے دیا ہوا صدقہ، خدا تعالیٰ کے غضب کو بجھاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے بچے (فوت شدہ) جنت کی جونکیں ہیں اِن میں سے ایک جب اپنے باپ کو دیکھے گا تو اُس کا دامن تھام لے گا، اُس کے کپڑے کو نہیں چھوڑے گا یہاں تک کہ خداوند عالم اُسے بھی جنت میں داخل کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عاقل کی صفت یہ ہے کہ کوئی گستاخی کرے تو بردباری کے ساتھ پیش آئے، کوئی ظلم کرے تو اُسے بخش دے، اپنے سے کم تر کے ساتھ انکساری برتے، اور بڑوں سے نیکی میں سبقت لے لے، جب بات کرنا چاہے تو غور وفکر کرے، اگراچھائی نظر آئے تو بولے تاکہ فائدہ اٹھائے، اگر برائی نظر آئے تو خاموش رہے تاکہ سلامتی پائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو تجھے محروم کرے اُسے دے دو اور جو تجھ پر ظلم کرے اُسے معاف کر دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صلہ رحمی عمر بڑھاتی ہے اور بری موت سے نجات دیتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صلہ رحمی- مال بڑھاتی ہے، لوگوں کی محبت حاصل کرتی ہے اور اَجل کو ٹالتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور ہمیشہ حق بات کہو چاہے تمہارے نقصان ہی میں کیوں نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عزیز واقارب سے صلہ رحمی قائم رکھو مگر اُن کے ہمسائے میں رہو کیونکہ ہمسائے میں رہنے سے کینہ اور بغض پیدا ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نماز اِس طرح بجالاؤ جیسے تم اپنے مالک کو دیکھ رہے ہو کیونکہ اگر تم اُسے نہیں دیکھ رہے وہ تو تمہیں دیکھ رہا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے بچوں کے حق میں دُعا کرو کیونکہ وہ تمہارا ہی حصہ ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بیٹھے کا درود کھڑے ہوئے کے درود کے نصف کے برابر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی (مرد وعورت) کا خدا تعالیٰ کی اطاعت میں اِس طرح نماز پڑھنا کہ کوئی دوسرا نہ دیکھے ،لوگوں کے سامنے پڑھی ہوئی 25 نمازوں کے برابر ثواب کا حامل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسواک کر کے ایک نماز پڑھنا، بغیر مسواک کے ستر نمازوں سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روزہ دار کا خاموش رہنا تسبیح ،سونا عبادت اور دُعا مستجاب ہے اور اُس کا عمل کئی گنا کیا جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا میں جو نیکو کار ہیں وہ آخرت میں بھی نیکو کار ہوں گے۔ دنیا میں جو بدکار ہیں وہ آخرت میں بھی بدکار ہوں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں میں سے دو قسم کے لوگ ایسے ہیں جو اگر ٹھیک رہیں تو سارے لوگ ٹھیک رہیں اور اگر یہ بگڑ جائیں تو سارے لوگ بگڑ جائیں اور یہ دو علماء اور حکمران ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روزہ رکھو تا کہ تم صحت مند رہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روزہ دار صبح سے لے کر شام تک عبادت میں ہوتا ہے مگر اُس وقت تک جب کسی کی غیبت نہ کرے۔ اگر وہ غیبت کرتا ہے تو اُس کا روزہ باطل ہو جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روزے دار کی دُعا، رَد نہیں کی جاتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صبح کے وقت سونا، رزق کو روکتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صبر-نصف ایمان اور یقین- پورا ایمان ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صبر-ایمان کیلئے ایسے ہے جیسے جسم کیلئے سر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فرصت اور صحت ایسی نعمتیں جن کا لوگ کفران کرتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سچائی-اطمینان ہے اور جھوٹ تشویش کا باعث ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
صدقہ - غلطیوں کو اِس طرح بجھا دیتا ہے جس طرح پانی - آگ کو بجھا دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
صدقہ - قرابتداروں کو دیا جائے کیونکہ یہ ایک ہی وقت میں صدقہ بھی ہے اور صلہ رحمی بھی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
صدقہ - بری موت سے بچاتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
صبح سویرے کا صدقہ - بیماریوں کو دُور کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اَلصَّلوٰۃُ نُورُ الْمُومِنِ۔ نماز مومن کا نور ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اَلصَّلوٰۃُ عَمُودُ الدِّینِ۔ نماز دین کا ستون ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
نماز - شیطان کے چہرے کو کالا کرتی ہے اور صدقہ اُس کی پشت کو توڑتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کرنا اُس کی جڑیں اُکھاڑتا ہے۔ جب تم ایسا کرتے ہو تو وہ تم سے دُور چلا جاتا ہے، اِتنا دور جتنا مشرق، مغرب سے دور ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
نماز ہر پرہیزگار کی قربانی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خاموشی-حکمت ہے مگر اِس پر عمل کرنے والے بہت کم ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلصُّمْتُ اَرْفَعُ الْعِبَادَةِ۔ خاموشی-سب سے بلند عبادت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خاموشی-عالم کیلئے زینت اور جاہل کیلئے پردہ پوشی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلصُّمْتُ سَيِّدُ الْاَخْلَاقِ۔ خاموشی-اخلاق کی سردار ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روزہ-اللہ تعالیٰ کے عذاب کے آگے ڈھال ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سردیوں میں روزہ رکھنا سردی سے فائدہ اٹھانا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روزے، نصف صبر ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روزے، ڈھال ہیں جب تک اُنہیں جھوٹ یا غیبت کے ذریعے پھاڑ نہ ڈالا جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روزے، نصف صبر ہیں اور ہر چیز کی ایک زکوٰۃ ہے اور جسم کی زکوٰۃ روزہ رکھنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہمارا پروردگار- بندوں سے مایوس ہونے پر خوش ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ضرورت مند کے ہاتھ میں ضرور کچھ رکھ دو چاہے ایک جلا ہوا گھر ہی کیوں نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مہمانداری- تین دن تک ہے، اِس سے زیادہ صدقہ ہے لہٰذا مسلمان کو چاہیے کہ تین دن کے بعد جگہ بدل دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مہمان اپنے رزق کے ساتھ آتا ہے اور گھر والوں کے گناہوں کو لے کر جاتا ہے، یعنی اُن کے گناہوں کی بخشش کراتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
باپ کی اطاعت- اللہ کی اطاعت اور باپ کی نافرمانی- اللہ کی نافرمانی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
طالبعلم سے خوش ہو کر فرشتے اپنے پر اُس کے قدموں کے نیچے بچھاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جاہلوں کے درمیان طالبعلم، مردوں کے درمیان زندہ کی مانند ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
طالب علم- اللہ تعالیٰ کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی راہ کے مجاہد سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
طَالِبُ الْعِلْمِ طَالِبُ الرَّحْمَۃِ۔ علم کا طالب، رحمت کا طالب ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
سخی کا کھانا دوا ہے اور بخیل کا کھانا بیماری ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اللہ تعالیٰ کے نزدیک علم کا حاصل کرنا-نماز، روزہ، حج اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ایک گھنٹہ علم حاصل کرنا، ایک رات جاگ کر عبادت کرنے سے بہتر ہے اور ایک دن علم حاصل کرنا، تین ماہ روزے رکھنے کے برابر ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خوشحال ہو اُس کا جسے خدا تعالیٰ نے بقدرِ کفایت رزق دیا ہو اور وہ اُس پر صبر کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خوشحال ہو اُس کا جو لوگوں کے عیوب کی بجائے اپنے عیوب کی طرف متوجہ ہو جائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خوشحال ہو اُس کا جو زبان کو قابو میں رکھے اور اپنے گناہوں پر روئے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسواک کے ذریعہ اپنے مونہوں کو پاک رکھو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شکرگزار کھانے والا، صابر روزہ دار کی مانند ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حقیقی ڈاکٹر خدا تعالیٰ ہے، شاید کچھ چیزیں تیرے لئے درست آئیں اور دوسروں کو راس نہ آئیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ظالم اور اُس کے مددگار، سب جہنم میں ہوں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مریض کی عیادت کیلئے جانے والا جب تک واپس نہ آئے بہشت کی راہ میں قدم بڑھاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کمال عبادت یہ ہے کہ تم مریض کے چہرے یا سر پر ہاتھ رکھ کر اُس سے اُس کی احوال پرسی کرو کہ وہ کیسا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے غلاموں کو اُن کی عقل کے بقدر سزا دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ عالم جو اپنے علم سے فائدہ پہنچاتا ہے ہزار عابدوں سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اہل جہنم میں اکثر عورتیں ہوں گی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو تمہاری عیادت نہ کریں اُن کی عیادت کرو اور جو تمہیں تحفہ نہ دیں اُنہیں تحفہ دو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ایک گھڑی کسی سے اِنصاف کرنا ایک سال کی عبادت سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اِس اُمت کا عذاب اُنہیں کے ہاتھوں اِسی دنیا میں رکھا گیا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بچپن میں بچے کی شرارت، بڑے ہو کر اُس کی عقل کی زیادتی کی نشانی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا تعالیٰ کیلئے یہ مشکل ہے کہ کسی ایسے آدمی کو دوزخ میں ڈالے جس کی دو بیٹیاں مر چکی ہوں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جیسے چاہو زندگی گزارو آخر کار مرنا ہے، جسے چاہو دوست رکھو آخر کار جدا ہونا ہے اور جو چاہو کرلو آخر کار اِس کا بدلہ ملنے والا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مصیبت کی بڑی جزا ہے اور خدا تعالیٰ جب کسی قوم کو پسند کرتا ہے تو اُنہیں مصیبت میں مبتلا کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کی بخشش ،تمہارے گناہوں سے بڑھ کر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پاکدامن رہوتا کہ تمہاری عورتیں پاکدامن رہیں، اپنے والدین کی اطاعت کروتا کہ تمہاری اولادتمہاری اطاعت کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگرکوئی مسلمان بھائی کسی بات پرآ کرمعذرت کرے اوروہ اُس کی معذرت قبول نہ کرے تو ایساشخص میرے پاس حوض کوثر پرنہیں آسکے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ علم جس سےکوئی فائدہ نہ پہنچے،ایسے خزانے کی مانند ہے جس سے خرچ نہ کیاجائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تمہارے ماں باپ ایک ساتھ تمہیں پکاریں توپہلے ماں کو جواب دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم سکھاؤاورسختی مت کروکیونکہ سختی کرنیوالے سے سکھانے والا بہتر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم پرلازم ہے کہ علم حاصل کروکیونکہ علم مومن کادوست ہے،حلم اُس کاوزیر ہے،عقل اُس کی رہنماہے،عمل سرپرست ہے،نرمی باپ ہے،مدارت بھائی اورصبراُس کاسالار ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم پر لازم ہے کہ تم سجدے کرو کیونکہ جب تم ایک سجدہ کرتے ہو تو خدا تعالیٰ تمہارا ایک درجہ بڑھاتا ہے اور اِس کے ذریعہ تمہارے گناہوں کو محو کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم پر لازم ہے کہ خداوند عالم سے تقویٰ اختیار کرو اور جہاں تک ہو سکے ہر پتھر اور درخت کے پاس اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو۔ جب کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو اُسی وقت توبہ کرو۔ اگر غلطی پوشیدہ طور پر ہوئی ہے تو توبہ بھی پوشیدہ اور گناہ اعلانیہ ہو تو یہ بھی اعلانیہ کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم پر لازم ہے کہ حسن اِخلاق سے پیش آؤ کیونکہ لوگوں میں سے اچھے وہی ہیں جس کا اخلاق اچھا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ لوگوں کیلئے حسن اِخلاق اور خاموشی سے زیادہ زینت کی چیز اور کوئی نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خوش گفتاری اختیار کرو اور کھانا کھلاؤ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
غم سے آشنا رہو کیونکہ یہ دل کا چراغ ہے۔ اپنے آپ کو بھوکا پیاسا رکھو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسور کی دال کھاؤ کیونکہ یہ صفرا کو گاڑھا کرتا ہے، بلغم ختم کرتا ہے، اعصاب کو طاقتور کرتا ہے، کند ذہنی کو دور کرتا ہے، خلق کو اچھا بناتا ہے، نفس کو پاک رکھتا ہے اور اوہام کو دور کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم پر مسواک لازم ہے۔ مسواک کیا ہی اچھی چیز ہے جو مسوڑھوں کو مضبوط کرتی ہے، منہ کی بدبو ختم کرتی ہے، معدے کو درست کرتی ہے، بہشت کے درجات بڑھاتی ہے، خدا تعالیٰ کی خوشنودی کا باعث ہے اور شیطان کو غضبناک کرتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم پر لازم ہے کہ ہمیشہ سچائی کا ساتھ دو کیونکہ سچائی، نیکی کے ساتھ ہے۔ یہ دونوں جنت میں ہیں۔ خبردار جھوٹ سے بچے رہو کیونکہ یہ فجور کا ساتھی ہے اور اِن دونوں کی جگہ جہنم ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم ایک دوسرے سے حسد نہ کرو اور نہ ایک دوسرے سے دشمنی رکھو، نہ قطع تعلق کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم پر سچائی لازم ہے کیونکہ سچائی، نیکی کی ہدایت کرتی ہے اور نیکی جنت کی طرف رہنمائی کرتی ہے اور جب ایک شخص سچ بولنے کی عادت کرتا ہے تو خدا تعالیٰ کے ہاں صدیقین میں شمار ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خبردار جھوٹ سے بچے رہو کیونکہ جھوٹ، فجور کی طرف لے جاتا ہے اور فجور جہنم کی طرف لے جاتا ہے۔ جب ایک شخص جھوٹ بولتا ہے، یہاں تک کہ جھوٹ بولنے کی عادت بنا لیتا ہے تو خدا تعالیٰ کے ہاں جھوٹوں میں اُس کا نام لکھا جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم پر سچائی لازم ہے کیونکہ سچائی جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔ خبردار جھوٹ سے پرہیز کرو کیونکہ جھوٹ، جہنم کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم پر لازم ہے کہ قرآن کو اپنا پیشوا بناؤ، اور رہبر جانو کیونکہ یہ تمام جہانوں کے پروردگار کا کلام ہے جو اِس سے ہے اور اِس کی طرف لوٹ کر جانے والا ہے۔ اِس کے متشابہات پر ایمان رکھو اور اَمثال سے عبرت حاصل کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم پر قناعت لازم ہے کیونکہ قناعت ایک ایسا عمل ہے جو نہ ختم ہونے والا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم پر لازم ہے کہ پوشیدہ طور سے صدقہ دو کیونکہ یہ اللہ تعالےٰ کے غضب کو بجھاتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
وہ علم جس سے فائدہ نہ پہنچے ایک ایسا خزانہ ہے جس میں خرچ نہ کیا جائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم پر لازم ہے کہ جو کچھ لوگوں کے ہاتھوں میں ہے اُس سے پرہیز کرو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تمام نیک اعمال نصف عبادت ہیں اور دُعا نصف عبادت ہے۔ جب خدا تعالیٰ کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اُس کے دِل میں دُعا کی طرف میلان پیدا کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بیماروں کی عیادت کرو اور اُن سے دُعا کرنے کی اِستدعا کرو کیونکہ بیمار کی دُعا قبول کی جاتی ہے اور بیماری اُس کے گناہوں کی مغفرت کا باعث ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مریضوں کی عیادت کرو اور جنازوں کے ساتھ چلو، اِس طرح تم آخرت کی یاد کرنے لگو گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے دلوں کو مراقبت کی عادت ڈالو اور زیادہ سے زیادہ غور وفکر کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شخص کی مدد کرنا ایک ماہ اعتکاف کرنے سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دو آنکھیں کبھی آگ کو نہیں چھوئیں گی؛ ایک وہ آنکھ جو خوف خدا سے روئے، دوسری وہ آنکھ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں نگہبانی کرتے ہوئے جاگتی رہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عالم، روئے زمین پر اللہ تعالیٰ کا امین ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عالم اور متعلم، دونوں بھلائی میں شریک ہیں جبکہ باقی لوگ کسی بھلائی میں نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب ایک عالم اپنے علم کے ذریعہ خداوندعالم کی رضا چاہتا ہے تو ہر چیز اُس سے ڈرتی ہے اور اگر وہ چاہتا ہے کہ اس کے ذریعے خزانے حاصل کرے تو وہ ہر چیز سے ڈرنے لگتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تحفہ دے کر واپس لینے والا، اُس کتے کی مانند ہے جو قے کرنے کے بعد پھر سے اُسے کھاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بندے اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں۔زمین اللہ تعالیٰ کی زمین ہے پس جس کسی نے بنجر زمین کو آباد کیا وہ اُسی کی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی، اُس کے ساتھ شمار ہوگا جسے وہ دوست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص اپنے والدین کا اطاعت گذار اور خدا تعالیٰ کا فرمانبردار ہوگا، اسے بہشت اعلیٰ میں جگہ دی جائے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عدل اچھا ہے لیکن حکمرانوں کا سب سے اچھا ہے۔سخاوت اچھی ہے مگر دولت مندوں کی بہت اچھی ہے۔پرہیز گاری اچھی ہے مگر علماء کی سب سے اچھی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
توبہ اچھی ہے لیکن نوجوانوں کا توبہ کرنا سب سے اچھا ہے۔حیا اچھی ہے لیکن عورتوں کیلئے سب سے اچھی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر لوگوں کے ساتھ نیکی کی جائے تو وہ منقطع ہو سکتی ہے لیکن خدا تعالیٰ کیلئے کی جانے والی نیکی منقطع نہیں ہو سکتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پاکدامنی، عورتوں کی زینت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمام بجالائے جانے والے کاموں میں سے معاف کرنا بہترین عمل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عقل محبت کئے جانے والی اور محبت کرنے والی چیز ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علماء روئے زمین پر روشنی کے چراغ، انبیاءؑ کے خلفاء اور میرے اور دوسرے انبیاءؑ کے وارث ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علماء رہبر ہیں اور پرہیزگار لوگ سردار ہیں اور اِن کی صحبت اختیار کرنا علم میں اضافہ کا باعث ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم، عبادت سے افضل ہے اور دین کی بنیاد تقویٰ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم، عمل سے افضل ہے اور بہترین عمل وہ ہے جو اعتدال کے ساتھ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم کی تین نشانیاں ہیں؛ کتاب ناطق، گذشتہ سنت اور "مَیں نہیں جانتا"۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم، اسلام کی زندگی اور ایمان کا ستون ہے جو کوئی علم سیکھے گا تو خدا تعالیٰ اُسے پورا پورا اجر دے گا جو کوئی علم حاصل کر کے اُس پر عمل کرے گا تو خداوند عالم اُسے ہر وہ کچھ سکھا دے گا جسے وہ نہیں جانتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم، خزانہ ہے اور اِس کی چابی سوال کرنا ہے۔ تم پوچھا کرو خدا تعالیٰ تم پر رحم کرے گا کیونکہ اِس طرح چار افراد کو ثواب ملتا ہے: پوچھنے والا، جواب دینے والا، سننے والا اور اُنہیں دوست رکھنے والا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم مومن کا دوست، حلم اُس کا وزیر، عقل اُس کی رہنما، عمل اُس کا منافع، نرمی اُس کا باپ، نیکی اُس کا بھائی اور صبر اُس کے لشکر کا سپہ سالار ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم میری اور دوسرے تمام انبیاءؑ کی وراثت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم اور مال ہر عیب کی پردہ پوشی کرتے ہیں۔ جہالت اور فقر آدمی کے ہر عیب کو نمایاں کرتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نظر بد کا لگنا برحق ہے اگر کوئی چیز تقدیر پر غالب آسکتی ہے تو وہ نظر بد ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آنکھیں زنا کرتی ہیں، ہاتھ اور پاؤں زنا کرتے ہیں اور شرم گاہ زنا کرتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
برتنوں کا صاف کرنا اور صحن کی صفائی کرنا دولت مندی کا سبب ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم نے ایک شخص کے اگلے اور پچھلے گناہوں کی مغفرت فرمائی جس نے راستے سے ایک کانٹا ہٹایا تھا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سفید بالوں کو رنگ کرو اور یہودیوں سے شباہت اختیار مت کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صبح شام علم کی تعلیم دینا خدا تعالیٰ کے ہاں جہاد کرنے سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
چار چیزیں دُنیا میں غریب ہیں کسی ظالم کے پاس غلاف میں قرآن، کسی جگہ مسجد جہاں لوگ نماز نہ پڑھتے ہوں، کسی گھر میں وہ قرآن جسے پڑھا نہ جاتا ہو اور برے لوگوں میں دین دار شخص۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
غصہ شیطان کی طرف سے ہے اور شیطان آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور پانی آگ کو بجھاتا ہے۔ پس تم میں سے کسی کو غصہ آئے تو اُسے چاہیے کہ غسل کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کمالِ بے نیازی یہ ہے کہ جو کچھ لوگوں کے ہاتھ میں ہے اُس سے نا اُمید ہو جاؤ۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مویشی رکھنا باعثِ برکت ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
غیبت یہ ہے کہ آپ اپنے کسی بھائی کا ذکر اِس طرح کریں کہ اُسے ناگوار گزرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
غیرت، ایمان کا حصہ ہے اور بے راہ روی، منافقت کی نشانی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوند عالم نے ہر بندے کی موت، رزق، قبر کی جگہ اور اُس کی بدبختی اور نیک بختی کو پہلے ہی سے مقرر کیا ہوا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوند عالم نے ہر بندے کا عمل، اُس کی قبر اور رزق کو پہلے سے ہی مقرّر کیا ہوا ہے اور ہرگز اُس میں تبدیلی نہیں ہوگی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بنی آدم کی چار چیزیں پہلے سے ہی مقرر ہوگئی ہیں: موت، شکل، سیرت اور رزق۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ایک نوجوان عبادت گزار کو بوڑھے عبادت گزار پر اِس طرح فضیلت حاصل ہے جیسے انبیاءؑ کو تمام لوگوں پر حاصل ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
عالم کو عابد پر ایسی ہی فضیلت حاصل ہے جیسے مجھے اپنی اُمت پر حاصل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عالم کو عابد پر اِس طرح فضیلت حاصل ہے جیسے چودھویں کے چاند کو دوسرے ستاروں پر حاصل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا کی رسوائی آخرت کی رسوائی سے آسان ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک فقیہ- شیطان کیلئے ایک ہزار عابدوں سے زیادہ بھاری ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک گھنٹے تک غور وفکر کرنا ستر سال کی عبادت سے بڑھ کر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جنت میں وہ چیزیں ہیں جسے نہ تو انسان کی آنکھ نے دیکھا ہو اور نہ کان سے سنا ہو اور نہ اُس کے وہم میں گمان میں آئی ہوں گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسواک کے آٹھ فائدے ہیں: منہ کو پاک کرتا ہے، مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے، بینائی میں اضافہ کرتا ہے، بلغم دور کرتا ہے، فرشتوں کو خوشحال کرتا ہے، پروردگار کو راضی کرتا ہے، نیک اعمال میں اضافہ کرتا ہے اور معدہ درست کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کی رحمت سے اُمید رکھنے والا فاسق وفاجر اُس عابد سے افضل ہے جو خدا تعالیٰ سے مایوس ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
فقر ایک امانت ہے جس نے اِسے چھپا کر رکھا تو یہ عبادت ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
فقر لوگوں کے نزدیک ننگ و عار ہے لیکن قیامت کے دن خدا تعالیٰ کے ہاں زینت کا باعث ہوگا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
خداوند عالم نے فرمایا: جو میرے فیصلے پر راضی نہ رہے اور نہ میری طرف سے واقع مصیبت پر صبر کرے تو اُسے چاہیے کہ میرے علاوہ اور کوئی پروردگار تلاش کرلے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
خداوند عالم فرماتا ہے کہ بنی آدم زمانے کو گالی دیتے ہوئے مجھے اذیت پہنچاتا ہے کیونکہ مَیں ہی زمانہ ہوں، حکم میرا ہی چلتا ہے، دن اور رات کو مَیں ہی بدلتا ہوں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
خداوند عالم فرماتا ہے: اِس سے بڑھ کر ظالم اور کون ہوسکتا ہے جو میری جیسی مخلوق بنانے میں لگے۔ پہلے وہ ایک دانہ گندم یا یک دانہ جو یا ایک ذرہ ہی بنا کر دکھائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
خداوند عالم فرماتا ہے: جب میرا کوئی بندہ میری طرف ایک بالشت بڑھتا ہے، تو مَیں اُس کی طرف ایک ہاتھ بڑھتا ہوں اور جب وہ میری طرف ایک ہاتھ بڑھتا ہے تو میں ایک گز بڑھتا ہوں اور جب میرا بندہ میری طرف چلنے لگتا ہے تو مَیں اُس کی طرف دوڑنے لگتا ہوں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم نے فرمایا: کبریائی میری رِدا ہے، جو میری رِدا کے بارے میں مجھ سے جھگڑا کرے گا تو مَیں اُسے توڑ کے رکھ دوں گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم نے فرمایا: میرا جو کوئی بندہ میری عبادات بجالاتا ہے، اُن سب میں سے مجھے اُس کا خلوص محبوب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم نے فرمایا: مَیں جب کوئی مصیبت اپنے کسی بندے کے جسم، مال یا اولاد پر نازل کرتا ہوں اور میرا وہ بندہ صبر جمیل کے ساتھ اُس کا سامنا کرتا ہے تو مجھے اُس کے بارے میں قیامت کے دن شرم آتی ہے کہ اُس کیلئے میزان نصب کروں اور اُس کے نامہ اعمال کو کھولوں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم نے فرمایا: مَیں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوں، اگر وہ اچھا گمان رکھتا ہے تو اُس کیلئے اچھائی ہے، اگر برا گمان رکھتا ہے تو اُس کیلئے برائی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم نے فرمایا: جو یہ یقین رکھے کہ مَیں گناہوں کو معاف کرنے کی قدرت رکھتا ہوں تو مَیں اُس کی مغفرت کروں گا مگر یہ کہ اُس نے میرے ساتھ کسی کو شریک نہ جانا ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم نے فرمایا: میرا عفو اُس سے زیادہ عظیم اور مہربان تر ہے کہ جب مَیں اپنے بندوں کی دُنیا میں پردہ پوشی کرتا ہوں تو اِس کے بعد (قیامت میں) کیونکر رسوا کروں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب تک میرا ایک بندہ طلب مغفرت کرتا رہے مَیں معاف کرتا رہوں گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوند عالم نے فرمایا: مجھے اپنی عزت و جلالت کی قسم ہے کہ مَیں اپنے کسی بندے میں دو امن اور دو خوف یکجا نہیں کرتا۔ اگر وہ دنیا میں مجھ سے بے خوف رہا تو مَیں اُس دن جس دن اپنے بندوں کو جمع کروں گا اُسے خوفزدہ کروں گا، اگر وہ دنیا میں مجھ سے خوف کھاتا رہا ہے تو مَیں اُس دن اُسے امان دوں گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوند عالم نے فرمایا: جو مجھ سے دُعا نہیں مانگے گا مَیں اُس پر غضبناک ہوں گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اے فرزند عالم! تمہیں تمہارے ہر دن کا رزق دیا جاتا ہے مگر تم غمگین رہتے ہو اور تمہاری عمر کا ایک دن ہر روز کم ہو رہا ہے مگر تم خوش رہتے ہو۔ تم اِس قدر رکھتے ہو جو تمہارے لئے کفایت کرے مگر تم اِس قدر کے طلبگار رہتے ہو جو تمہیں بغاوت پر اُبھارے۔ کم پر تم قناعت نہیں کرتے اور نہ زیادہ سے شکم سیر ہوتے ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
حضرت داوٴدؑ نے فرمایا: تم اپنا ہاتھ کہنیوں تک اژدھے کے منہ میں ڈالو، اور وہ اُسے چبا ڈالے تو یہ اِس سے بہتر ہے کہ تم کسی نو دولتیے سے کچھ مانگنے لگو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کسی چیز کا قرض میں دینا، اُس کے صدقہ میں دینے سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کی قسم! کوئی بخیل جنت میں داخل نہیں ہوسکتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شکرگزار دل، ذکر کرنے والی زبان اور صالح بیوی جو دین اور دنیا میں تیری مدد کرے، یہ اُن تمام چیزوں سے افضل ہیں جنہیں لوگ ذخیرہ کرتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ دل جس میں کوئی حکمت نہ ہو، کسی ویران گھر کی مانند ہے۔پس تم علم حاصل کرو، علم سکھاؤ اور دینی سمجھ حاصل کرو اور جاہل بن کر مت مرو اور نہ اپنی جہالت کے بہانے پیش کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک لوگوں کی دو قسمیں ہیں؛ مومن کو اذیت مت دو اور جاہل پر ظلم نہ کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم کے ساتھ تھوڑا عمل بھی فائدہ مند ہے اور جہالت کے ساتھ بہت سارا عمل بھی فائدہ نہیں دیتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ کم جس کا شکر تم ادا کرسکتے ہو اس زیادہ سے بہتر ہے جس کا شکریہ تم ادا نہ کرسکو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اہل وعیال کی کمی، دو آسانیوں میں سے ایک ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حق بات کہو، چاہے تلخ ہی کیوں نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اچھی بات کہو تا کہ فائدہ پاؤ اور بری بات سے خاموش رہو تا کہ سلامت رہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے اموال کے ذریعے اپنی آبرو کی حفاظت کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم کو کتابت کے ذریعے قید کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(اونٹ کو) نکیل لگاؤ، پھر توکل کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قبر، آخرت کی منزلوں میں سے پہلی منزل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلْقُرْآنُ هُوَالدَّوَاءُ۔ قرآن علاج ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قرآن ایسی تونگری ہے جس کے بعد کوئی فقر نہیں آسکتا، اور نہ اِس کے علاوہ اور کوئی تونگری ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دل ایک بادشاہ ہے اور اُس کے کئی لشکر ہیں۔ جب بادشاہ درست رہتا ہے تو تمام لشکر بھی درست رہتے ہیں۔ جب بادشاہ بگڑ جاتا ہے تو اُس کے تمام لشکری بھی بگڑ جاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قناعت، ایک ایسی دولت ہے جو ختم ہونے والی نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

علم کو چھپانے والے پر ہر چیز لعنت کرتی ہے یہاں تک کہ سمندر کی مچھلیاں اور آسمان کے پرندے بھی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بردبار شخص، نبوت کے قریب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فقر، کفر کے قریب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قریب ہے کہ حسد، تقدیر پر غالب آجائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کسی درخت کی ٹہنی راستے کی طرف نکلی ہوئی تھی، آنے جانے والوں کیلئے تکلیف کا باعث تھی۔ ایک شخص نے اُسے کاٹ لیا، اِس بنا پر اُسے بہشت میں لے جایا گیا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خدا تعالیٰ کے ہاں یہ بڑے غضب کی بات ہے کہ ایک شخص بغیر بھوک کے کھانا کھائے، تھکاوٹ اور نیند کے بغیر سوئے، کسی بات کے بغیر بے موقع ہنسے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خداوندِ عالم نے مخلوقات کی تقدیر کو آسمانوں اور زمینوں کے بنانے سے پچاس ہزار سال پہلے لکھا جب کہ اُس وقت اُس کا عرش پانی پر تھا۔

فرمان رسول خدا ﷺ

زیادہ ہنسنا، دلوں کو مردہ کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

خط کا اعتبار، مہر ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

کسی شخص کے گناہ گار ہونے کیلئے یہ کافی ہے کہ اپنے اہل وعیال کو بغیر کسی مصروفیت کے چھوڑ دے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

کسی شخص کی دینی سمجھ کیلئے اِتنا کافی ہے کہ جب وہ عبادت کرے تو صرف خدا تعالیٰ کیلئے کرے اور کسی شخص کی جہالت کیلئے اِتنا کافی ہے کہ وہ اپنی رائے پر ڈٹا رہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

کسی شخص کے جھوٹا ہونے کیلئے اِتنا کافی ہے کہ ہر سنی سنائی بات کہتا پھرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

کسی شخص کی برائی کیلئے اِتنا کافی ہے کہ اُس پر انگلیاں اُٹھائی جائیں۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی کی سعادت کیلئے اتنا کافی ہے کہ لوگ اُس کے دنیاوی اور دینی معاملات میں اُس پر اعتماد کریں۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شخص کی نصرت کیلئے اِتنا کافی ہے کہ وہ اپنے دشمن کو خدا کی نافرمانی میں دیکھے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شخص کے گناہگار ہونے کیلئے اتنا کافی ہے کہ وہ بدزبان، بدکار اور بخیل ہو۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ندامت، گناہ کا کفارہ ہے۔ اگر تم گناہ نہ کرتے تو پھر خدا تعالیٰ ایک ایسی قوم کو پیدا کرتا جو گناہ کرتی تو بخش دیتا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی کی غیبت کی ہے تو اُس کا کفارہ یہ ہے کہ اُس کیلئے استغفار کرو۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حکمت کا کلمہ، ہر حکیم کی گمشدہ چیز ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر نیکی، صدقہ ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر وہ شخص جو کوئی ایک علم جانتا ہو، دوسرے علم کا بھوکا ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر چیز کی ایک مقدار ہوتی ہے یہاں تک کہ کمزوری اور عقل کی بھی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمام بنی آدم خطا کار ہیں اور بہترین خطا کار وہ ہیں جو توبہ کرنے والے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن میں ہر صفت ہو سکتی ہے مگر جھوٹ اور خیانت نہیں ہو سکتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ ہر گناہ کو بخش دے گا مگر یہ کہ ایک شخص مشرک مر جائے یا کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر چیز میں کمی ہوتی ہے سوائے برائی کے کیونکہ اِس میں صرف اضافہ ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو چیز مومن کو بری لگے وہ اُس کیلئے مصیبت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر آنکھ زنا کار ہے، اور عورت جب خوشبو لگا کر کسی گروہ یا محفل میں بیٹھے تو وہ زنا کار ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر قرضہ، صدقہ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ہر ایک نے اپنا حساب دینا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ہر مشکل کام حرام ہے اور دین میں کوئی کام مشکل نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ہر ملنے والی چیز قریب ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم میں سے ہر ایک حاکم ہے اور ہر حاکم سے اُس کی رعایا کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوند عالم بندے کے تمام گناہوں کے عذاب کو قیامت تک کیلئے مؤخر کرتا ہے سوائے والدین کی نافرمان کے کیونکہ خداوند عالم والدین کے نافرمان کو جلد ہی مرنے سے پہلے عذاب کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بنی آدم کے ذمہ اُس کا ہر جھوٹ لکھا جاتا ہے سوائے تین مواقع کے: اُس شخص کا جھوٹ جسے وہ جنگ کے دوران بولے کیونکہ جنگ خود ایک فریب ہے، ایک شخص کا بیوی کے سامنے جھوٹ بولنا تاکہ اُسے خوش کرے اور دو آدمیوں کے درمیان صلح کرانے کے لئے جھوٹ بولنا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت کے تمام افراد کو معافی ملے گی سوائے کھلم کھلا فسق وفجور کا ارتکاب کرنے والوں کے اور کھلم کھلا فسق وفجور یہ ہے اگر ایک شخص دن کو کوئی برائی کا ارتکاب کرکے (خاموشی سے) اور صبح کو بیدا ہو جائے تو خداوند عالم نے اُس کی پردہ پوشی کی ہوئی ہو گی لیکن گناہ کرکے اُس کا چرچا کرے اور سو جائے تو صبح کے ساتھ خدا تعالیٰ اُس سے پردہ پوشی ہٹائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت کے دن تمام علم وبال بن جائے گا سوائے اُس کے جس پر عمل کیا گیا ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمام بنی آدم حسد کرنے والے ہیں اور کسی حسد کرنے والے کا حسد جب تک وہ زبان سے کچھ نہ کہے اور ہاتھوں سے کوئی کام نہ کرے، ضرر نہیں پہنچا سکتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر وہ قرض جو ایک گنا اضافہ کرے، سود ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر تونگر، یا فقیر کے ساتھ آپ جو نیکی کرتے ہیں وہ صدقہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر نیکی صدقہ ہے جو مسلمان اپنی ذات پر خرچ کرے یا اپنے اہل وعیال پر خرچ کرے اُسے اُس کے نامۂ اعمال میں صدقہ لکھا جاتا ہے اور جو مال ایک شخص اپنی آبرو کی حفاظت پر خرچ کرتا ہے اُسے بھی صدقہ قرار دیا جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر صاحب نعمت کے ساتھ حسد کیا جاتا ہے سوائے انکساری کرنے والے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مرد اپنے اہل وعیال کا سردار ہے اور عورت اپنے گھر کی سردار ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب کبھی بھی کسی مسلمان کی عمر طویل ہوگی تو اُس کیلئے بھلائی کا موجب ہوگی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
زیتون کھاؤ اور اُس کا تیل استعمال کرو کیونکہ یہ مبارک درخت ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کھانا اکٹھے کھاؤ اور منتشر ہو کر مت کھاؤ کیونکہ ایک آدمی کا کھانا دو آدمیوں کیلئے اور دو آدمیوں کا کھانا تین اور چار آدمیوں کیلئے کفایت کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کھاؤ پیو اور صدقہ دو، پہنو مگر اَسراف نہ کرو اور نہ تو تکبّر کرنے کیلئے پہنو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جیسے تم ہو گے ایسے ہی تم پر مسلط ہوں گے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
بہت سارے عاقل ایسے ہیں جو لوگوں کے نزدیک حقیر ہیں، دیکھنے میں برے ہیں مگر کل کے دن نجات پانے والے ہیں اور بہت سارے زبان دراز خوش شکل اور بلند مرتبوں والے، قیامت کے دن ہلاک ہونے والے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا میں تم ایسے زندگی گزارو جیسے کہ تم مسافر ہو اور سفر میں ہو، تم اپنے آپ کو قبر والوں میں شمار کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے ہمسائیوں کے ساتھ نیک معاشرت اختیار کرو تا کہ تم مسلمان قرار پاسکو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کم سے کم ہنسو کیونکہ زیادہ ہنسا دلوں کو مردہ کر دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دنیا میں مہمان بن کر رہو، مسجدوں کو گھر قرار دو، دل کو نرمی کا عادی بناؤ، غور وفکر اور گریہ زیادہ کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلْکَاسِبُ مِنْ یَدِہٖ خَلِیْلُ اللہ۔ اپنے ہاتھوں سے مشقت کرتے ہوئے کمانے والا، اللہ کا دوست ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جھوٹ سارے کا سارا گناہ ہے مگر وہ جھوٹ نہیں جس سے کسی مسلمان کو فائدہ پہنچے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جھوٹ، چہرے کو کالا کرتا ہے اور چغلی، قبر کا عذاب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عزت و کرامت، تقویٰ میں ہے اور بزرگی، انکساری میں ہے اور یقین، تونگری ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
حکمت کا کلمہ مومن کی گمشدہ چیز ہے، جہاں پالے، حاصل کرے کیونکہ وہ اِس کا بڑا حقدار ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
نیک بات صدقہ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
عاقل وہ ہے جسے اپنے نفس پر قابو حاصل ہے اور موت کے بعد کیلئے کام کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کمزور وہ ہے جو اپنی خواہشات نِفسانی کی پیروی کرے اور اللہ تعالےٰ سے بہت ساری آرزوئیں رکھے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم میں سے اگر کسی کا چوپایہ گم ہو جائے، اور بعد میں واپس مل جائے، تو جس قدر خوشی ہوتی ہے اُس سے زیادہ خوشی اللہ تعالیٰ کو اُس وقت ہوتی ہے جب اُس کا بندہ توبہ کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ سے اِتنا خوش ہوتا ہے جتنا ایک بانجھ کو باپ بننے پر ہوتی ہے، یا اپنی کسی گمشدہ چیز کے پانے پر ہوتی ہے یا کسی پیاسے کے پانی پینے پر ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوند عالم، توبہ کرنے والے کی توبہ سے اُس سے زیادہ خوش ہوتا ہے، جتنی خوشی پیاسے کے پانی تک پہنچنے پر ہوتی ہے، یا بے اولاد کے باپ بننے پر جس قدر خوشی ہوتی ہے، یا کسی کے گمشدہ چیز پانے پر ہوتی ہے۔ جو شخص توبتہ النصوح کرتا ہے تو خداوند عالم موکل فرشتوں کو بھلا دیا ہے، اُس کے اعضاء جوارح کو بھی بھلا دیتا ہے اور اُس کے تمام گناہ زمین کے قطعوں کو بھلا دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہاری قدرت سے بڑھ کر تم پر خدا تعالیٰ کو تسلط حاصل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں تمہارے بارے میں گناہوں کی نسبت نعمتوں سے زیادہ ڈرتا ہوں۔خبردار! جن نعمتوں کا شکرادا نہیں کیا جائے، حتمی ہلاکت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں تمہارے بارے میں تنگیٔ معاش کی نسبت فراخی اور کشائش کے امتحان سے زیادہ ڈرتا ہوں۔جب تمہیں تنگی کے امتحان میں مبتلا کیا جائے تو تم صبر کرو گے۔بے شک دنیا سرسبز اور میٹھی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورت کا اپنے کمرے میں نماز پڑھنا، ایوان خانے میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور گھر کے صحن میں نماز پڑھنے سے ایوان خانے میں نماز پڑھنا افضل ہے اور مسجد میں نماز پڑھنے سے زیادہ افضل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی آدمی کیلئے کسی کے سامنے دست سِوال پھیلانے سے یہ بہتر ہے کہ صبح سویرے رسّی لے کر جنگل میں جائے اور لکڑیاں اُٹھا کر لائے، خود اپنے اخراجات میں لائے اور دوسروں کو صدقہ بھی دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شخص کا اپنی زندگی میں ایک درہم صدقہ کرنا، اُس کے مرنے کے وقت سو درہم صدقہ کرنے سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے منہ میں حرام کا لقمہ ڈالنے سے بہتر یہ ہے کہ اپنے منہ میں مٹی ڈالے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی نامحرم عورت کے چھونے سے کسی شخص کیلئے بہتر یہ ہے اُس کے سر پر لوہے کی کیل سے سوراخ کیا جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی دوسرے سے مانگ کر لباس پہننے سے بہتر یہ ہے کہ انسان چیتھڑوں سے پیوند کئے ہوئے اپنے کپڑے پہنے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر خدا تعالیٰ تمہارے ہاتھوں پر کسی کی ہدایت کرے تو یہ تمہارے لئے جن چیزوں پر سورج ضوفشانی کرتا ہے، اُس سے زیادہ بہتر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم نیکی کا حکم دو اور برائیوں سے روکو ورنہ اللہ تعالیٰ تم پر تمہارے بدترین افراد کو مسلط کرے گا اور اب تمہارے نیک لوگ دعائیں مانگنے لگیں گے مگر اُن کی دعائیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روئے زمین ظلم و جور اور دشمنی سے بھر جائے گی۔ پھر میرے اہل بیتؑ میں سے ایک شخص نکلے گا اور اِسے عدل و انصاف سے اُسی طرح بھر دے گا جیسے وہ ظلم و جور سے بھر چکی ہوگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کے ہاں ایک مسلمان کے قتل کی نسبت پوری دنیا کا زائل ہونا آسان ترین ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قاضی (جج) کی زبان دوراہے پر ہے، جنت کی طرف یا جہنم کی طرف۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر بچھائے ہوئے دسترخوان، پچاس حج سے افضل ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حلال کمائی حاصل کرنے کیلئے مشقت برداشت کرنا، خدا تعالیٰ کے ہاں ایک سال تک تلوار کے ساتھ جہاد کرنے سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
رشوت دینے اور لینے والے پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم نے شراب اور شرابی، اُس کے ساقی، اُس کے بیچنے والے، خریدنے والے، اُس کے نچوڑنے والے، اُس کے ڈھونے والے، اور باربرداری کرنے والے، اور اُس کی قیمت کھانے والے پر لعنت کی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم، رشوت لینے والے، دینے والے اور اِن دونوں کو ملانے والے پر لعنت کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم نے سود، اُس کے کھانے والے، اُس کی تحریر لکھنے والے، اُس کے گواہ پر لعنت کی ہے جبکہ وہ اِس مسودے کو جانتے ہوں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم نے مردنما عورتوں اور عورت نما مردوں پر لعنت کی ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم نے اُن عورتوں پر لعنت کی ہے جو شوہروں کے بستر پر بلانے کے وقت ٹال مٹول سے کام لیتی ہیں، یہاں تک کہ وہ نیند میں چلا جائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدواندعالم تین لوگوں پر لعنت کرتا ہے: جو اکیلے کھانا کھاتا ہے، اکیلے بیابان کا سفر کرتا ہے اور کسی کمرے میں اکیلے سوتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کی لعنت ہے اُس شخص پر جو ماں اور اولاد میں جدائی ڈالتا ہے اور بہن بھائیوں میں تفرقہ پیدا کرتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو اپنے والدین پر لعنت کرے، اُس پر خدا تعالیٰ کی لعنت ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
درہم و دینار کے بندوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو اپنے چہرے پر نشانات لگائے، اُس پر خدا تعالیٰ کی لعنت ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کی راہ میں صبح یا شام کو نکلنا، دنیا اور جو کچھ اِس میں ہے، اُس سے بہتر ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کی راہ میں مجھے جس قدر اذیت دی گئی، اُتنی اذیت کسی کو نہیں دی گئی۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوندعالم کسی بندے کی اُس حاجت کو جس کے بارے میں دُعا کرتا ہے، چاہے دُعا قبول ہو یا نہ ہو، بابرکت بناتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں نے ایک شخص کو جنت میں گھومتے ہوئے دیکھا جس نے ایک درخت کو جولوگوں کے راستے میں اُن کیلئے اذیت کا باعث تھا، کاٹ ڈالا تھا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
انسان کا دل اس سے کچھ زیادہ بدلتا رہتا ہے جیسی تبدیلی جوش کھائی دیگ میں آتی ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیلئے ایک گھنٹہ صف میں کھڑے رہنا، ستر سال کی عبادت سے افضل ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر بیماری کیلئے ایک دوا موجود ہے۔ جب دوا بیماری تک پہنچے گی تو خدا تعالیٰ کی اجازت سے صحت یابی ہوگی۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر بیماری کیلئے ایک دوا ہے اور گناہوں کی بیماری کیلئے استغفار دُعا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر گناہ کیلئے توبہ ہے مگر بد خلقی کیلئے نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر چیز کیلئے ایک آفت ہے اور اِس دنیا کیلئے آفت برے حکمران ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر چیز کیلئے ایک زیور ہے اور قرآن کیلئے اچھی آواز زیور ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر چیز کی ایک زکوٰۃ ہوتی ہے اور جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر چیز کی ایک زکوٰۃ ہوتی ہے اور گھر کی زکوٰۃ مہمانوں کا کمرہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر چیز کیلئے ایک ستون ہوتا ہے اور دین کا ستون فقہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر چیز کی ایک چابی ہوتی ہے اور آسمانوں کی چابی "لاالہ الااللہ" ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر چیز کی ایک چابی ہوتی ہے اور جنت کی چابی مسکینوں اور محتاجوں کی محبت ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

ہر آدمی کی ایک شہرت ہوتی ہے جب وہ نیک اور صالح ہوگا تو بھی زمین میں دفن کر دیا جائے گا اور گناہ گار ہو تب بھی زمین میں دفن کیا جائے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ

قیامت کے دن ہر دھوکے باز کے پاس ایک پرچم ہوگا جس کے ذریعہ وہ پہچانا جائے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ

حساب کے دن قرابتداری کو زبان ملے گی وہ عرض کرے گی: میرے پروردگار! جس نے مجھے قطع کیا تو اُسے قطع کر اور جو مجھ سے ملا ویسے تو بھی اُس سے ملا رہ۔

فرمان رسول خدا ﷺ

ظاہر داری کرنے والے کی تین نشانیاں ہیں: جب سامنے ہو تو خوشامد کرے، جب سامنے نہ ہو تو غیبت کرے اور جب مصیبت پڑے تو ملامت کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

عورت کیلئے دو پردے ہیں: قبر اور شادی۔

فرمان رسول خدا ﷺ

ریاکار کی تین علامات ہیں۔ جب لوگوں کے سامنے (عبادت کرتا ہے) تو خوشی خوشی کرتا ہے، جب اکیلا ہوتا ہے تو سستی اختیار کرتا ہے اور یہ پسند کرتا ہے کہ اُس کے تمام کاموں میں اُس کی تعریف کی جائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

ایک مسلمان پر دوسرے مسلمان کے پانچ حقوق ہیں: جب ملاقات کرے تو سلام کہے، جب بلائے تو قبول کرے، جب بیمار ہو جائے تو عیادت کرے، مر جائے تو اُس کے جنازے کے ساتھ چلے، اور جو اپنے لئے پسند کرے وہ اُس کیلئے بھی پسند کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

مومن کے چار دشمن ہوتے ہیں۔ مومن جو اُس کے ساتھ حسد کرتا ہے، منافق جو اُس کے ساتھ دشمنی رکھتا ہے، شیطان جو اُسے گمراہ کرتا ہے اور کافر جو اُس کے ساتھ قتال کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

منافق کی تین علامات ہیں: جب بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے، وعدہ کرتا ہے تو وعدہ خلافی کرتا ہے، جب امانت رکھی جائے تو خیانت کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

بنی آدم موت سے بڑھ کر کسی چیز کا سامنا نہیں کرتا، اور موت بعد مراحل میں سے آسان ترین مرحلہ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

جب مَیں بڑا ہوا تو بتوں سے نفرت کرنے لگا اور اشعار کو بھی پسند نہ کرتا تھا اور جاہلیت کے زمانے میں لوگ جو بھی کرتے تھے۔

فرمان رسول خدا ﷺ

ملک الموت کا جان لینا، تلوار کے ہزار دفعہ مارنے سے زیادہ شدید ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جھوٹی گواہی دینے والا گواہی دے کر قدم نہیں بڑھاتا مگر یہ کہ خداوند عالم اُس پر جہنم واجب کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
یہ دین ہمیشہ قائم رہے گا اور مسلمانوں کا ایک گروہ قیامت کے آنے تک اِس کے دفاع میں برسر پیکار رہے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ اِس امت پر دو تلواریں اکٹھی نہیں کرے گا یعنی اندرونی تلوار اور بیرونی تلوار۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک شخص اُس وقت تک اسلام کے دائرے میں ہے جب تک وہ شراب نہ پیئے، اور جب وہ شراب پینے لگتا ہے تو خدا تعالے اس کے پردے کو چاک کرتا ہے۔ شیطان اُس کا دوست، کان اور آنکھ بن جاتا ہے اور اسے ہر برائی کی طرف سے بڑھاتا ہے اور ہر بھلائی سے دور کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک مشکل دو آسانیوں پر غالب نہیں آسکتی۔ بے شکل ہر تکلیف و مشکل کے بعد آسانی ہے اور بے شک ہر مشکل کے بعد آسانی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ قوم کبھی فلاح نہیں پاسکتی جو اپنی حکومت کے اُمور کسی عورت کے سپرد کر دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تقدیر کی منزل میں احتیاط کوئی کام نہیں آسکتی لیکن ہر آئی ہوئی اور نہ آئی ہوئی مصیبت کے مقابلے میں دُعا فائدہ مند ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی، مشورہ کے بعد ہلاکت میں نہیں پڑسکتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگ اُس وقت تک ہلاک نہیں ہوں گے مگر یہ کہ اُن پر حجت تمام ہو جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر اللہ تعالیٰ کے بندے گناہ نہ کرتے تو خداوند عالم ایک ایسی مخلوق کو خلق فرماتا کہ وہ گناہ کر کے مغفرت طلب کرتے تو وہ غفور و رحیم پروردگار اُنہیں بخش دیتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر بنی آدم اپنے رزق سے بھاگ جائے جس طرح موت سے بھاگتا ہے تو رزق اُسے اِس طرح پالے گا جس طرح اُسے موت پالیتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تم میں سے کوئی کسی پتھر کے اندر کام کرے جس کا نہ کوئی دروازہ ہو اور نہ کوئی کھڑکی تو بھی اُس کا وہ کام جو اُس نے کیا تھا لوگوں کے درمیان شائع ہو جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر جنت کی عورتوں میں سے کوئی عورت دنیا میں طلوع کر جائے تو پوری دنیا مشک کی خوشبو سے بھر جائے گی اور سورج اور چاند کی روشنی ماند پڑ جائے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر اہل جہنم کے پینے والے پانی کا ایک ڈول دُنیا میں انڈیلا جائے تو ساری دنیا متعفن ہو جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر کسی شخص کے دامن میں درہم و دینار بھرے ہوں اور وہ اُنہیں تقسیم کر رہا ہو اور دوسرا ایک شخص ذکر الٰہی میں مشغول ہو تو اللہ کا ذکر کرنے والا پہلے شخص سے افضل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر جہنم کی چنگاریوں میں سے ایک چنگاری، دنیا کے مشرق میں رکھی جائے تو اُس کی حرارت سے مغرب جل کر راکھ ہو جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر جہنم کے ایک آہنی گرز کو دنیا میں رکھا جائے اور اگر تمام دنیا کے رہنے والے مل کر اُسے اٹھانا چاہیں تو بھی نہیں اُٹھا سکیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس آہنی گرز سے اہلِ جہنم کو مارا جاتا ہے اگر اِس سے پہاڑ پر ایک چوٹ لگائی جائے تو وہ پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر گرد و غبار بن جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تم اللہ تعالیٰ پر اِس طرح توکل کرو جیسے کہ توکل کا حق ہے تو تمہیں پرندوں کی طرح رزق دے گا جو صبح کو بھوکے نکلتے ہیں اور رات کو پیٹ بھر کر واپس لوٹتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر بنی آدم کے قبضے میں سونے کی دو وادیاں ہوں تو وہ تیسری وادی کی خواہش کرے گا اور بنی آدم کا پیٹ سوائے مٹی کے اور کسی چیز سے نہیں بھر سکتا اور توبہ کرے والوں کی توبہ خداوند عالم قبول کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر مجھ پر دس یہودی بھی ایمان لے آتے تو تمام یہودی ایمان لے آتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تم اِتنے گناہ کرتے رہے یہاں تک کہ تمہارے گناہ آسمان تک پہنچ گئے اور اِس کے بعد تم نے توبہ کی تو تمہاری توبہ قبول ہوگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر خداوند عالم اہل جنت کو تجارت کی اجازت دیتا، تو وہ کپڑے اور عطر کی تجارت کرتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر عورت کو شوہر کے حقوق کا علم ہو جاتا تو صبح شام اُس کے کھانا کھاتے وقت وہ نیچے نہ بیٹھتی یہاں تک کہ شوہر کھانے سے فارغ ہو جاتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تمہیں رحمت خدا کی مقدار اور وسعت کا علم ہوتا تو تم اُس پر بھروسہ کرتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں جو کچھ جانتا ہوں اگر تم بھی جان لیتے تو بہت زیادہ روتے اور بہت کم ہنستے اور کھانا پینا تمہیں کوئی لذت نہ دیتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تمہیں معلوم ہوتا کہ تمہارے لئے خدا تعالیٰ کے پاس کیا موجود ہے تو تم اِسے پسند کرتے کہ (دنیا میں) تمہارا فقر، اور احتیاج بڑھ جاتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تمہیں یہ معلوم ہوتا کہ سوال میں کیا چیز پوشیدہ ہے تو تم میں سے کوئی کسی سے کچھ مانگنے کیلئے قدم نہ بڑھاتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تمہیں معلوم ہوتا کہ موت کے بعد تمہیں کس چیز کا سامنا ہے تو تم اپنی خواہش پر کوئی غذا نہ کھانے، اور نہ پانی پیتے، اور نہ تو کبھی تم زیرِ سایہ بیٹھتے کہ آرام کریں بلکہ تم اپنے آپ پر رینگتے ہوئے چڑھتے جاتے اور اپنے آپ روتے جاتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تنگی آتی ہے تو ایک بِل میں داخل ہوتی ہے اور جب کشائش آتی ہے تو وہ بھی اُسی میں داخل ہوتی ہے مگر تنگی کو باہر نکال پھینکتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تم خوفِ خدا کا حق ادا کرو تو تمہیں ایسا علم ملے گا جس کے ساتھ کوئی جہالت نہیں ہوگی اور اگر تم معرفت خدا کا حق ادا کرو گے تو تمہاری دُعا سے پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تم موت اور اُس کی رفتار کو دیکھو گے تو اُمیدوں اور خوشیوں کو دشمن سمجھنے لگو گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگراہلِ جہنم کو یہ کہا جائے کہ تم دنیا میں موجود کنکریوں کی تعداد کے برابر جہنم میں رہو گے تو وہ خوشحال ہوں گے اور اگراہلِ جنت کو یہ کہا جائے گا تو وہ غمگین ہوں گے لیکن اُن کیلئے ہمیشہ ہمیشہ رہنا قرار دیا گیا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر ایمان ثریا تک بھی پہنچ جائے تو ایران والے اُسے وہاں سے بھی اُتار لائیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر حیاء مجسم ہو کر آتی، تو وہ ایک صالح اور نیکو کار کے روپ میں آتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر خداوند عالم کے نزدیک دنیا، مکھی کے پر کے برابر بھی حیثیت رکھتی تو کوئی کافر پانی کا ایک گھونٹ نہ پی سکتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر صبر مجسم ہو کر آتا تو ایک مہربان سخی کے روپ میں آتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر خود پسندی کسی شخص کے روپ میں آتی، تو ایک بدکار شخص کے روپ میں آتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر کسی سوراخ میں تنگی داخل ہو گی تو اُس کے فوراً بعد کشائش داخل ہو کر اُسے نکال باہر کرے گی۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر علم ثریا میں معلق ہو جائے تو اہلِ فارس کا ایک گروہ اُس تک پہنچ جائے گا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر بے حیائی کسی روپ میں آتی تو بدترین مخلوق کی شکل میں ہوتی۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر مومن کسی چوہے کے بل میں بھی چھپا ہوگا تو خداوندعالم کسی کو بھیجے گا جو اُسے اذیت پہنچائے (مومن اور آزمائش ایک دوسرے سے الگ نہیں ہو سکتے)۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے شک خداوندعالم نے مجھے بدزبان پیدا نہیں کیا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر کوئی چیز تقدیر سے آگے نکل سکتی ہے تو وہ نظر بد ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بنی آدم کا پیٹ مٹی کے علاوہ اور کسی چیز سے نہیں بھرے گا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر دُنیا کی حیثیت اللہ تعالیٰ کے نزدیک، مکھی کے ایک پر کی برابر ہوتی تو کوئی کافر پانی کا ایک گھونٹ بھی نہ پی سکتا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر میں کسی کو کسی کیلئے سجدے کا حکم دیتا تو بیوی کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تم گناہ نہ کرتے تو خداوندعالم ایک ایسی قوم پیدا کرتا جو گناہ کرتے پھر اُن کی مغفرت کی جاتی اور اُنہیں جنت میں بھیجا جاتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر دنیا کا صرف ایک دن ہی باقی رہ جائے تو خداوندعالم اِسے اتنا طویل کرے گا کہ اس میں میرے اہل بیتؑ میں سے ایک شخص کو جس کا نام میرے نام کی مانند ہوگا اور اُس کے باپ کا نام میرے باپ کے نام پر ہوگا مبعوث کرے گا اور روئے زمین کو عدل وانصاف سے اِس طرح بھر دے گا جس طرح وہ ظلم وجور سے بھر چکی ہوگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر تم موت اور اُس کی رفتار کو دیکھ لو تو تم تمام اُمیدوں اور خوشیوں سے نفرت کرنے لگو گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر لوگوں کے ہاتھ میں اونٹ کی مینگنی دے کر تاکید کی جائے کہ خبردار اِسے نہ توڑا جائے تو وہ ضرور اُسے توڑیں گے اور کہیں گے کہ ہمیں جبھی تو منع کیا گیا ہے کہ اِس کے اندر کوئی چیز پوشیدہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تنہائی کے بارے میں جو کچھ مَیں جانتا ہوں اگر لوگ جان لیں تو کوئی بھی شخص رات کے وقت اکیلے سوار ہو کر نہیں نکلے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر مومن کو یہ پتہ چل جائے کہ خدا کے ہاں کس قسم کے عذاب ہیں تو وہ جنت کی طرح طمع نہیں کر سکے گا اور اگر کافر کو خدا تعالیٰ کی رحمت کا پتہ چل جائے تو کبھی بھی جنت سے مایوس نہیں رہے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر مجھے اپنی اُمت پر مشقت کا احساس نہ ہوتا، تو مَیں ہر نماز کیلئے مسواک لازمی قرار دیتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لَوْلَا الْمَرْأَةُ لَدَخَلَ الرَّجُلُ الْجَنَّةَ۔ اگر عورتیں نہ ہوتیں تو تمام مرد جنت میں چلے جاتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر عورتیں نہ ہوتیں تو لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حق ادا کرتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر اُمید نہ ہوتی تو کوئی ماں اپنے بچے کو دودھ نہ پلاتی اور نہ کوئی شخص کوئی درخت اُگاتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں کیلئے ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ ایک شخص اُس کی پروا نہیں کرے گا کہ وہ جو مال حاصل کر رہا ہے وہ حلال کا ہے یا حرام کا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ لوگوں میں سے کوئی شخص ایسا باقی نہ بچے گا جو سود نہ کھاتا ہو۔ اگر کھایا نہ بھی ہو تو اُس کا غبار اُس تک پہنچے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا جس میں سچے کی تکذیب کی جائے گی اور جھوٹے کی تصدیق کی جائے گی، خیانت کار کو امانتدار سمجھا جائے گا اور امانت دار کو خائن قرار دیا جائے گا، بغیر گواہی مانگے لوگ گواہی دینے لگیں گے اور قسم نہ چاہی جائے تو بھی ازخود قسم کھالیں گے۔ اُس وقت دنیا کے خوش قسمت ترین افراد وہ ہوں گے جو کمینے اور کمینوں کی اولاد ہوں گے جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول پر ایمان نہ رکھتے ہوں گے۔

فرمان رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی کو چاہیئے کہ اپنے آپ سے اپنے لئے فائدے حاصل کرے، اپنی دُنیا سے اپنی آخرت کیلئے فائدہ حاصل کرے، بڑھاپا آنے سے پہلے اپنی جوانی کے دور میں، موت کے واقع ہونے سے پہلے زندگی میں، کیونکہ دُنیا کے بعد جنت اور جہنم کے علاوہ اور کوئی گھر نہیں۔

فرمان رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اُن صاحبانِ ایمان کو جو دُنیا میں فقیر ہیں، بشارت دو کہ وہ قیامت کے دن دولت مندوں کی نسبت پانچ سو سال پہلے فارغ ہوں گے۔

فرمان رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ اپنے چہرے کو جہنم کی آگ سے محفوظ رکھے، چاہے کھجور کے ایک نصف حصے کے ذریعہ ہی کیوں نہ ہو۔

فرمان رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہیں چاہیے کہ تمہارے اپنے عیوب جنہیں تم جانتے ہو تمہیں لوگوں کے عیوب بیان کرنے سے روکیں۔ سوائے بھلائی کے زبان کو خاموش رکھو کیونکہ ایسا کرنے سے تم شیطان پر غلبہ پاؤ گے۔

فرمان رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہیں چاہیے کہ تمہارے اپنے عیوب جنہیں تم جانتے ہو تمہیں لوگوں کے عیوب بیان کرنے سے روکیں۔ سوائے بھلائی کے، زبان کو خاموش رکھو کیونکہ ایسا کرنے سے تم شیطان پر غلبہ پاؤ گے۔

فرمان رسول ِخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اندھا وہ نہیں جس کی بصارت زائل ہو چکی ہو بلکہ اندھا وہ ہے جس کی بصیرت زائل ہو چکی ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نیکی، خوش پوشی اور زیب وزینت میں نہیں بلکہ نیکی سکون و اطمینان اور وقار میں ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جہاد یہ نہیں کہ آدمی اللہ کی راہ میں تلوار چلائے۔ بہ تحقیق جہاد یہ ہے کہ ایک شخص اپنے والدین کی خدمت کرے، اولاد کی پرورش کرے اور خود اپنی پرورش کرتے ہوئے دوسروں سے بے نیاز ہو جائے، یہ بھی جہاد ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خبر کا سننا، دیکھنے کے مانند نہیں ہوتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وعدہ خلافی یہ نہیں کہ آدمی وعدہ کرتے ہوئے یہ نیت کرے کہ اُسے پورا کرے گا بلکہ وعدہ خلافی یہ ہے کہ آدمی وعدہ کرتے ہوئے ارادہ کرے کہ اُسے پورا نہیں کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہادری کسی کو پچھاڑنا نہیں بلکہ بہادری یہ ہے کہ انسان اپنے غصے پر قابو پائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مال و دولت کی فراوانی تونگری نہیں بلکہ تونگر وہ ہے جس کا دل تونگر ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ شخص مومن نہیں جس کے شر سے اُس کا ہمسایہ محفوظ نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن وہ نہیں جو خود تو پیٹ بھر کر کھائے اور اُس کا ہمسایہ پڑوس میں بھوکا رہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کبھی بدزبان، بدگو، طعنے دینے والا اور لعنت کرنے والا نہیں ہوتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسکین وہ نہیں جو لوگوں کے درمیان گھوم پھر کر مانگتے ہوئے ایک لقمہ، ایک خرما، یا دو خرمے حاصل کرتا ہے بلکہ مسکین وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو جو اُس کی ضرورت پوری کرے اور کوئی خود سے اُسے کچھ نہ دے اور نہ ہی وہ سوال کرنے کیلئے اٹھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کوئی ایسا نہیں جو خدا تعالیٰ سے زیادہ حمد کو پسند کرتا ہو اور خدا تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی نہیں جو معذرت کو قبول کرتا ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت میں سے کوئی ایسا شخص جس کی تین بہنیں یا تین بیٹیاں ہوں، وہ اُن کے ساتھ حسن سلوک کرے تو قیامت کے دن وہ، آگ اور اُس کے درمیان حجاب بن جائیں گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کوئی بھی شخص کسی دوسرے سے کام اور کمائی میں بڑھ کر نہیں۔ خداوند عالم نے موت اور مصیبت کو مقرر کیا ہے اور کام اور معیشت کو تقسیم کیا ہوا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بغاوت سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں جس کی سزا جلدی ملتی ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص مصیبت کو نعمت، اور مالی کشائش کو مصیبت نہ سمجھے، وہ مومن نہیں ہوسکتا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے بہترین لوگوں میں وہ شخص شامل نہیں جو اپنی آخرت کیلئے اپنی دنیا کو ترک کرے یا آخرت کو دنیا کے لئے ترک کرے بلکہ اُسے چاہیے کہ دونوں سے اپنا حصہ لے لے کہ دنیا اُس کی آخرت کے حصول کا سبب بنے، اور نہ وہ دنیا میں دوسروں کیلئے بوجھ بنے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مرنے کے بعد کسی کا عذر قبول نہیں ہوگا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی بندے اور مشرک میں فرق صرف نماز ترک کرنے کا ہے۔ جس کسی نے نماز ترک کی اُس نے شرک کیا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میزانِ اعمال میں حسنِ خلق سے بڑھ کر اور کوئی وزنی چیز نہیں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی چیز معزز و مکرم نہیں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کا کوئی عضو ایسا نہیں جو زبان کی شکایت نہ کرتا ہو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارا سب سے بڑا دشمن وہ ہے جو تیری صُلب سے نکلا، تیرا ہی بیٹا ہے اور اُس کے بعد تمہارا بدترین دشمن تمہارا مال ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جنت میں دنیاوی چیزوں میں سے کچھ بھی نہیں سوائے اُس کے ناموں کے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کسی کو کسی پر فضیلت حاصل نہیں، سوائے دین اور عمل صالح کے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
عورت کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنے مال کو شوہر کی اجازت کے بغیر خرچ کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
فاسق کی برائی بیان کرنا غیبت نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اپنے بھائیوں سے سُود لینا جوانمردی نہیں

فرمان رسول خدا ﷺ
چاپلوسی۔ مومن کے اخلاق میں سے نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
وہ ہم میں سے نہیں جو ہمارے غیر سے مشابہت کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
وہ ہم میں سے نہیں جو کسی مسلمان کے لئے ملاوٹ کرے، اُسے نقصان پہنچائے یا اُس کے ساتھ مل کر کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو قرآن کو آہنگ کے ساتھ نہ پڑھے، وہ ہم میں سے نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وہ ہم میں سے نہیں جسے تعالیٰ خدا نے کشائش دی ہو اور وہ اپنے اہل وعیال پر تنگی کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میرے بعد میری اُمت کو فتنے اندھیری راتوں کی مانند اپنی لپیٹ میں لے لیں گے۔ لوگ اِس میں صبح کو مومن اٹھیں گے اور شام کو کافر ہوں گے۔ مومن اپنے دین کو تھوڑے سے دُنیوی مال کے بدلے بیچ ڈالیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اِس دنیا میں تم میں سے ہر ایک کا حصہ مسافر کے زادِ راہ جتنا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہر شخص کو اپنے بھائی کی مدد کرنی چاہیے، چاہے وہ ظالم ہو یا مظلوم ہو۔ اگر ظالم ہے تو اُسے ظلم سے روک کر مدد کرے اگر مظلوم ہے تو دفاع کر کے مدد کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لباس تونگری ظاہر کرتا ہے اور گھی فقر کو دور کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کھیل یا تفریح تین چیزوں میں جائز ہے؛ گھوڑے کی تربیت، کمان سے تیر چلا کر اور بیوی کے ساتھ خوش طبعی کرکے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تونگر کا سختی سے پیش آنا، اُس کی آبرو پر حرف آنے اور سزا کا باعث ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جزا، خلوص سے مربوط ہے اور عمل کا دارومدار نیت پر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں کوئی ایسی چیز نہیں خریدتا جس کی قیمت میرے پاس نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اُس کا کوئی ایمان نہیں جو امانتدار نہیں اور اُس کا کوئی دین نہیں جو وعدہ پورا نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پرہیز گار کیلئے دولت سے بڑھ کر صحت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خیالات کی پاکیزگی نعمتوں میں سے ایک ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے نفس کو دین سے مت ڈراؤ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آج کا کام کل پر مت چھوڑو کیونکہ ہر دن کے اپنے فرائض ہوتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی کی دونوں آنکھیں ضائع ہوں اور وہ صبر کر کے اُس صدمے کو برداشت کرے تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کافر کو گالی دیتے ہوئے مسلمان کو اذیت مت پہنچاؤ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کی قسم مت کھاؤ کیونکہ جو خدا کی قسم کھاتا ہے، خدا تعالیٰ اُس کی تکذیب کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
موت کی تمنّا مت کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے بھائی پر ظلم مت کرو، نہ اُس پر اُنگلیاں اٹھاؤ اور نہ اُس کے ساتھ فریب کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دو آدمیوں کے درمیان اُن کی اجازت کے بغیر مت بیٹھو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن میں دو خصلتیں یکجا نہیں ہو سکتیں ؛ کنجوسی اور جھوٹ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی اپنے ہاتھ کے علاوہ کسی سے برائی نہیں پاتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، نہ تو ناپ تول میں زیادہ لو، نہ ایک دوسرے سے دشمنی رکھو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نہ عیب جُو بنو، نہ چاپلوسی کرو اور نہ طعنے دینے والے بنو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نیکی کو حقیر مت سمجھو اور اپنے کسی بھائی کے ساتھ کوئی ایسا وعدہ مت کرو جس کی خلاف ورزی ہو جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بغیر کسی ضرورت کے جھوٹی یا سچی قسم مت کھاؤ اور اللہ تعالیٰ کو قسم کا آلہ مت بناؤ کیونکہ خدا تعالیٰ اُس پر رحم نہیں کھاتا اور نہ اُس کا خیال رکھتا ہے جو اُس کے نام سے جھوٹی قسم کھاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

زمانے کو گالی مت دو اور تم اُس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شیطان کو گالی مت دو اور تم اُس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سائل کو خالی ہاتھ مت لوٹاؤ، چاہے کھجور کا نصف حصہ ہی دے سکو تو دے دو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جو چیز تجھے نہیں ملی اُس کی بنا پر کسی کی مذمت نہ کرو کیونکہ کسی لالچی کے لالچ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا رزق اُس کی طرف نہیں بڑھتا اور نہ کوئی ناپسند کرنے والا رزق کو تجھ تک پہنچنے سے روک سکتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
کسی مسلمان کو خوفزدہ مت کرو کیونکہ کسی مسلمان کو ڈرانا ظلمِ عظیم ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جو مانگنے کی عادت بنائے گا؛ جس وقت وہ خدا تعالیٰ کے ہاں حاضر ہوگا تو اُس کے چہرے پر گوشت کا ذرّہ بھر بھی نہ ہوگا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
کسی شخص کی جان مرنے کے بعد اُس کے قرضے کے ساتھ معلّق رہتی ہے یہاں تک کہ اُسے ادا کیا جائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
بوڑھی عورت کے ساتھ جس کی اولاد نہ ہوسکتی ہو شادی مت کرو اور نہ بانجھ عورت سے شادی کرو کیونکہ مَیں تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
لوگوں سے کسی بھی چیز کا سوال مت کرنا یہاں تک کہ اگر تمہارے ہاتھ سے کوڑا گر جائے اور تم سوار ہو تو بھی تم کسی سے مت کہنا بلکہ اُتر کر خود اٹھا لینا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مُردوں کو گالی گلوچ مت دو وہ اپنے پہلے بھیجے ہوئے تک پہنچ چکے ہیں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مُردوں کو گالیاں دے کر زندوں کو اذیّت مت دو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شراب مت پیو کیونکہ یہ تمام برائیوں کی جڑ ہیں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کے علاوہ اور کسی کی ہم نشینی اختیار مت کرو اور ہمیشہ پاک و پاکیزہ غذا ہی کھایا کرو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص تجھے اپنے برابر نہ سمجھے اُس کے ساتھ ہم نشینی مت رکھو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نیک سلوک؛ دیندار یا خاندانی شرافت والے ساتھ ہی مناسب ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
برتنوں کے توڑنے پر نوکروں (کنیزوں) کو مت مارو کیونکہ لوگوں کی طرح برتنوں کا بھی ایک وقت مقرر ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو تم خود نہیں کھاتے مسکینوں کو بھی مت کھلاؤ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدگمانی کے نتیجے کے علاوہ عورتوں کو طلاق مت دو کیونکہ خداوند عالم نئے ذائقے تلاش کرنے والوں اور والیوں کو پسند نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اپنے کسی بھائی کی آشکارا ملامت مت کرو اگر ایسا کرو گے تو خدا تعالیٰ اُسے عافیت دے کر تمہیں اُس میں مبتلا کر دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسلمانوں کی غیبت نہ کرو اور نہ ہی اُن کی پوشیدہ باتوں کی ٹوہ میں لگے رہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
غصّہ مت کرو کیونکہ غصّہ تباہ کرنے والا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت اُس وقت نہ واقع نہ ہوگی جب تک مردوں کی تعداد کم نہ ہو جائے اور عورتوں کی تعداد زیادہ نہ ہو جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت اُس وقت تک واقع نہ ہوگی جب تک بیٹا انتہائی غصّے کا باعث نہ بنے، کمینوں کی کثرت نہ ہو جائے، معزز اور شریف لوگ کمیاب نہ ہو جائیں، چھوٹے بڑوں کے ساتھ اور پست لوگ کریم لوگوں کے ساتھ گستاخی نہ کریں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت اُس وقت تک واقع نہ ہوگی جب تک زُہد و تقویٰ میں تکلّف اور بناوٹ داخل نہ ہو جائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت اُس وقت تک واقع نہ ہوگی جب تک دُنیا کا خوش بخت ترین فرد وہ نہ بنے جو کمینہ ابن کمینہ ہو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت اُس وقت تک واقع نہ ہوگی جب تک یہ نوبت نہ آجائے کہ ایک شخص کسی قبر سے گرزتے ہوئے یہ تمنا کرنے لگے کہ کاش اِس کی جگہ مَیں یہاں ہوتا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زیادہ مت ہنسو کیونکہ زیادہ ہنسا دلوں کو مردہ کرتا ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زیادہ فکر مت کرو جو تمہاری قسمت ہے مل جائے گا اور جو تمہارا رزق مقرّر ہے وہ تمہارے پاس آئے گا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بیٹیوں کو ناگوار مت سمجھو کیونکہ یہ باعث محبت ہیں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لَا تَكَلَّفُ لِلضَّيْفِ۔ مہمان کیلئے تکلّف مت برتو۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اُن لوگوں میں سے مت بنو جو اپنے لیے آسانی اور دوسروں کیلئے سختی پیدا کریں۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تک تم اِنکساری نہ برتو گے، زاہد نہیں کہلا سکتے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
اپنے بھائی کیساتھ فریب اور مزاح مت کرو اور نہ ہی وعدہ کر کے خلاف ورزی کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
مذاق اور مسخرہ پن مت کرو، اِس سے تمہاری قدر گھٹ جائے گی اور نہ جھوٹ بولو کہ تمہارے چہرے کا نور زائل ہو جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
زیادہ کھانا کھا کر اپنے دلوں کو مردہ مت کرو کیونکہ دل اِسی طرح مردہ ہوتے ہیں جیسے فصل پر پانی زیادہ دیا جائے تو کھیتی مر جاتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جو ٹھوکر نہ کھائے بردبار نہیں بن سکتا اور وہ شخص حکیم نہیں جسے مختلف تجربات کا سامنا نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
اُس شخص کی ہم نشینی میں بھلائی نہیں جو تمہیں اپنا جیسا نہ سمجھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
ایسی ہم نشینی اچھی نہیں جس میں تم ساتھی کے حق کے قائل ہو اور وہ تمہارے لیے اُس حق کا قائل نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
وہ مال جسے آفت نہ پہنچے اور وہ جسم جس پر تکلیف نہ پہنچے، بھلائی پر نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جو مہمانداری نہ کرے اُس میں کوئی بھلائی نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
دین، جوانمردی کے علاوہ کچھ نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
لَا دِیْنَ لِمَنْ لَّا عَھْدَ لَہٗ۔ جو وعدے کا سچا نہیں، اُس کا کوئی دین نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَ سَھْلًا۔ جسے آپ آسان قرار دیں، آسان ہی رہے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
قید رکھنے کیلئے زبان سے بڑھ کر اور کوئی حقدار نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
لَا شَیْءَ اَغْیَرُ مِنَ اللّٰہِ۔ اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر کوئی غیرت مند نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اگر قرابتدار محتاج ہوں تو صدقہ دینا جائز نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت جائز نہیں، اطاعت صرف نیکی میں ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خالق کی نافرمانی کرتے ہوئے مخلوق کی فرماں برداری جائز نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تدبیر کی مانند کوئی عقل نہیں، اپنے آپ پر قابو پانے سے بڑھ کر کوئی تقویٰ نہیں اور حسن اِخلاق سے بڑھ کر کوئی حسب نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جہالت سے بڑھ کر کوئی احتیاج نہیں اور عقل سے بڑھ کر فائدہ مند کوئی دولت نہیں، خود پسندی سے بڑھ کر کوئی وحشت نہیں، حسن خِلق سے بڑھ کر کوئی حسب نہیں اور غور و فکر سے بڑھ کر کوئی عبادت نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مشورہ سے بڑھ کر کوئی پشت پناہ نہیں اور حیاء کی مانند کوئی ایمان نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص قرآن پڑھتا ہے، وہ فقیر نہیں ہوسکتا اور قرآن سے بڑھ کر اور کوئی بے نیازی نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
استغفار کرنے سے گناہ کبیرہ، کبیرہ نہیں رہتا اور گناہ صغیرہ کا اصرار کرنے سے وہ صغیرہ نہیں رہتا (یعنی کبیرہ بن جاتا ہے)۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مشورہ کرنے والے کو پشیمانی نہیں ہوتی اور جو قناعت کرتا ہے وہ کبھی محتاج نہیں ہوتا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
قرض کے غم سے بڑھ کر کوئی غم نہیں اور دردِ چشم سے بڑھ کر کوئی درد نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے کوئی اُس وقت تک مومن نہیں بن سکتا جب تک کہ وہ جو اپنے لئے پسند کرے وہی دوسروں کیلئے بھی پسند کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں پر وہ شخص ظلم کرتا ہے جو زنا زادہ ہے اگر زنا زادہ نہ بھی ہو تو اُس میں اُس کی کوئی رگ موجود ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کوئی شخص تقویٰ کی منزل تک نہیں پہنچ سکتا جب تک مباح چیزوں کو غیر مباح کے خوف سے ترک نہ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کوئی شخص اُس وقت تک مومن نہیں بن سکتا جب تک وہ اپنی زبان کی حفاظت نہ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کوئی شخص ایمان کی حقیقت تک نہیں پہنچ سکتا یہاں تک کہ اُسے یقین ہو جائے کہ جو کچھ اُسے ملا ہے وہ غلطی سے نہیں ملا ہے اور نہ اِس میں غلطی ہے جو اُسے نہیں ملا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لَا يَتَكَلَّفَنَّ اَحَدٌ لِضَيْفِهٖ مَا لَا يَقْدِرُ۔ جو شخص قدرت نہ رکھتا ہو، مہمان کیلئے تکلیف کرتے ہوئے کوئی چیز فراہم نہ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے کوئی موت کی تمنا نہ کرے کیونکہ اگر نیکوکار ہے تو شاید اُس کی نیکیوں میں اضافہ ہو اور اگر گناہ گار ہے تو شاید راہ راست پر آجائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کسی نازل شدہ نقصان کی بناء پر کوئی شخص موت کی تمنا نہ کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کوئی شخص کسی مجلس میں اپنے اور لوگوں کے درمیان میں نہ بیٹھے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
گناہ گار کے علاوہ اور کوئی ذخیرہ اندوزی نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
صدقہ اُس کیلئے لینا جائز نہیں جو تونگر ہو اور اُسے بھی جو فطری قوت واستطاعت رکھتا ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جس کام میں تاخیر ہو رہی ہو اُس میں تم جلدی مت چاہو کیونکہ خداوند عالم کسی کے جلدی کرنے کی وجہ سے کام کو جلدی سے پورا نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب ایک مرد اور ایک عورت تنہائی میں ہوتے ہیں تو اُن کا تیسرا شیطان ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
لَا یُدخِلُ الجَنَّۃَ اِلَّا رَحِیمٍ ۔ رحمدل کے علاوہ کوئی جنت میں نہیں جاسکے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
حیلہ گر اور بخیل، جنت میں نہیں جاسکیں گے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بد خلق شخص جنت میں نہیں جا سکے گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کی برائیوں سے اُس کا ہمسایہ محفوظ نہیں وہ شخص جنت میں نہیں جا سکتا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قطع رحمی کرنے والا جنت میں نہیں جا سکے گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جھوٹا شخص جنت میں داخل نہیں ہو سکتا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لَا یَرْحَمُ اللہُ مَنْ لَّا یَرْحَمُ النَّاسَ۔ جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ اُس پر رحم نہیں کرتا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شخص کو نہیں چاہیے کہ کسی دوسرے بھائی کا تحفہ واپس کرے بلکہ ممکن ہو تو اُس کے بدلے دوسرا تحفہ دے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُعا، موت کو ٹالتی ہے اور نیکی عمر میں اضافہ کرتی ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب ایک شخص نماز کے انتظار میں ہو تو گویا وہ نماز میں ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کے ہاں چوری ہو جائے وہ بے گناہوں پر اِتنا تہمت لگاتا ہے کہ اُس کا گناہ چور کے چوری کرنے کے گناہ سے بڑھ جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو آدمی دنیا میں کسی شخص کی پردہ پوشی کرتا ہے، خداوند عالم قیامت کے دن اُس کی پردہ پوشی کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شخص کا ایمان اُسی وقت استقامت حاصل کرسکتا ہے جب اُس کے دل میں استقامت ہو اور کسی کا دل اُس وقت استقامت حاصل کرسکتا ہے جب اُس کی زبان میں اِستقامت ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے کسی کا ایمان اُس وقت کامل نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنی زبان کو قابو میں نہ رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تک کسی میں تین صفات موجود نہ ہوں اُس کا ایمان مکمل نہیں ہوسکتا: تنگی میں خرچ کرنا، اپنے مقابلے میں دوسرے سے انصاف کرنا اور سلام میں پہل کرنا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن۔ہمسائے کے بغیر پیٹ نہیں بھرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم سے عالم کا پیٹ نہیں بھرتا یہاں تک کہ اپنے انجام یعنی بہشت تک پہنچ جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لَا يَشْكُرُ اللّٰهَ مَنْ لَّا يَشْكُرُ النَّاسَ۔ جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ خدا تعالیٰ کا بھی شکر ادا نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خوشامد، والدین اور عادل حکمران کے علاوہ کسی کیلئے نہیں کی جاسکتی اور نیک سلوکی، خاندانی شرافت والے یا دیندار کے ساتھ کی جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لَا يُغْنِيْ حَذَرٌ عَنْ قَدَرٍ۔ احتیاط-تقدیر کا علاج نہیں کرسکتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کسی کو غافل رکھ کروار نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ قوم فلاح نہیں پاسکتی جس کی حکومت عورت کے ہاتھ میں ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن ایک سوراخ سے دو بار نہیں ڈسا جاسکتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لَا يُقْبَلُ اِيْمَانٌ بِلَا عَمَلٍ وَلَا عَمَلٌ بِلَا اِيْمَانٍ۔ ایمان کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں اور عمل کے بغیر ایمان قبول نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے کوئی شخص مرے تو خداوند عالم پر حسن ظن رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دو عملی پالیسی والے کا خدا تعالیٰ کے ہاں امانتدار ہونا مشکل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لَا یَنۡبَغِیۡ لِلصَّدِیۡقِ اَنۡ یَّکُوۡنَ لَعَاناً۔ ایک سچے آدمی کیلئے کسی پر لعنت کرنا مناسب نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کیلئے مناسب نہیں ہے کہ اپنے آپ کو ذلیل کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
گمراہ کو گمراہ ہی پسند کرسکتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس مال کے ذریعہ آبرو کی حفاظت کی جائے اُسے صدقہ میں لکھا جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَا کَانَتۡ فَرۡحَۃٌ اِلَّا تَبِعَتۡهَا تَرۡحَۃٌ۔ کوئی خوشی ایسی نہیں جس کے بعد رنج نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اور دُنیا کی مثال ایسی ہے کہ ایک مسافر کسی درخت کے سائے میں گرم دن میں ذرا سی دیر آرام کر کے پھر اُسے چھوڑ کر چلتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی کو خداوند عالم حکمرانی عطا کرے اور وہ مرتے وقت اپنی رعایا کے بارے میں کھوٹ سے کام لے تو خداوند عالم اُس پر جنت کو حرام کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ گھونٹ وہ ہے جو غصّہ کے وقت پیا جائے یا وہ گھونٹ جو مصیبت کے وقت صبر کا پیا جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ قطرہ وہ ہے جو کسی کی آنکھ سے اللہ تعالیٰ کے خوف سے ٹپکے یا اللہ تعالیٰ کی راہ میں بہنے والے خون کا قطرہ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی ریوڑ پر دو بھیڑیے حملہ کریں تو اِتنا نقصان نہیں پہنچا سکتے جتنا نقصان، مال اور عہدے کی محبت کسی مسلمان کے دین کو پہنچا سکتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب سورج طلوع ہوتا ہے تو اُس کے دونوں پہلوؤں میں دو فرشتے ساتھ ہوتے ہیں جو دُعا کرتے ہیں خداوندا! خرچ کرنے والے کو مال دینے میں جلدی فرما اور ہاتھ روکنے والے کا مال تلف کرنے میں جلدی فرما۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم دُنیا میں کس چیز کا انتظار کر رہے؟ یا تو ایسی تونگری کا جو تمہیں سرکشی پر اُبھارے یا ایسی تنگدستی کا جو تمہیں سب کچھ بھلا دے یا ایسی بیماری کا جو تمہیں توڑ پھوڑ کے رکھ دے یا بڑھاپے کے جو سٹھیا ڈالے یا موت کا جو جلد کوچ کرا دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند ِعالم کسی بندے کو اُس وقت تک پست و حقیر شمار نہیں کرتا مگر یہ کہ اُس سے علم و ادب اُٹھا کر (یعنی اُسے علم سے بے بہرہ کرکے)۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب بھی کوئی نوجوان کسی بوڑھے کی اُس کی عمر کی وجہ سے عزّت کرے گا تو خداوند تعالیٰ اُس کے بڑھاپے میں کسی کو مقرر کرے گا جو اُس کی عزّت کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مشورہ کرنے کی بناء پر کوئی شخص بد بخت نہیں ہوا اور نہ ہی اپنی رائے پر عمل کر کے سعادت مند ہوا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص اَستغفار کرتا ہے وہ گناہ پر اِصرار نہیں کرتا، چاہے ایک دن میں ستر بار گناہ کی طرف لوٹے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
میرے بعد مردوں کیلئے عورتوں سے بڑھ کر فتنہ انگیز کوئی آزمائش نہیں رکھی گئی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
انسان نے پیٹ سے بڑھ کر بُرے کسی برتن کو پُر نہیں کیا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کوئی شخص اُس رہنماء سے بڑھ کر خدا تعالیٰ کے ہاں افضل نہیں ہوسکتا جو بات کرے تو سچ بولے اور جب حکم کرے تو عدل اختیار کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
حلال اُمور میں طلاق سے بڑھ کر اور کوئی چیز ناپسندیدہ نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسلمانوں میں سے اَجر کے حساب سے بڑھ کر اُس نیک وزیر کے علاوہ کوئی نہیں ہوسکتا جو کسی حکمران کے ساتھ ہو، اُس کی فرمانبرداری کرے اور اُسے خدا تعالیٰ کا فرمان یاد دلائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دُنیا، آخرت کی نسبت ایسی ہے کہ تم میں سے کوئی اپنی شہادت کی اُنگلی پانی میں ڈال دے اور انتظار کرنے لگے کہ کیا لے کر واپس نکلے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پوشیدہ طور پر سجدے بجالانے کے علاوہ اور کوئی عبادت ایسی نہیں جو اللہ تعالیٰ کے ہاں افضل ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صلہّ رحمی کے علاوہ اور کوئی عبادت نہیں جس کا ثواب جلدی ملتا ہو، بغاوت کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی کوئی نافرمانی ایسی نہیں جس کی سزا سب سے جلد ملتی ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ کم جو کفایت کرے بہتر ہے اُس زیادہ سے جو بیہودگی میں ڈالے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی باپ نے اپنے بیٹے کو حسن اَدب سے بڑھ کر بہتر اور افضل تحفہ نہیں دیا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی بھوکے کو پیٹ بھر کر کھانا کھلانے سے بہتر کوئی عمل نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نرمی کسی چیز میں ہو اُس کی زینت کا باعث ہے اور سختی کسی بھی چیز میں ہو اُس کیلئے ننگ وعار کا باعث ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ جس کسی بندے کے گناہ کی دُنیا میں ستر پوشی کرتا ہے، قیامت کے دن بھی اُس کا مواخذہ نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورت جو نمازیں پڑھتی ہیں، اُن میں سے خدا تعالیٰ کے نزدیک محبوب ترین نمازیں وہ ہیں جو اُس نے گھر کے اندر کسی اندھیرے کونے میں پڑھی ہوں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو بھی خدا تعالیٰ سے طلب خیر کرتا ہے نا اُمید نہیں ہوتا اور جو مشورہ کرتا ہے پشیمان نہیں ہوتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب بھی کسی مومن کو کوئی تکلیف، اَلم، بیماری، اذیت یا غم پہنچتا ہے تو خداوند عالم اُسے اُس کے گناہوں کا کفّارہ قرار دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ، جہالت کے ساتھ کسی کو عزّت نہیں دیتا اور نہ ہی حلم کے ساتھ ذلّت دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صدقہ دینے سے کبھی کمی نہیں ہوتی۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب کبھی کوئی شخص اپنے اوپر ہونے والے ظلم کو بخش دیتا ہے تو اُس کی بنیاد پر اُس کی عزت میں اضافہ ہوتا ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَارُزِقَ الْعَبْدُ رِزْقًا اَوْسَعَ عَلَيْهِ مِنَ الصَّبْرِ۔ کسی کو بھی صبر سے زیادہ وسیع روزی نہیں دی گئی۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ دَاءٍ اِلَّا اَنْزَلَ لَهُ شَفَاء۔ خدا تعالیٰ نے کوئی بیماری ایسی نازل نہیں کی جس کی دوا نازل نہ کی ہو۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کسی بندے کو اچھی صورت اور سیرت دیتا ہے تو اُسے آگ میں جلانے سے حیاء کرتا ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب ایک بندہ اچھا صدقہ دیتا ہے تو خداوند ِعالم اُس کے باقی مال کو اچھائی میں بدل دیتا ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی اپنے لئے سوال کا دروازہ کھولتا ہے خداوند ِعالم اُس کیلئے احتیاج کا دروازہ کھولتا ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند ِعالم نے کسی بندے کو اُس کے دین کی پاکیزگی اور شرمگاہ کی پاکدامنی سے بڑھ کر اور کوئی زینت نہیں دی۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
مَاعَالَ مَنِ اقْتَصَدَ۔ جس نے قناعت کی وہ محتاج نہیں ہوا۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
موت کے بعد کی باتیں کرنا بکریوں کے سینگ مارنے کے علاوہ کچھ نہیں۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
خداوندِ عالم نے جس کسی کو علم دیا ہے تو اُس سے یہ پیمان بھی لیا ہے کہ وہ اُسے نہ چھپائے۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
امید اور خوف جس دِل میں پیدا ہوتے ہیں، خداوندِ عالم اُس کی اُمید پوری کرتا ہے اور خوف سے اُسے امان دیتا ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
جب ایک بندہ کسی بندے کو صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر دوست رکھتا ہے تو اُس کا پروردگار اُس کی عزت کرتا ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
جو شخص جس قدر زیادہ سود کھائے، اُسی قدر آخرکار مال کی قلّت کا شکار ہوگا۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
تونگری میں قناعت کیا ہی اچھی ہے اور اُس سے اچھی قناعت تنگدستی میں ہے اور عبادت میں قناعت بہت ہی اچھی ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا ﷺ
خدا تعالیٰ نے جن اشیاء کو حلال کیا ہے اُن میں سے ناپسندیدہ ترین چیز طلاق ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مَیں اپنی اُمت کے ضعف یقین کے بارے میں ڈرتا ہوں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مجھے اپنی اُمت کے بارے میں کوئی خوف نہیں، سوائے عورتوں اور شراب کے بارے میں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مَیں تمہارے فقر و احتیاج سے نہیں ڈرتا بلکہ مَیں تمہارے اَموال کی زیادتی سے ڈرتا ہوں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا تعالیٰ کسی بندے کو ذِلت نہیں دیتا مگر یہ کہ علم و اَدب سے اُسے محروم کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
دُنیا نے آخرت سے اِتنا لیا ہے جتنا ایک سوئی کو سمندر میں ڈبو دیں تو اُس کے پانی میں سے تری لے لے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا تعالیٰ تقویٰ اختیار کرنے کے بعد کسی مومن کیلئے بہترین چیز نیک عورت ہے، جسے حکم کرے تو اطاعت کرے، اُس کی طرف دیکھے تو سرور بخشے، اگر قسم کھائے تو پورا کرے، اگر اُس کی آنکھ سے اوجھل ہو جائے تو اپنے نفس اور اُس کے مال کی حفاظت کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ایک بندہ اپنے دِل میں جو نیت کرتا ہے، خداوند عالم اُس کے آثار کو نمودار کرتا ہے۔ اگر نیت اچھی ہے تو اچھے آثار اور بری ہے تو برے آثار نمایاں کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جولقمہ تم اپنی بیوی کو کھلاتے ہو وہ تمہارے لئے صدقہ ہے،اور جوتم اپنی اولاد کو کھلاتے ہو وہ صدقہ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو اپنے خادم کو کھلاتے ہو وہ تمہارے لئے صدقہ ہے اور جوتم کھاتے ہو وہ بھی صدقہ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جب گھر والوں میں نرمی اور مدارات ہوتی ہے تو یہ اُن کیلئے فائدہ مند ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کوئی شخص ثابت قدم نہیں رہ سکتا جب تک اُس کی عقل ثابت قدم نہ ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
غذا اُس سے بہتر نہیں جو ایک شخص اپنے ہاتھ سے کما کر کھائے کیونکہ حضرت داؤدؑ بھی اپنے ہاتھ سے کما کر کھاتے تھے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خداوند عالم نے جس کسی کو کوئی نعمت دی اور وہ اُس حمد پر بجالاتا ہے تو اُس کا یہ حمد بجالانا اُس نعمت سے چاہے وہ کتنی ہی عظیم کیوں نہ ہو افضل قرار پاتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جسے تمہارا دِل قبول نہ کرے، اُسے چھوڑ دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک مسلمان کسی دوسرے مسلمان کو جو بہترین تحفہ دیتا ہے وہ اُس حکمت کے جملے سے افضل نہیں ہوسکتا جس کے ذریعے وہ اُس کی ہدایت کا ارادہ کرے یا کسی خطرے کو دور کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اُس نے اپنے باپ کے ساتھ نیکی نہیں کی جس نے غصّے کی نظروں کے ساتھ اُسے دیکھا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی کو اِتنی اذیّت نہیں دی گئی جتنی اللہ تعالیٰ کی راہ میں مجھے اذیّت دی گئی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کی خاطر کوئی بندہ کسی کام کو ترک کرتا ہے تو خداوند عالم اُس کا نعم البدل اُسے دیتا ہے جو چھوڑے ہوئے کام کی نسبت اُس کے دین اور دُنیا کے لئے بہتر ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تمہارے کھیل کود کے وقت فرشتے موجود نہیں رہتے مگر یہ کہ تم تیراندازی اور کشتی کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شائع ہونے والے علم سے بڑھ کر کوئی افضل صدقہ نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جبریلؑ جب بھی میرے پاس آئے، مجھے مسواک کی تاکید کی یہاں تک کہ مجھے خوف محسوس ہونے لگا کہ مسوڑے گھس نہ جائیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی مجلس قائم کرتے ہیں اور بعد میں جب اُٹھ کر کھڑے ہوتے ہیں تو اُنہیں کہا جاتا ہے کہ اُٹھو خدا تعالیٰ نے تمہاری مغفرت فرمائی اور گناہوں کو نیکیوں میں بدل دیا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب ایک بندہ اپنے گھر سے حصول علم کی خاطر نکلتا ہے تو خداوند عالم اُس کیلئے جنت کی راہ آسان کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی نوکر سے خدمت لینے میں تخفیف کرتا ہے تو اُس کی جزا قیامت کے دن تمہارے میزان عمل میں رکھی جائے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم نے کسی بھی چیز کو پیدا کیا تو ایک ایسی چیز ضرور پیدا کی جو اُس پر غالب آجائے اور خداوند عالم نے اپنی رحمت کو خلق فرمایا تا کہ اُس کے غضب پر غالب آجائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب کوئی قوم یا جماعت اپنے ہاتھوں کو خدا کے حضور اُٹھاتی ہے تو خدا تعالیٰ پر لازم ہے کہ اُن کے مانگے ہوئے کو اُن کے ہاتھوں پر رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جبریلؑ مجھے ہمسائے کے بارے میں اِس قدر وصیّت کرتے رہے کہ مجھے گمان ہونے لگا کہ عنقریب اُسے وارث بنایا جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی سے دُنیا لے لی جاتی ہے تو ضرور اِس میں اچھائی ہی ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب کسی قوم کے اعمال خراب ہوتے ہیں تو وہ اپنی مساجد کو زینت دینا اور سنوارنا شروع کر دیتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ اُسی وقت کسی قوم کو قحط میں مبتلا کرتا ہے جب اُنہوں نے اُس کی نافرمانی کی ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں مومن کے دنیا سے نکلنے کی تشبیہ اِس سے دیتا ہوں جیسے طفل ماں کے پیٹ سے نکلتا ہے یعنی تکلیف اور اندھیرے سے دنیا کی رحمت اور وُسعت میں قدم رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے ذِکر سے بڑھ کر افضل صدقہ کوئی نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دوستوں کے رہنے کیلئے کوئی جگہ تنگ نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب بندہَ خدا کے پاس خدا تعالیٰ کی عظیم نعمتیں آتی ہیں تو اُسی مناسبت سے لوگوں کی کفالت بھی اُس کے ذمّہ ہوتی ہے لیکن جب وہ یہ اخراجات برداشت نہیں کرتا تو یہ نعمت زوال پذیر ہونے لگتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خداوند عالم جب بھی کسی بندے کی طرف سے اپنے گناہ پر ندامت دیکھتا ہے تو اُسے معاف کردیتا ہے قبل اِس کے کہ وہ معافی چاہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بنی آدم کے اعمال میں سے بہترین اعمال نماز، دو آدمیوں کے درمیان صلح کرانا اور حسن خلق ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بدی اور بدزبانی جس کسی میں بھی ہو اُسے ذلیل وخوار کرکے رکھتی ہیں اور شرم وحیاء جس کسی میں بھی ہو اُس کی زینت بن جاتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر وہ بات جو تم اپنے دوست کے سامنے نہ کہہ سکو، غیبت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کام کو لوگوں کے سامنے کرنا ناگوار سمجھتے ہو، اُسے خلوت اور تنہائی میں بھی انجام مت دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بخل کی مانند اور کوئی چیز نہیں جو اِسلام کو پامال کردے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کوئی آدمی ایسا نہیں جس کے سر میں حکمت نہ ہو مگر یہ حکمت ایک فرشتے کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ جب وہ آدمی اِنکساری کرتا ہے تو فرشتے کو حکم ملتا ہے کہ وہ حکمت اُس کو دے دے اور جب وہ تکبّر کرنے لگتا ہے تو حکم ملتا ہے حکمت اُس سے واپس لے لے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
کوئی ایسا نہیں جو مرتے وقت پشیمان نہ ہوتا ہو۔ اگر نیکو کار ہے تو پشیمان ہوتا ہے کہ زیادہ نیکی کیوں نہیں کی اور اگر گناہگار ہے تو پشیمان ہوتا ہے کہ گناہوں سے ہاتھ کیوں نہیں اُٹھایا۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جو کوئی اِس اُمت میں کوئی نئی بات (بدعت) ایجاد کرے گا تو جب تک اُس کی سزا نہیں پائے گا نہیں مرے گا۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جس قوم کے درمیان سودخوری عام ہو جائے، اُن کے درمیان قحط کی وَبا پھیل جائے گی اور جس قوم کے درمیان رشوت عام ہو جائے وہ خوف میں مبتلا ہو جائیں گے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جس کسی مسلمان کے تین بچے، بالغ ہونے سے پہلے مر جائیں، وہ بہشت کے آٹھ دروازوں پر اُس کے ساتھ ملاقات کریں گے کہ وہ جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جب کوئی مسلمان کسی خاتون پر پہلی دفعہ نظر ڈالنے کے بعد اپنی نظریں نیچی کر لیتا ہے تو خداوند عالم اُس کے دل میں عبادت کی حلاوت ڈال دے گا جس کی لذّت وہ اپنے دِل میں محسوس کرے گا۔

فرمان رسولِ خدا ﷺ
جس شخص کی دو بیٹیاں ہوں اور اُس کے گھر میں پَل کر جوان ہو جائیں اور وہ اُن کے ساتھ نیک سلوک کرے تو وہ شخص جنت میں جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صدقہ دینے سے مال میں کمی نہیں ہوتی اور خدا تعالیٰ جس کسی کو بخش دیتا ہے اُس کی عزت میں اضافہ کرتا ہے اور جو خدا تعالیٰ کی خاطر انکساری برتتا ہے خداوند عالم اُسے بلند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کیلئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے کسی بھائی کی طرف تیز نظروں سے دیکھے کہ اُسے اذیت ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو اپنے لئے ناگوار سمجھتے ہو دوسروں کیلئے بھی ناگوار سمجھو اور جو اپنے لئے پسند کرتے ہو دوسرے بھائی کے لئے بھی پسند کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی نے اپنی قدر پہچانی وہ ہلاک نہیں ہوسکتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سچ بولنے والا تاجر، فقیر نہیں ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صدقہ، مال میں کمی نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کم مال جو تمہاری ضرورت کو پورا کرے، اُس زیادہ مال سے بہتر ہے جو تجھے لہو ولعب میں مبتلا کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ شخص محتاج نہیں ہوگا جو قناعت کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لایا جو پیٹ بھر کر سویا اور اُس کے پہلو میں اُس کا ہمسایہ بھوکا سویا جس کا اُسے علم بھی ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ نے روئے زمین پر عقل سے کمیاب چیز دنیا میں پیدا نہیں کی اور عقل دنیا میں سرخ یاقوت سے بھی کم رکھی گئی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کی مثال اُس خوشے کی مانند ہے جسے ہوا حرکت دے تو ایک دفعہ جھک جائے اور دوسری دفعہ کھڑا ہو جائے اور کافر کی مثال سکڑے ہوئے اُس پودے کی سی ہے جس نے ابھی جڑ پکڑی ہو، اِدھر ہوا چلی اُدھر جھک گیا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نیک ہم نشیں کی مثال عِطر فروش کی سی ہے اگر وہ تمہیں عطر نہ بھی دے تو بھی اُس کی خوشبو آئے گی اور برے ہم نشیں کی مثال لوہار کی بھٹی جیسی ہے اگر یہ تمہیں نہ بھی جلائے تو بھی اُس کی بدبو تمہیں اذیت دے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میرے اہل بیتؑ کی مثال نوحؑ کی کشتی جیسی ہے جو اِس میں سوار ہوا اُس نے نجات پائی اور جس نے اُس سے رُوگردانی کی وہ غرق ہوا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومنین کی مثال اُن کی ایک دوسرے کے ساتھ مہربانی اور محبتوں میں جسم جیسی ہے کہ جسم کے کسی حصے میں کوئی تکلیف ہوتی ہے تو دوسرے تمام اعضاء بھی اُس کی حمایت میں جاگتے رہتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کی مثال چھلنی کی سی ہے جو پاک ہی کھاتا ہے اور پاک ہی دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دل کی مثال زمین پر ایک دھاگے کی مانند ہے جسے ہوا اِدھر سے اُدھر کر رہی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورت کی مثال پسلی جیسی ہے اگر تم اِسے سیدھی کرنی چاہو تو ٹوٹ جاتی ہے۔اِس سے اِس کجی کی حالت میں ہی کام لیا جا سکتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
طاقتور مومن کی مثال کھجور کے درخت کی مانند ہے اور کمزور مومن کی مثال فصل کے کمزور تنے کی سی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کی مثال دو ریوڑوں میں پریشان بکری جیسی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت کی مثال بارش کی سی ہے جس کے بارے میں معلوم نہیں کہ اِس کا اوّل بہتر ہے یا آخر اچھا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مومن اور ایمان کی مثال گھوڑے اور پھندے جیسی ہے۔گھوڑا پہلے تو پھندے کے گرد چکر کاٹتا ہے پھر پھندے میں لوٹ آتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قرآن کی مثال بندھے ہوئے اونٹ جیسی ہے اگر اُس کے مالک نے باندھا ہے تو موجود ہے اگر نہیں باندھا تو ہاتھ سے نکل گیا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وہ عورت جو نامحرموں کیلئے زینت کر کے دامن گھسیٹتے ہوئے چلے وہ ایک ایسا اندھیرا ہے جس کیلئے قیامت میں کوئی نور نہیں ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وہ عالم جو لوگوں کو تو علم سکھاتا ہے مگر اپنے آپ کو بھول گیا ہے اُس کی مثال اُس چراغ کی سی ہے جو لوگوں کو روشنی دیتا ہے اور اپنے آپ کو جلاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص علم حاصل کرتا ہے اور بیان نہیں کرتا اُس کی مثال اُس شخص کی سی ہے جس نے خزانہ پایا اور اُس میں سے خرچ نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص کم سنی میں علم حاصل کرتا ہے تو وہ علم پتھر پر لکیر بن جاتا ہے اور جو شخص بڑی عمر میں علم حاصل کرنا شروع کرتا ہے تو اُس کی مثال پانی پر لکھنے کی سی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص لوگوں کو نیکی کی تعلیم دیتا ہے اور اپنے آپ کو بھلاتا ہے تو اُس کی مثال اُس فتیلہ کی طرح ہے جو خود جلتا ہے اور دوسرے لوگوں کو روشنی پہنچاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کی مثال عطر فروش کی سی ہے اگر تم اُس کی ہم نشینی اختیار کرو تو فائدہ اگر ساتھ چلو تو فائدہ اگر اُس کے ساتھ شراکت کرو تب بھی فائدہ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کی مثال کھجور کے درخت کی سی ہے کہ اِس میں سے جو چیز تم اٹھاؤ گے فائدہ پاؤ گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کی مثال کھیتی کے پودوں جیسی ہے ہوا جہاں سے بھی چلے اُسے جھکا دیتی ہے اور جب ہوا تھم گئی تو سیدھا ہوتا ہے۔ اِسی طرح مومن مصیبتوں کے وقت جھک جاتا ہے اور فاجر کی مثال اُس سکڑے ہوئے پودے کی مانند ہے جس نے ابھی جڑ پکڑی ہو کہ جب بھی خداوند عالم چاہے اُسے معمولی ہوا سے توڑ ڈالے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کی مثال سونے کی ڈلی کی مانند ہے، پھونک مارو تو سرخ ہو جاتی ہے اور وزن کرو تو کوئی کمی واقع نہیں ہوتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کی مثال ظاہری طور پر ٹوٹے ہوئے گھر کی سی ہے لیکن جب تم اُس میں داخل ہوتے ہو تو تم اُسے پاکیزہ اور صاف پاؤ گے اور فاسق کے گھر کی مثال پختہ اور خوبصورت قبر کی مانند ہے جس کے اندر دیکھا جائے تو سڑاند اور تعفن کے علاوہ کچھ نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورتوں کے درمیان صالح عورتوں کی تعداد اتنی ہے جتنی تعداد ایسے کوؤں کی ہو جن کا ایک پاؤں سفید ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اِس دنیا کی مثال اُس کپڑے کی سی ہے جسے ایک سرے سے پھاڑ دیا گیا ہو اور دوسرے سرے کے ایک دھاگے سے جڑا ہوا ہو؛ نامعلوم یہ دھاگہ کب ٹوٹے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اور تمہاری مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص نے آگ روشن کی تو پروانے اور تتلیاں اُس میں کودنے کیلئے دوڑ پڑیں اور وہ شخص اُنہیں بچانے کی کوشش کرتا ہے مگر وہ اُس سے بچ کر آگ میں کود جاتے ہیں اور مَیں تمہیں پکڑ پکڑ کر جہنم کی آگ سے بچانا چاہتا ہوں مگر تم مجھ سے میرا ہاتھ چھڑا کر کود جاتے ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن بھائیوں کی مثال دو ہاتھوں کی مانند ہے کہ ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ کو دھوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں کے ساتھ رواداری سے پیش آنا اور نرمی اختیار کرنا، نصف زندگی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں سے رواداری سے پیش آنا، صدقہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نیکی کا حکم دو چاہے تم اُسے بجا نہ لاتے ہو اور برائی سے روکو چاہے تم خود اُس سے پرہیز نہ کرتے ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تونگر کا مانگنا، قیامت کے دن اُس کے چہرے پر داغ ہوگا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
نیک اخلاق، جنّت کے اعمال میں سے ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
کام کی قیمت اُس کا انجام ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
وہ شخص ملعون ہے جو اپنا بوجھ دوسروں پر ڈالے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
وہ شخص ملعون ہے جو کسی مومن کو نقصان پہنچائے یا اُس کے ساتھ فریب کرے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص اپنے باپ کو گالی دے وہ ملعون ہے، جو شخص اپنی ماں کو گالی دے وہ ملعون ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تونگر کا سوال کرنا آگ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تونگر کا ٹال مٹول سے کام لینا، ظلم ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
دین کی بنیاد، پرہیزگاری ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دو بھوکوں کا پیٹ نہیں بھرتا، علم کا طلبگار اور مال کا طلب گار۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو بیٹیوں کے ذریعے امتحان میں مبتلا ہوا اور وہ اُن کے ساتھ نیکی کرے تو اُس کا یہ عمل آگ کیلئے پردہ بن جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو زیادہ باتیں کرے گا، غلطیاں زیادہ ہوں گی اور جس کی غلطیاں زیادہ ہوں گی اُس کے گناہ زیادہ ہوں گے اور جس کے گناہ زیادہ ہوں گے وہ جہنم میں جانے کا سب سے زیادہ حقدار ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو دنیا میں دو زبان رکھتا ہو، قیامت کے دن اُس کیلئے آگ کی دو زبانیں بنائی جائیں گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس نے قناعت کی خدا تعالیٰ نے اُسے رزق دیا اور جس نے فضول خرچی کی خدا تعالیٰ اُسے محروم کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو بادشاہوں کے دربار میں پہنچا، فتنے میں مبتلا ہوا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس نے کسی مسلمان سے کسی دنیاوی سختی کو دور کیا خداوند عالم اُس کی آخرت کی سختی کو دور کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا خداوند عالم دینا و آخرت میں اُس کی پردہ پوشی کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص عذر خواہی کرنے والے کا عذر، چاہے سچا ہو یا جھوٹا، قبول نہ کرے تو اُسے میری شفاعت نہیں ملے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی آدمی کی سعادت یہ ہے کہ وہ خوش خلق ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی آدمی کی سعادت گھر، نیک ہمسائے اور مطیع سواری ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو لوگوں کے ساتھ معاملہ کرے اور ظلم نہ کرے، باتیں کرے تو جھوٹ نہ بولے، وعدہ کرے تو وعدہ خلافی نہ کرے تو یہ شخص وہ ہے جس کی مروّت کامل ہے، عدالت ظاہر ہے، اُس کی بھائی بندی واجب ہے اور اُس کی غیبت حرام ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص کسی مومن بھائی کی پردہ پوشی کرے گا تو خداوند عالم دنیا و آخرت میں اُس کی پردہ پوشی کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کسی بھائی کی اُس کی پیٹھ پیچھے مدد کرے تو خداوند عالم دنیا و آخرت میں اُس کی مدد کرے گا۔

فرمان رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکسی ایسی دعوت میں چلا جائے جس میں دعوت نہ دی گئی تھی تووہ داخل ہوتے وقت چوراور نکلتے وقت ننگ وعار ہوتا ہے۔

فرمان رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوجنت کا مشتاق ہوتا ہے نیکیوں میں جلدی کرتا ہے،اورجوجہنم کی آگ سے ڈرتا ہے خواہشات نفسانی کی مخالفت کرتا ہے،اورجوموت کوتعاقب میں دیکھتا ہے وہ دیناوی لذّات سے منہ موڑتا ہے اورجودنیامیں زہداختیارکرتا ہے اُس کیلئے دنیاوی مصیبتیں لکھی ہوئی ہیں۔

فرمان رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی کودس افراد پرحاکم بنایا گیا اُس کی عقل چالیس آدمیوں کے برابرہوتی ہے اورجس کسی کوچالیس پرحاکم بنایاجائےتو اُس کی عقل چارسوکے برابرہوتی ہے۔

فرمان رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جواپنے بھائی سے تیس دن سے زیادہ ناراض رہے اوردوری اختیارکرےاوروہ اُسی حالت میں مرجائےتوجہنم میں داخل ہوگا۔

فرمان رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوشخص صبرکرتا ہے خواہشات کوپالیتا ہے۔

فرمان رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جودوآدمیوں پرقاضی بنے اورفیصلہ کرے اگراُن کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ نہ کرے تواُس پرخداتعالیٰ کی لعنت ہوتی ہے۔

فرمان رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بسیارخوری کی عادت،قساوتِ قلبی کاباعث ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کوئی شخص کھانا کھارہا ہو اور کوئی دوسرا اُس کی طرف دیکھ رہا ہو اور وہ اُسے کچھ نہ دے تو وہ ایک ایسی مصیبت میں مبتلا ہوگا جس کا کوئی علاج نہیں۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو اپنے غصے پر قابو پائے جبکہ اپنے غصے کو نافذ بھی کرسکتا تھا تو خداوند عالم اُسے امن اور ایمان سے پُر کرے گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کم کھانا کھائے تو اُس کا جسم تندرست رہتا ہے اور جو زیادہ کھانا کھائے اُس کا جسم بیمار رہتا ہے اور دل سخت ہو جاتا ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو خدا تعالیٰ کے ساتھ زورآزمائی کرے گا خدا تعالیٰ اُسے مغلوب کرے گا اور جو خدا تعالیٰ کے ساتھ دھوکہ کرے گا خدا تعالیٰ اُس کے ساتھ دھوکہ کرے گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو آخرت کے عمل سے دنیا طلب کرے گا اُس کیلئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی لوگوں کو ناراض کرکے بھی خدا تعالیٰ کی خوشنودی چاہے تو خدا تعالیٰ اس سے راضی ہوگا اور لوگوں کو بھی اُس سے راضی کرے گا اور جو شخص خدا تعالیٰ کو ناراض کرکے لوگوں کو خوش کرنا چاہے گا تو خدا تعالیٰ اُس سے ناراض ہوگا اور لوگوں کو بھی اُس سے ناراض کرائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جواللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتے ہوئے لوگوں سے تعریف سننا چاہے گا تو اُس کی تعریف کرنے والے اُس کی مذمّت شروع کریں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکسی ماں اوراُس کی اولادمیں جدائی ڈالے گاخداوندعالم قیامت کے دن اُس کے اوراُس کے عزیزوں کے درمیان جدائی ڈال دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکسی بدعتی کی توہین کرے گاخداوندعالم قیامت کے دن اُس کوامان عطا کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکسی شخص کوتنگی میں دیکھے اوراُس سے اُس تنگی کودورکرے تواُس دن جس دن کوئی سایہ نہیں ہوگاوہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے زیرسایہ ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکوئی شطرنج کھیلے توایسا ہے کہ اُس نے اپنے ہاتھ خنزیرکے گوشت اوراُس کے خون میں ڈبودیئے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوشخص کسی مسلمان بھائی کیلئے کسی مقتدرشخص کے پاس کسی نیک کام کیلئے وسیلہ بن جائے یا اُس کی تنگی دورکرے توخداوندعالم پُل صراط سے گزرتے ہوئے اُس کی مدد کرے گاجہاں ہرقدم لڑکھڑاجائیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکسی مصیبت زدہ کی تعزیت کرے تووہ بھی اجرمیں اُس کے برابرہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جوبھی اللہ تعالیٰ کے نام پر تمہاری پناہ چاہے اُسے پناہ دو اور جوبھی اللہ تعالیٰ کے نام سے مانگے اُسے دے دو اور جوتمہیں پکارے اُسے جواب دو اور جوتمہارے لئے کوئی نیکی لے کر آئے اُسے جزا دو۔ اگر کوئی بدلہ نہیں دے سکتے تو اُس کی تلافی کا اطمینان ہونے تک اُسے دعا دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خدا تعالیٰ جس کسی کی بھلائی چاہتا ہے اُسے دینی سمجھ دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جوکوئی ایک مسجد بنائے چاہے اِتنی سی جگہ ہو کہ ایک شتر مرغ اُس پر انڈا دے سکے تو خداوند عالم اُس کیلئے جنت میں ایک گھر بنائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جوصرف خدا تعالیٰ کا ہو کر رہے گا تو خدا تعالیٰ ہی اُس کی کفایت کرے گا۔ اُس کے اخراجات اور رزق ایسی جگہ سے آئے گا جہاں سے اُس کا گمان بھی نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جومصیبت پر صبر کرے گا، خدا تعالیٰ اُسے جزا دے گا اور جو اپنے غصے پر قابو پائے گا خدا تعالیٰ اُسے بھی اَجر عطا کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو چاہے کہ تمام لوگوں سے تونگر بن جائے تو اُسے چاہیے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں اُس پر زیادہ اعتبار کرے بہ نسبت اُس کے جو کچھ لوگوں کے ہاتھ میں ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوخدا تعالیٰ کی خاطر انکساری کرے گا، خدا تعالیٰ اُسے بلند کرے گا اور جو تکبّر کرے گا خداوند عالم اُسے پستی کی طرف دھکیلے گا اور جو شخص جھوٹی قسم کھائے گا خدا تعالیٰ اُسے جھٹلائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو دُنیا میں کوئی گناہ کرے اور اُس کی سزا بھی ملے تو خداوند عالم زیادہ عادل ہے کہ اپنے بندے پر دوبار عذاب کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو حیا کی نقاب اوڑھے، اُس کی غیبت نہیں کی جاسکتی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص اِس حالت میں صبح کرے کہ جسم صحت مند ہے اور اپنے گروہ میں امان کے ساتھ ہے اور ایک دن کا خرچ اُس کے پاس موجود ہے تو گویا اُسے دنیا جہان کی مال و دولت مل گئی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی تاخیر (تامّل) سے کام لے، وہ کامیاب ہوتا ہے یا کامیابی کے قریب پہنچتا ہے اور جو جلدی کرتا ہے، غلطی کرتا ہے یا غلطی کے قریب ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن وہ ہے جسے اُس کا نیک کام مسرور کرے اور برا کام غمگین کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسے اُس کی غلطی غمگین کرے وہ بخشا جائے گا، چاہے وہ بخشش کی درخواست نہ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جسے قاضی بنایا گیا، اُسے بغیر چھری کے ذبح کیا گیا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کسی کی بخشش کرے گا، خدا تعالیٰ اُس کی بخشش کرے گا، جو معاف کرے گا خدا تعالیٰ اُسے معاف کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کوئی کسی قوم کے عمل کو اچھا جانے گا چاہے وہ کام اچھا ہو یا برا، وہ شخص بھی ایسا ہے جس نے یہ عمل بجالایا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو نیکی کی فصل بوئے گا، اُس کا فائدہ اٹھائے گا اور جو برائی کا بیج بوئے گا برائی ہی کاٹے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کوئی کسی بدعتی کو جھڑک دے گا تو خداوند عالم اُس کے دل کو امن و امان سے بھر دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص چاہتا ہے کہ تمام لوگوں میں سے طاقتور بن جائے تو اُسے چاہیے کہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو اپنے مال کی حفاظت میں مارا جائے، وہ شہید ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص اپنے علم کی شہرت سے لوگوں کے کان بھر دے تو خداوند عالم قیامت کے دن اُس کی رسوائیوں سے لوگوں کے کان بھر دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس کسی کو اُس کی نماز۔ فحش اور برے کاموں سے محفوظ نہ رکھ سکے، تو اُس کے ذریعے خدا تعالیٰ سے دوری کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص، اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے، اُسے چاہیے کہ وہ نیک بات کرے یا خاموش رہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو راتوں کو زیادہ نمازیں پڑھے گا، دنوں میں اُس کا چہرہ نورانی ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کوئی جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولے، اُس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کوئی خوف کھاتا ہے، راتوں کو سفر کرتا ہے اور جو راتوں کو سفر کرتا ہے منزل تک پہنچ جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کوئی گناہ کا ارادہ کرے اور پھر اُسے ترک کردے تو اُسے ایک نیکی ثواب ملے گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو خاموش رہا، اُس نے نجات پائی۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی روزہ دار کا روزہ افطار کروائے گا اُسے بھی اُتنا ہی اجر ملے گا جتنا روزے دار کو ملے گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے ذریعہ کوئی بجالائے گا تو اُسے نا اُمیدی ہو گی اور وہ چیز جس سے وہ ڈرتا تھا وہ اُس تک جلدی پہنچے گی۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی یہ چاہتا ہے کہ جنت کے مرکز میں رہے تو اُسے چاہیے کہ جماعت کا ساتھ دے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کسی سے نیکی پائے تو چاہیے کہ اُس کا بدلہ دے اور اگر بدلہ نہیں دے سکتا تو اُس نیکی کو یاد رکھے۔ اگر یاد بھی رکھے تو گویا اُس نے اُس کا شکر ادا کیا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کسی قوم کے ساتھ مشابہت رکھے گا وہ اُنہی میں سے شمار ہو گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو علم حاصل کرے اور صحیح مقصد تک پہنچ جائے تو اُسے دو اجر ملیں گے اور جو علم حاصل کرے اور مقصد تک نہ پہنچ سکے تو اُسے ایک اجر ملے گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی نعمت پالے تو اُسے چاہیے کہ وہ اُس کا شکر ادا کرے۔

فرمان رسول خداﷺ
جوکوئی ایک نیک کام کر کے مرجائے تو اُس کی بھلائی کی اُمید رکھواور جوشخص کسی برے کام کو بجالا کر مرگیا تو اُس کے بارے میں خوف کھاؤلیکن نا اُمید مت ہو۔

فرمان رسول خداﷺ
جس کسی کے بال اِسلام میں سفید ہو جائیں گے تو قیامت کے دن اُسے ایک نور ملے گا۔

فرمان رسول خداﷺ
مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا۔ جس نے ہمارے لئے ملاوٹ کی، وہ ہم میں سے نہیں۔

فرمان رسول خداﷺ
جسے یہ پسند ہے کہ وہ سلامت رہے تو اُسے چاہیے کہ خاموشی اختیار کرے۔

فرمان رسول خداﷺ
جوشخص لوگوں کے دیکھنے کے وقت نماز کو اچھی طرح پڑھے اور جب اکیلا نماز پڑھے تو اچھی طرح نہ پڑھے تو یہ دراصل اُس کے پروردگار کی توہین ہے۔

فرمان رسول خداﷺ
جوشخص 40 دن تک اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کیلئے خالص کرے گا تو خداوند عالم اُس کے دل میں حکمت کے سر چشمے پھوٹ ڈالے گا جو اُس کی زبان سے جاری ہوں گے۔

فرمان رسول خداﷺ
جوشخص اللہ کی محبت کو لوگوں کی محبت پر ترجیح دیتا ہے، خدا تعالیٰ اُس کے ذریعے لوگوں کی کفایت کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسے نرمی کا حصہ ملا ہے، گویا اُسے دنیا و آخرت کی بھلائی میں سے حصہ ملا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شفاعت کو جھٹلاتا ہے، قیامت کے دن اُسے شفاعت نہیں ملے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص تونگری کے باوجود سوال کرے گا، اُس کے سر میں ایک فکر اور پیٹ میں بیماری لگ جائے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شکار کا پیچھا کرے گا، اُسے پکڑ لے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسے اُس کا عمل آگے نہیں بڑھا سکا، اُسے اُس کا نسب آگے نہیں بڑھاتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی ہمارے اُمور میں بدعت ایجاد کرے گا، وہ مردُود ہو گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی اَمر بالمعروف کرے تو بھی بڑے نیک طریقے سے کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص لوگوں سے مال مانگے تا کہ اپنی دولت میں اضافہ کرے تو یہ گویا آگ کا ایک انگارہ ہے چاہے کم ہو یا زیادہ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص اپنے کسی بھائی کے خط کو اُس کی اجازت کے بغیر پڑھے گا تو اُسے چاہیے کہ وہ جہنم کا انتظار کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے کوئی اگر کسی لالچ میں جا رہا ہو تو اُسے چاہیے کہ آہستہ چلے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص اِس حالت میں صبح کرے کہ اُس کا کسی پر ظلم کا ارادہ نہیں تھا تو اُس کے دوسرے گناہ بخشے جائیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مُدَارَاةُ النَّاسُ صَدَقَةٌ۔ لوگوں کے ساتھ مُدارات کرنا، صدقہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو جماعت سے الگ ہو گا وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شخص کے حسنِ اِسلام کی نشانی یہ ہے کہ وہ فضول کاموں کو ترک کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص اپنی زبان اور شرمگاہ کی حفاظت کرے گا، جنت میں جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو لوگوں کی آبرو سے اپنی زبان کو روکے رکھے گا، خداوندِ عالم قیامت کے دن اُس کے گناہوں کو بخش دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو چیز ملی ہے، اُس کی حفاظت کرنی چاہیے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سودا کر کے پشیمان ہونے والے کے ساتھ سودا ختم کیا جائے تو خداوند عالم اُس کے گناہوں کو بخش دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی سے کسی علم کے بارے میں پوچھا جائے اور وہ اُسے چھپائے تو اُسے آگ کے لگام لگائے جائیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص کسی کا مہمان بنے تو میزبان کی اجازت کے بغیر مستحب روزہ نہ رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو تمام لوگوں میں مکرّم بننا چاہتا ہے، اُسے چاہیے کہ تقویٰ اختیار کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسے یہ پسند ہو کہ اُسے ایمان کی نعمت ملے تو جب وہ کسی سے محبت کرے تو صرف خدا تعالیٰ کی خاطر محبت کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو خدا تعالیٰ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے، خدا تعالیٰ بھی اُس کی ملاقات کو پسند کرتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو ناگوار سمجھتا ہے، اللہ تعالیٰ بھی اُس کے ساتھ ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکسی بھائی کی ضرورت پوری کرنے کے درپے ہوگا، خداوندِ عالم اُس کی حاجت پوری کرنے کے درپے ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکسی ظالم کے خلاف بدعا کرے گا، اُس کی مدد کی جائے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوآخرت کی کرامت چاہتا ہے، اُسے دُنیاوی ذہنیت ترک کردینی چاہیے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ تَکَفَّلَ اللّٰہُ بِرِزْقِہ۔ جوعلم حاصل کرتا ہے، خداوندِ عالم اُس کے رزق کا ضامن ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو بغیر کسی علم کے جھگڑا کرے گا تو اُس پر اُس وقت تک خدا تعالیٰ غضبناک رہے گا یہاں تک وہ جھگڑا چھوڑ دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو اپنا سودا خود اُٹھا کر لے جاتا ہے وہ تکبّر سے پاک ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوخدا تعالیٰ سے خوف کھائے گا، خدا تعالیٰ ہر چیز کو اُس سے ڈرائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسے خدا تعالیٰ نے کوئی نعمت دی ہو، اُس کے آثار اُس سے ظاہر ہونے چاہئیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو کم کا شکرادا نہیں کرتا، زیادہ کا بھی شکرادا نہیں کرے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو اپنے دین کی وجہ سے قتل کیا جائے گا وہ شہید ہو گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مَنْ مَاتَ غَرِيْباً مَاتَ شَهِيْداً۔ جو مسافرت میں مرے گا شہید مرے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو ہمیشہ روزے رکھے گا اُس کا نہ روزہ شمار ہے نہ افطار۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو کسی ظالم کے ساتھ چلے گا وہ بھی مجرم ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو میری اُمت کے ساتھ نرمی برتے گا خدا تعالیٰ اُن کے ساتھ نرمی برتے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص حرام سے مال کھائے گا، اُسے سخت حادثوں میں کھو دے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جسے اُس کا علم فائدہ نہیں پہنچاتا اُسے اُس کا جہل نقصان پہنچائے گا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس پر کسی نیکی کا دروازہ کھولا گیا ہے تو وہ اُسے غنیمت جانے، نامعلوم کب اُس پر بند کر دیا جائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس کسی کے ہاتھ پر ایک بھی شخص مسلمان ہو جائے تو اُس پر جنت واجب ہے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کوئی عبدالمطلب کی اولاد میں سے کسی ایک کے ساتھ دنیا میں نیکی کرے اور وہ دنیا میں اُس کا بدلہ نہ دے سکے تو قیامت کے دن خداوند عالم اُس کا بدلہ دے گا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نیکی کے خزانوں میں سے ایک یہ ہے کہ انسان مصیبت، بیماری اور صدقہ کو چھپائے۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مَنْ يَسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ۔ جو کسی تنگدست پر آسانی کرے گا تو خداوند عالم اُس کیلئے دنیا و آخرت میں آسانیاں پیدا کرے گا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو غلاموں کے ذریعے عزت چاہے گا خدا تعالیٰ اُسے ذلیل کرے گا۔

فرمان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مَنْ لَا يَرْحَمْ لَا يُرْحَمْ وَمَنْ لَا يَغْفِرْ لَا يُغْفَرْ لَه۔ جو رحم نہیں کرے گا اُس پر رحم نہیں کیا جائے گا، اور جو معاف نہیں کرے گا اُسے معاف نہیں کیا جائے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جولوگوں سے حیاء نہیں کرتا، وہ خدا سے بھی حیا نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو میرے ساتھ یہ وعدہ کرے کہ لوگوں سے کوئی چیز نہیں مانگے گا میں اُس سے جنت کا وعدہ کرتا ہوں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جس کے بارے میں اللہ نیکی کا ارادہ کرتا ہے اُسے دین کی سمجھ دیتا ہے اور اُسے اُس کی ہدایت کا اِلہام کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو کوئی برائی کا ارتکاب کرے گا اُسے دنیا میں ہی اُس کی سزا دی جائے گی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ضرورت مندوں کی حاجت پوری کرنا، بری موت سے بچاتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو کوئی اپنے قرضدار کو مہلت دے یا اُسے قرض معاف کر دے، خداوند عالم اُسے قیامت کے دن عرش کے زیرسایہ رکھے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص ایک سال تک اپنے بھائی سے ناراض ہوگا، گویا اُس کا خون بہایا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جس شخص کو خدا تعالیٰ زبان اور شرمگاہ کی برائی سے محفوظ رکھے گا، وہ جنت میں داخل ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی نے کسی بدعتی کو توقیر دی گویا اسلام کے ڈھانے میں مددگار ہوا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو مسلمانوں کے اُمور میں سے کسی کا سرپرست بنا تو خدا تعالیٰ اُس وقت تک اُس کی حاجت کی طرف نہیں دیکھتا جب تک وہ مسلمانوں کی ضروریات کو مدّنظر نہ رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا، خدا تعالیٰ اُس پر رحم نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو اہلِ زمین پر رحم نہیں کرتا، آسمان والا اُس پر رحم نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے تو اُسے چاہیے کہ مسلمان کو خوف نہ دلائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کسی گواہی پر بلایا جائے اور وہ اُس گواہی کو چھپائے تو ایسا ہے جیسا کہ اُس نے جھوٹی گواہی دی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو علم کو اُس کے اہل سے چھپائے تو قیامت کے دن اُسے آگ کے لگام ڈال جائیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو پیدائش میں پاک اور سب میں کریم ہو، اُس کی ہم نشینی اچھی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی نہ ہو اور اُس کی تقدیر پر ایمان نہ رکھے تو اُسے کوئی دوسرا معبود تلاش کرنا چاہیے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو جس حالت میں مرے گا، خدا تعالیٰ اُسی حالت میں اٹھائے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو اپنے مسلمان بھائی کی کوئی ضرورت پوری کرے گا اُسے حج اور عمرہ بجالانے کا ثواب ملے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص اپنی ماں کی پیشانی کا بوسہ لے گا تو یہ اُس کیلئے جہنم کی آگ سے پردہ بن جائے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو بے فائدہ طور پر اگر کسی چڑیا کو بھی قتل کرے گا تو بروزِ قیامت اُس سے پوچھا جائے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو قدرت رکھنے کے باوجود معاف کرے گا، خداوندِ عالم تنگی کے وقت اُسے معاف فرمائے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جس کسی نے کوئی علم سیکھا تو اُسے اتنا اجر ملے گا جیسے کسی نے اُس پر عمل کیا اور عمل کرنے والے کے اَجر میں کوئی بھی کمی نہیں کی جائے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خدا تعالیٰ ایسے شخص کا مشتاق ہے جس کا دل نیک اور صالح ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دنیا میں جس کے دو چہرے ہوں گے، قیامت کے دن اُس کیلئے آگ کی دو زبانیں ہوں گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص 40 قدم تک کسی نابینا یا اندھے شخص کی رہنمائی کرے گا اُس کے سابقہ تمام گناہ بخشے جائیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کوئی اپنے کسی مسلمان بھائی کی ضرورت پوری کرے تو اُسے اِتنا اَجر ملے گا جیسے اُس نے عمر بھر خدا تعالیٰ کی خدمت کی ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو قطع رحمی کرے یا جھوٹی قسم کھائے تو مرنے سے پہلے اِس کا وبال دیکھے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو قسم کھانا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے نام کے علاوہ اور کسی کی قسم نہ کھائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص آسانی کرنے والا، نرم اور ملائم ہوگا تو خداوند عالم اُس پر جہنم حرام کر دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کے ذمہ کسی کا قرض ہو اور وہ اُس کی ادائیگی کی فکر میں ہو تو خدا تعالیٰ کی طرف سے اُس کی نگہبانی ہوتی رہتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کوئی شخص کوئی درخت اُگائے، اُس درخت میں سے کوئی آدمی یا کوئی بھی مخلوق جو بھی کھائے گا وہ اُس شخص کیلئے صدقہ ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو علم طلب کرے گا وہ اُس کے گذشتہ گناہوں کیلئے کفّارہ بن جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص اِس لئے علم حاصل کرے کہ علماء کے ساتھ اُٹھے بیٹھے یا بیوقوفوں کے ساتھ مباحثہ کرے یا لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہے تو خداوند عالم اُس کو جہنم کی آگ میں داخل کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص اِس حالت میں صبح کرے کہ اُس کے اردے میں اللہ تعالیٰ کا غیر ہو تو خداوند متعال کے ذمے اُس کا کچھ نہیں۔ جو شخص اِس حالت میں صبح کرے کہ امورِ مسلمین کے اہتمام کا ارادہ نہ ہو تو وہ مسلمان نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص والدین کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا فرماں بردار ہو کر صبح کرے تو اُس کیلئے جنت کے دو دروازے کھلے ہوئے ہوتے ہیں اور اگر والدین میں سے ایک زندہ ہو تو ایک دروازہ کھلا ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے اگر کوئی اپنے مال کے ذریعے اپنے دین اور آبرو کی حفاظت کر سکتا ہے تو ایسا ضرور کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو پاکدامنی چاہے گا خدا تعالیٰ اُسے پاکدامن بنائے گا اور جو بے نیازی چاہے گا خدا تعالیٰ اُسے بے نیاز بنا دے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو ہنستے ہوئے گناہ کرے گا تو روتے ہوئے جہنم میں داخل ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر کوئی جاننا چاہے کہ خدا تعالیٰ کے ہاں اُس کیلئے کیا ہے تو وہ یہ دیکھے کہ اُس کے پاس خدا تعالیٰ کیلئے کیا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص چاہتا ہے کہ اُس کی دعا قبول ہو اور تنگی و مشکل حل ہو تو اُسے چاہیے کہ کسی تنگ دست کیلئے کشائش کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص کسی کام کا ارادہ کرے اور اُس کام کے بارے میں کسی مسلمان شخص سے مشورہ لے لے تو خداوند عالم اُسے معقول ترین کاموں کی توفیق عطا کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی نے والدین کو راضی رکھا اُس نے خدا تعالیٰ کو راضی رکھا جس کسی نے والدین کو ناراض کیا اُس نے خدا تعالیٰ کو ناراض کیا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جس کا علم بڑھتا جائے اور دُنیا سے اُس کی بے رغبتی نہ بڑھے تو اُسے خدا تعالیٰ سے دوری میں اضافہ کے سوا کچھ نہ ملے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم میں سے کوئی اِستطاعت رکھتا ہے کہ اپنے مومن بھائی کو لباس پہنا سکے تو ضرور پہنا دے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم میں سے کوئی اپنے کسی بھائی کو فائدہ پہنچا سکتا ہے تو ضرور فائدہ پہنچائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص کوئی غلطی کرے یا کسی گناہ کا اِرتکاب کرے، اُس کے بعد پشیمان ہو جائے تو اُس کی یہ پشیمانی اُس کا کفّارہ بن جائے گی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص کسی کا مقروض ہو اور اُس کی ادائیگی کی نیت رکھتا ہو اور ادا نہ کر سکے تو خداوند عالم اُس کی طرف سے قیامت کے دن ادا کر دے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں اپنے نفس کو ذلیل کرے تو وہ اُس شخص سے معزز تر ہو گا جو معصیت خدا تعالیٰ میں رہتے ہوئے عزت چاہتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اگر کسی کے سامنے کسی مومن کی تذلیل کی جائے اور وہ شخص اُس کی مدد کی استطاعت رکھتے ہوئے اگر مدد نہیں کرے گا تو خداوند عالم بروزِ قیامت سب کے سامنے اسے ذلیل کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکوئی گناہ کرے اور یہ یقین رکھے کہ اُس کا ایک پروردگار ہے جو چاہے تو معاف کرے یا چاہے تو عذاب دے تو خداوند عالم پر یہ حق ہے کہ اُس کی مغفرت کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوشخص کوئی گناہ کرے اور یہ یقین رکھے کہ خدا تعالیٰ اُس کے اِس گناہ سے مطلع ہے تو خدا تعالیٰ اُس کی مغفرت کرے گا چاہے وہ طلب مغفرت نہ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوشخص یہ پسند کرے کہ اُس کے رزق میں وسعت ہو اور اُس کی موت ٹل جائے تو اُسے چاہیے کہ صلہّ رحمی اختیار کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جولوگوں کیلئے دروازہ بند رکھے گا اور پردہ کرے گا تو جہنم کی آگ سے خود کو محفوظ نہ رکھ سکے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکوئی مسلمانوں سے روکتے ہوئے کھانے پینے کی چیزوں کی ذخیرہ اندوزی کرے گا تو خداوند عالم اُسے جذام کے مرض میں مبتلا کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکوئی اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کے معاملات کو درست رکھے گا خداوند عالم اُس کے اور لوگوں کے درمیان کے معاملات میں اُس کی کفایت کرے گا۔ جو اپنے باطن کی اصلاح کرے گا تو خداوند عالم اُس کے ظاہر کی اصلاح کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص کسی مومن کو ڈرائے تو خداوند عالم کو یہ حق حاصل ہے کہ اُسے قیامت کے دن امان نہ دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص خدا تعالیٰ سے ڈرتا ہے وہ اپنی زبان کو سست رکھتا ہے اور اپنے غصے کو آشکارا نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو خدا تعالیٰ سے ڈرے گا ہر چیز اُس سے ڈرے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی کے ہاتھوں کسی مسلمان کیلئے کشائش ہوگی تو خداوند عالم دنیا و آخرت میں اُس کیلئے کشائش کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص خدا تعالیٰ کی خاطر محبت رکھے، خدا تعالیٰ کی خاطر دشمنی رکھے، خدا تعالیٰ خاطر دیدے اور خدا تعالیٰ کی خاطر روک لے تو اُس کا ایمان مکمل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَنْ اَحَبَّ شَیْئًا اَکْثَرَ مِنْ ذِکْرِہٖ۔ جو کسی چیز کو دوست رکھتا ہے اُس کا ذکر زیادہ سے زیادہ کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو آخرت کو دوست رکھتا ہے اپنی دُنیا کو نقصان پہنچاتا ہے اور جو دنیا کو دوست رکھتا ہے اپنی آخرت کو نقصان پہنچاتا ہے پس تم باقی رہنے والی کو فانی پر ترجیح دو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کسی قوم کے ساتھ مشابہت اختیار کرے گا خداوند عالم اُسے اُنہی کے ساتھ محشور فرمائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو یہ چاہتا ہو کہ ایمان کا ذائقہ چکھے تو اُسے چاہیے کہ کسی کو دوست رکھے تو صرف اور صرف خدا تعالیٰ کیلئے دوست رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص دو مسلمانوں کے درمیان فیصلہ کرنے لگے تو اُسے چاہیے کہ دونوں کے درمیان عدل سے کام لے یہاں تک کہ اُن کے بٹھانے، اشارہ کرنے اور دیکھنے میں بھی برابری قائم رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص دو مسلمانوں کے درمیان فیصلہ کرنے لگے تو فریقین میں سے کسی ایک فریق کے ساتھ زور سے نہ بولے مگر یہ کہ دوسرے کے ساتھ بھی زور سے بولے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو آزمائش میں پڑ کر صبر کریں جب عطا ہو جائے تو شکر کریں، ظلم کیا جائے تو بخش دیں اور کسی پر ظلم کریں تو مغفرت چاہیں، ایسے لوگ ہی مومن ہیں اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص کسی غیب گو یا کاہن کے پاس گیا اور جو کچھ اُس نے کہا اُس کی تصدیق کی تو گویا اُس نے محمدؐ پر نازل ہوئے دین کا انکار کیا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس کسی کا بھائی معذرت پیش کرے تو اُسے قبول کرے چاہے معذرت درست ہو یا باطل۔ اگر وہ اُسے قبول نہیں کرے گا تو ایسا شخص حوض پر میرے ساتھ ملاقات نہیں کر سکے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو تقویٰ اختیار کرے تو خدا تعالیٰ ہر چیز کو اُس سے ڈراتا ہے اور جو تقویٰ اختیار نہیں کرتا اُسے ہر چیز سے ڈراتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کسی مسلمان پر کفر کا فتویٰ لگائے تو ایسا ہے جیسے اُس نے اُسے قتل کیا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص کسی مومن کو خوفزدہ کرے گا تو خداوند عالم قیامت کے دن اُس سے خوف کو امن سے نہیں بدلے گا اور جو شخص کسی مومن کی بدگوئی کرے گا خدا تعالیٰ اُسے قیامت کے دن ذلیل و رسوا کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص کوئی کھیتی کاشت کرے اگر اُس میں سے کوئی پرندہ بھی کھالے گا تو وہ اُس کیلئے صدقہ ہو گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص زنا کرتا ہے تو اُس سے ایمان خارج ہو جاتا ہے اور جب وہ توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص زنا کرے یا شراب پیے تو خداوند عالم اُس سے ایمان کو اِس طرح الگ کر لیتا ہے جیسے انسان سر کی طرف سے قمیض کو اُتار پھینکتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو زنا کرے گا اُس کے ساتھ زنا کیا جائے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو دنیا میں زُہد اختیار کرے گا خدا تعالیٰ اُسے بغیر سیکھے سکھائے گا اور اُسے بصیرت عطا کرے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو بدخلقی کرے گا وہ اپنے نفس کو عذاب میں مبتلا کرے گا۔ جس کا غم زیادہ ہوگا اُس کے جسم کو بیماری لگے گی اور جو لوگوں کے ساتھ جھگڑا کرے گا اُس کی عزت میں کمی ہوگی اور اُس کی مروّت ختم ہو جائے گی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو بغیر احتیاج کے کسی سے کچھ مانگے تو گویا وہ شراب پیتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو اپنے غصے کو روکے گا تو خدا تعالیٰ اُس کے عذاب سے اُسے محفوظ رکھے گا اور جو اپنی زبان کی حفاظت کرے گا خدا تعالیٰ اس کی پردہ پوشی کرے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو اپنی تین اولادوں کو اپنی زندگی میں اُن کے مرنے پر دفن کرے گا خدا تعالیٰ اُس پر جہنم حرام کر دیتا ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکسی اچھائی کی طرف رہنمائی کرے گا اُس کو اُس کے بجالانے والے کے برابر اجر ملے گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکوئی اپنے بھائی کی غیر موجودگی میں اُس کی آبرو کی حفاظت کرے گا یعنی اُس کی غیبت پر اُس کا دفاع کرے گا تو خداوندعالم قیامت کے دن اُسے جہنم کی آگ سے محفوظ رکھے گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوشخص کسی کو ایسی صفات کے ساتھ یاد کرے جو اُس میں نہیں تو اُس نے اُس کی غیبت کی۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں سے کوئی کسی برائی کو دیکھے تو اُسے چاہیے کہ اپنے ہاتھوں سے اُسے روکے اگر اِس کی طاقت نہیں رکھتا تو اپنی زبان سے اُسے روکے۔ اگر یہ بھی نہیں کرسکتا تو دل سے اُسے برا سمجھے مگر یہ ایمان کی کمزوری کا پتہ دیتی ہے۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکوئی شخص اللہ تعالیٰ کے کام میں کسی دوسرے کو بھی مدّنظر رکھے تو گویا وہ خدا تعالیٰ سے بیزار رہوا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکسی طفل کی پرورش کرے یہاں تک کہ وہ بڑا ہو کر کلمہ کا اقرار کرے تو خدا تعالیٰ اُس کو حساب سے فارغ کردے گا۔

فرمانِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکوئی رحم دِلی کرے چاہے ایک چڑیا کو ذبیح کرنے سے تو خدا تعالیٰ اُس پر قیامت کے دن رحم کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو اپنے کسی بھائی کی آبرو کا دفاع کرے گا خداوند عالم قیامت کے دن اُس کے چہرے سے جہنم کی آگ روک لے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جسے تقویٰ ملا اُسے دنیا و آخرت کی بھلائی مل گئی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خدا تعالیٰ نے جس کسی کو نیک بیوی دی ہو اُسے اُس کے نصف دین میں مدد کی ہے۔اُس کو چاہیے کہ اپنے نصف دین کے بارے میں خدا تعالیٰ سے ڈرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو خدا تعالیٰ سے کم رزق پر راضی رہے گا خدا تعالیٰ بھی اُس سے کم عبادت پر راضی ہو گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو راستے سے ایک پتھر دور ہٹائے گا اُس کیلئے ایک نیکی لکھی جائے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو اپنے کسی مسلمان بھائی کی پردہ پوشی کرے اور اُسے رسوا نہ کرے تو خداوند عالم قیامت کے دن اُس کی پردہ پوشی کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جسے یہ بات پسند ہو کہ وہ لوگوں میں طاقتور ترین بن جائے تو اُسے چاہیے کہ اللہ تعالیٰ پر توکّل کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسے یہ پسند ہو کہ وہ سلامت رہے تو اُسے چاہیے کہ خاموش رہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسے یہ پسند ہو کہ خدا تعالیٰ اُس کی مشکلات اور تکالیف کے وقت اُسے شرفِ قبولیت بخشے تو اُسے چاہیے کہ وہ کشائش کے اوقات میں زیادہ سے زیادہ دُعا مانگے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو لوگوں کی چغلی کھاتا ہے وہ عقل سے خالی ہے یا اُس کی عقل میں کچھ فتور ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو صحرا میں سکونت اختیار کرے گا تندخو بن جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو علم کے حصول کیلئے راستے پر نکل پڑے گا خداوند عالم اُس کیلئے جنت کا راستہ آسان کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شراب پیئے گا قیامت کے دن وہ پیاسا محشور ہو گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شراب پیئے گا اُس میں سے ایمان نکل جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کسی کو نقصان پہنچاتا ہے خدا تعالیٰ اُسے نقصان پہنچاتا ہے اور جو سخت گیری کرے گا خدا تعالیٰ اُس کے ساتھ سخت گیری کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جوکوئی اپنے کسی یتیم یا کسی دوسرے کے یتیم کی پرورش کرے گا یہاں تک کہ خداوند عالم اُسے بے نیاز کرے تو اُس شخص پر جنت واجب ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کے نزدیک مومن کی کرامت کا تقاضا یہ ہے کہ اُس کے کپڑے پاکیزہ ہوں اور کم سے کم پر راضی رہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بھوکے مسلمان کو کھانا کھلانا مغفرت کے اسباب میں سے ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو مسلمانوں کیلئے اُن کے راستے میں اذیّت بنے تو اُس پر اُن کی لعنت واجب ہوتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی نے کسی مسلمان کو اذیت دی تو اُس نے مجھے اذیت دی اور جس نے مجھے اذیت دی اُس نے خدا تعالیٰ کو اذیت دی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کسی کو کوئی گمشدہ چیز ملے تو جب تک وہ اُس کا اعلان نہ کرے گا وہ گمراہ ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین عمل یہ ہے کہ کسی مومن کو خوشی دو۔ وہ اِس طرح کہ اُس کا قرض ادا کرکے، اُس کی کوئی ضرورت پوری کرکے یا اُس کے غم وفکر کو دور کرکے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہاتھ ملانا مکمل سلام ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی کا حسن ظن رکھنا، اُس کا حسن عبادت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی آدمی کی خوش بختی اُس کا حسن خلق ہے اور کسی کی بد بختی اُس کے برے اَخلاق ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی کی سعادت یہ ہے کہ وہ اپنے باپ کے مشابہہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نعمت کا شکریہ یہ ہے کہ اُسے ظاہر کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی کی دینی سمجھ کی نشانی یہ ہے کہ اپنی معیشت کی اِصلاح کرے اور جو اپنے معاش کو درست کرے، دُنیا کی محبت میں شامل نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہاتھ سے گئی چیز سے اُمید کا قطع کرنا جسم کی راحت کا باعث ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی تقسیم پر راضی رہے اُس کی آنکھوں کو ٹھنڈک ملے گی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس کی زبان سے لوگ ڈریں، ایسا شخص اہلِ جہنم میں سے ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس سے تم اپنی دنیا یا دین کیلئے فائدہ نہیں لے سکتے، اُس کی ہم نشینی میں کوئی بھلائی نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو شخص اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کے معاملات کو درست رکھے گا خداوند عالم اُس کے اور لوگوں کے درمیان کے معاملات کی کفایت کرے گا اور جو اپنے باطن کی اصلاح کرے گا خدا تعالیٰ اُس کے ظاہر کی اصلاح کرے گا۔ جو اپنی آخرت کیلئے کام کرے گا خدا تعالیٰ اُس کی دنیا کیلئے کفایت کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسے تم فائدہ پہنچاؤ گے وہ تمہیں فائدہ دے گا، جو حوادث زمانہ میں صبر نہیں کرے گا آخر کار عاجز ہوگا۔ جو لوگوں کی مذمت کرے گا لوگ اُس کی مذمت کریں گے اور جو لوگوں کی تعریف کرے گا لوگ اُس کی تعریف کریں گے۔ جو انہیں چھوڑے گا وہ اسے نہیں چھوڑیں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو اپنی سلامتی چاہتا ہے اسے چاہیے کہ اپنی زبان کی حفاظت کرے اور جو کچھ بھی دل میں ہے اُس سے گونگا پن اختیار کرے، نیک عمل بجالائے اور اپنی امیدوں کو کم کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو اللہ تعالیٰ کی خاطر انکساری کرے گا خدا تعالیٰ اُسے بلند کرے گا اور جو تکبر کرے گا خدا تعالیٰ اُسے پست کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جسے حزن وملال ڈھانک دے، راحت وآرام اُس سے دور ہو جاتی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص نرمی سے محروم ہے وہ تمام بھلائیوں سے محروم ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو شخص جانے بغیر کسی کام میں ہاتھ ڈالتا ہے اُسے درست کرنے سے زیادہ خراب کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جس کسی کو خوبصورتی، حسن خلق، نیک بیوی اور سخاوت عطا کی گئی ہے اُسے دنیا و آخرت کی بھلائیوں کا وافر حصہ ملا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو نیکی کا بیج بوئے گا، فائدہ اٹھائے گا اور جو برائی کا بیج بوئے گا وہ ندامت اور پشیمانی کی فصل کاٹے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جسے ادب نہیں اُس کی کوئی عقل نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو کسی چیز کی طلب میں کوشش کرے گا، اُسے پائے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
جو دوسروں پر رحم نہیں کرتا، اُس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
دروازہ کھٹکھٹانے والے کیلئے اُسے کھول ہی دیا جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ جس کی بھلائی کا ارادہ کرتا ہے، اُسے ایک صالح دوست فراہم کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
منافق اور دوغلا شخص، ملعون ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(والدین کی) اطاعت میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اُن کے دوستوں کے ساتھ رابطہ قائم رکھے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خندہ پیشانی کے ساتھ لوگوں کو سلام کرنا، صدقہ میں شامل ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
یہ بھی ایک صدقہ ہے کہ آدمی علم حاصل کرے، اُس پر عمل کرے اور اُس کی تعلیم دے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مروّت یہ ہے کہ ایک بھائی باتیں کر رہا ہے تو خاموش رہ کر اُسے سنا جائے اور یہ بھی نیک سلوک میں سے ہے کہ ایک بھائی راستہ چلتے ہوئے جوتے کا تسمہ ٹوٹنے کی وجہ سے رک جائے تو دوسرا ساتھی بھی رک جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں میں سے بدترین شخص وہ ہے جو دوسروں کی دنیا کی خاطر اپنی آخرت خراب کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت کی علامتوں میں سے ایک یہ ہے کہ بدگوئی، قطع رحمی، امانتدارکو خائن سمجھنااور خائن کوامانتدار سمجھناعام ہوجائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین واسطہ یہ ہے کہ دوافراد کی شادی میں آدمی واسطہ بنے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
موت الغریب شھادۃ۔ پردیسی کی موت،شہادت ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دین کے مرحلے میں نماز کی منزلت،جسم کیلئے سر جیسی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مجاہدوہ ہے جواپنے نفس کے خلاف اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں جہاد کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلْمَرْءُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِه۔ آدمی اپنے دوست کے مذہب پرہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی اپنے دوستوں کی وجہ سے طاقت میں بڑھ جاتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دوگالیاں دینے والوں میں سے گناہ اُس کے لیے ہے جس نے پہل کی، بشرطیکہ مظلوم نے تجاوز نہ کیاہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے جو نہ تو اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ ہی اُسے چھوڑتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تمام مسلمان، غیر مسلموں کے مقابلے میں ایک ہاتھ کی مانند ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اَلْمَسْجِدُ بَیْتُ کُلِّ تَقِیٍّ۔ مسجد، ہر متقی کا گھر ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
معدہ– بیماریوں کا گھر ہے، اور پرہیز تمام دواؤں میں سر فہرست ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مومن وہ ہے جس کو دوسرے لوگ اپنی جان، مال اور خون کا امین جانیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مومن، مومن کیلئے دیوار کی مانند ہے جس کا ایک حصہ دوسرے حصے کے لئے مضبوطی کا باعث ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مومن شریف اور مہربان ہوتا ہے اور فاسق، فریب کار اور کمینہ ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن، قیامت کے دن اپنے صدقے کے سائے میں ہوگا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن ہوشیار، باریک بین اور محتاط ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کے اخراجات کم ہوتے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت کے دن مسجد میں اذان دینے والے لوگ دوسروں کی نسبت لمبی گردن کے مالک ہوں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
موت ہر مسلمان مرد وعورت کیلئے کفارہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مہاجر وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے منع کیے ہوئے کاموں سے الگ ہوجائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جس سے مشورہ مانگا جائے وہ امانتدار ہو چاہے تو مشورہ دے چاہے تو خاموش رہے۔ اگر مشورہ دے دے تو ایسا مشورہ دے کہ اگر وہ خود اُس منزل پر ہوتا ہے تو خود ایسا ہی کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مشورہ لینا، ندامت سے بچنے کا قلعہ ہے اور ملامت سے محفوظ رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن، مومن کا بھائی ہے ہر حال میں اُس کی خیر خواہی ترک نہ کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن نرم دل اور ملائم ہوتا ہے، اس کی ملائمت دیکھ کر ہوسکتا ہے کہ تم اُسے احمق سمجھنے لگو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن پورے کا پورا نفع ہے اگر اُس کے ساتھ چلو تو تمہیں فائدہ دے گا، مشورہ لو تو فائدہ دے گا اگر اُس کے ساتھ شرکت کرو تو فائدہ دے گا اور اُس کے تمام کاموں میں فائدہ ہی فائدہ ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن نرم خو اور ملائم ہونے میں پالتو اونٹ کی مانند ہیں۔ کھینچو تو چلنے لگے اور اگر کسی چٹان پر سلایا جائے تو سو جائے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بغیر علم کے عبادت کرنے والا، کولہو کے بیل کی مانند ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اَلْمَرَضُ سَوْطُ اللهِ فِي الْاَرْضِ يُؤَدِّبُ بِهِ عِبَادَهٗ۔ بیماری روئے زمین پر اللہ تعالیٰ کا دُرّہ ہے، جس کے ذریعے وہ اپنے بندوں کی تادیب کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن دوسرے مومن کا آئینہ ہے اور اُس کا بھائی ہے جو اُس کے پیچھے پیچھے اُس کی نگہبانی کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن، مومن کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے جس کے ایک حصے سے دوسرے حصے کو مضبوطی ملتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن محبت کرنے والا ہوتا ہے، اُس میں کوئی بھلائی نہیں جو محبت کرنے والا، اور محبت کیئے جانے والا نہ ہو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن غیرت مند ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑا غیرت مند ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو مومن لوگوں کے ساتھ میل جول رکھتا ہے اور اُن کی طرف سے اذیت پر صبر کرتا ہے اُس مومن سے افضل ہے جو لوگوں سے میل بھی نہیں رکھتا اور نہ اُن کی اذیت پر صبر کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں کسی کو کسی پر تقویٰ کے علاوہ کوئی فوقیت حاصل نہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مصائب، بیماریاں اور دُکھ- دنیاوی جزا ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نیکی، جنت کے دروازوں میں ایک دروازہ ہے جو بری موت سے بچائے رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قرض میں تاخیر ایک طرح کا ظلم ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
زنا پر اصرار کرنے والا، بت پرست جیسا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مکر، دھوکہ، فریب اور خیانت-- جہنم میں ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
منافق کو اپنی آنکھوں پر پورا قابو حاصل ہوتا ہے جب چاہتا ہے روتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جب تک مردے پر نوحہ کیا جاتا ہے اُسے قبر میں عذاب ہوتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اِس اُمت کے پہلے والے، یقین اور زہد کی وجہ سے نجات پا گئے اور اُن کے آخر والے بخل اور آرزوؤں کی بنا پر ہلاک ہوں گے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسلمانوں کے راستے سے اذیت کے اسباب دور کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت کی قبور میں سے نصف ،نظر بد اور معدے کی بیماری کے سبب سے مرنیوالے ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ اُس شخص کی مدد کرے جو مجھ سے کوئی بات سنے تو دوسروں کو اُسی طرح پہنچائے جیسے سنا تھا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ضرورت سے پہلے ہدیہ کیا ہی اچھا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کا بہترین اسلحہ، صبر اور دعا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دو نعمتوں میں سے ہمیشہ اکثر لوگ فریب کھاتے ہیں یعنی تندرستی اور فرصت۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مسلمان کا گھر، اُس کیلئے بہترین عبادت گاہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بہترین ہدیہ، حکمت سے پر کلام کا ایک کلمہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سرکہ، کیا ہی اچھا سالن ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت کے دن قرآن اپنے قاری کے لیے کیا ہی اچھا شفاعت کرنے والا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مال، تقویٰ الٰہی پر قائم رہنے کیلئے کیا ہی اچھا مددگار ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آدمی کا اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنا، صدقہ ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
نَوْمُ الْعَالِمِ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَةِ الْعَابِدِ۔ عابد کے عبادت کرنے سے عالم کا سونا افضل ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
روزے دار کا سونا عبادت، اُس کا خاموش رہنا تسبیح اور اُس کا عمل دگنا قرار پاتا ہے۔ اُس کی دعا قبول ہوتی ہے اور گناہ معاف کئے جاتے ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
علم کے ساتھ سونا، جہالت کے ساتھ عبادت کرنے سے بہتر ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
لوگ، آدمؑ کی اولاد ہیں اور آدمؑ مٹی سے بنائے گئے تھے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
لوگوں کی دو اقسام ہیں: ایک عالم اور دوسری متعلم۔ اِن کے علاوہ کسی میں بھلائی نہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اپنی قوم سے شادی کرنیوالا ایسا ہے جو اپنے گھر سے چارہ لیتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مومن کی نیت، اُس کے عمل سے زیادہ نیک ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تمام لوگ اللہ تعالیٰ کے عیال ہیں۔ خدا تعالیٰ کے ہاں محبوب وہ ہے جو اُس کے عیال کو نفع پہنچائے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
لوگ اپنے زمانے کی مانند ہوتے ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اَلنِّسَاءِ حِبَالَةَ الشَّيْطَانِ۔ عورتیں، شیطان کا پھندہ ہیں۔

فرمان رسول خدا ﷺ
صبر کے ساتھ نصرت ہے، رنج وتکلیف کے ساتھ راحت وکشائش ہے اور ہر تکلیف کے بعد آسانی ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
ندامت توبہ ہے اور گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے کوئی گناہ نہ کیا ہو۔

فرمان رسول خدا ﷺ
سبزے کو طرف نظر کرنا، بصارت کو بڑھاتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
نظر کرنا، ابلیس کے زہریلے تیروں میں سے ایک تیر ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خوبصورت عورت کے چہرے اور سبزے کی طرف نظر کرنا، بینائی میں اضافے کا سبب ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
پاکیزگی، ایمان کا حصہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نوحہ گری کرنا، جاہلیت کے کاموں میں سے ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نیک نیتی، اپنے مالک کو جنت میں داخل کرتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کے دروازے پر سائل، خدا تعالیٰ کی طرف سے اُس کیلئے تحفہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مردوں نے جب سے عورتوں کی اطاعت شروع کی، ہلاکت میں پڑے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورتیں غلبہ پانی والی ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تحفہ، عقلمند کی آنکھیں بند کر دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تحفہ- کان، آنکھ اور دل کو بیکار کر دیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تحفہ- خدا تعالیٰ کے رزق میں سے ہے جسے بھی کچھ تحفہ ملے اُسے قبول کرنا چاہیے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
برے خیالات اگر عمل میں نہ آئین تو بخشے جایں گے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
غم و رنج - نصف بڑھاپا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
علم کو نااہلوں کے حوالے کرنیوالے کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی سونے چاندی اور جواہر کو سور کے گلے میں باندھے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا کی قسم! دنیا آخرت کی نسبت ایسی ہے جیسے تم میں سے کوئی انگلی کو دریا میں ڈبوئے۔تم دیکھو کہ یہ انگلی کیا لے کر واپس نکلے گی۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا کی قسم! میرے بعد تم کسی کو اپنے لئے میری طرح عادل نہیں پاؤ گے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
تم اپنے مہمان کے ساتھ کھانا کھاؤ کیونکہ مہمان اکیلے کھانا کھانے میں شرم محسوس کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
خدا تعالیٰ کی قسم! اگر تم صرف ایک شخص کو بھی ہدایت کرسکو تو یہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

فرمان رسول خدا ﷺ
اگر تم کسی بکری پر بھی رحم کرو تو خدا تم پر رحم کرے گا۔

فرمان رسول خدا ﷺ
مومن کا وعدہ، ایک واجب حق ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ کی محبت اُس کیلئے واجب ہے جسے غصہ آئے تو بردباری اختیار کرے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علماء کی سیاہی کو شہداء کے خون کے ساتھ وزن کیا گیا تو سیاہی کا پلہ بھاری رہا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن کی بیماری، گناہوں کا کفارہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جن سے علم حاصل کرتے ہو اور جو تم سے علم حاصل کرتے ہوں سب کی عزت وتوقیر کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کسی شخص کا بیٹا اُس کی کمائی میں شامل ہے، اُس کی نیک کمائی میں سے ہے پس اپنے اموال میں سے کھاؤ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
افسوس ہے عالم سے جاہل پر اور افسوس ہے جاہل سے عالم پر۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وائے ہو اُس پر جو لوگوں کو ہنسانے کیلئے جھوٹی باتیں کرے؛ وائے ہو اُس پر، وائے ہو اُس پر۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عورتوں کیلئے دو سرخ چیزوں سے خرابی ہے یعنی سونا اور خوبصورت لباس سے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میری اُمت کے علماءسو کیلئے بڑی خرابی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
علم حاصل نہ کرنے والے پر افسوس ہے اور اُس پر بھی افسوس ہے جو علم حاصل کر کے عمل نہیں کرتا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تنہائی، برے ہم نشین سے بہتر ہے اور اچھا ہم نشین، تنہائی سے بہتر ہے۔ اچھی بات کہنا خاموشی سے اچھا ہے اور خاموشی بری بات کہنے سے بہتر ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مشتبہ چیز کے بارے میں رک جانا، تقویٰ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دوستی اور دشمنی، وراثت میں ملتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پرہیز گاری، تمام اعمال کی سردار ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
غذا کھانے سے پہلے وضو کرنا فقر کو ختم کرتا ہے اور غذا کے بعد وضو کرنا وسواس کو ختم کرتا ہے اور بصارت کو درست رکھتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وضو، ایمان کا ایک حصہ ہے اور مسواک کرنا وضو کا ایک حصہ ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اولاد، میوۂ دل ہے جو بخل، خوف اور غم کا سبب ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اولاد، جنت کے پھول ہیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سخت تعجب ہے اُس شخص پر جو ہمیشہ باقی رہنے والے گھر کی تصدیق کرتے ہوئے فریب کے گھر کیلئے کوشش کرتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک زمانہ آئے گا جس میں اپنے دین پر باقی رہنے والے کی مثال ہاتھ میں انگارہ لینے والے کی سی ہوگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا جس میں مومن کو بکری سے بھی ذلیل تصور کیا جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قیامت کے دن لوگوں کو اُن کی نیکیوں کے مطابق اٹھایا جائے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم میں کوئی ایک ایسا بھی ہے جو اپنی آنکھ کا شہتیر نہیں دیکھتا اور دوسروں کی آنکھ کا تنکا دیکھ لیتا ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جھوٹی گواہی دینے والا قیامت کے دن اِس طرح محشور ہوگا کہ اُس کی زبان لٹک رہی ہوگی۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میت کے پیچھے پیچھے تین چیزیں چلتی ہیں ۔اُس کی اولاد، مال اور اعمال ۔قبر میں رکھنے کے بعد اولاد اور مال واپس ہو جاتے ہیں اور اعمال اُس کے پاس باقی رہتے ہیں ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جماعت پر اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ہوتا ہے ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نیک لوگ گروہ گروہ ہو کر چلے جاتے ہیں جو پہلے ہیں وہ پہلے جائیں گے یہاں تک کہ کھجور کی چھال کی طرح چھال باقی رہ جائے گی کہ خداوند عالم اِس کی پروا نہیں کرے گا۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن میں ہر صفت ہو سکتی ہے سوائے خیانت اور جھوٹ کے ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
گھوڑے کی برکت، اُس کے کمر کے رنگ میں ہے ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
خدا تعالیٰ اس کام کرنے والے کو دوست رکھتا ہے جو کام کرتا ہے تو نیک کام کرتا ہے ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ایک نیکی، اگر سو افراد کے ہاتھوں گردش کرے تو بھی ان کا آخری فرد، پہلے والے کی طرح جزا کا حقدار ہے ۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مومن میں آٹھ صفات ہونی چاہئیں: سخت حوادث کے موقع پر وقار و سنجیدگی، مصیبتوں پر صبر، کشائش پر شکر، اللہ تعالیٰ کے دیئیے ہوئے رزق پر قناعت، دشمنوں پر بھی ظلم نہ کرے، اور نہ تو دوستوں پر بوجھ بنے، اُس کا جسم تکلیف میں ہوتا ہے اور لوگوں کو اُس سے راحت ملتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فرزند آدم بوڑھا ہوتا جاتا ہے اور اُس کے ساتھ دو چیزیں باقی رہتی ہیں: جوان حرص اور لمبی اُمیدیں۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دینے والا ہاتھ، لینے والے ہاتھ سے اچھا ہے اور صدقہ کی ابتدا اپنے اہل و عیال سے کرو۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جھوٹی قسم، مال و متاع کو تلف کرتی ہے اور آمدنی کو زائل کرتی ہے۔

فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قسم۔قسم کھانے والے کی نیت سے مربوط ہے۔

۞۞۞۞۞

تمّت بالخیر

۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞

اِلتَماسِ دُعابَرائے فَاتِحَہ